رفع افلاس، بے روزگاری، رزق، ملازمت، ترقی دولت پر

لاجواب کتاب

کشائش رزق کے مجرب

عملیات و تعویذات

مصنف

روحانی وجسمانی معالج

حکیم حافظ عبدالرؤف

ماہر عملیات و تعویذات

ناشر

مکتبہ بلال

توحید پارک نزد گول مسجد امامیہ کالونی شاہدرہ لاہور

0300-4347214,0345-4190427

فہرست

باب:۶

باب:۷

باب:۸

انتساب

میں اپنی اس حقیر کاوش کو اپنے والدِ مکرم

حضرت مولانا حکیم حافظ

قاری محمد بلال صاحب رحمۃ اللہ علیہ

(بانی و مہتمم مدرسہ دار العلوم شفیعیہ لاہور)

اور والدہ محترمہ کے نام منسوب کرتا ہوں

جن کی دعاؤں اور توجہ سے میں یہ خدمت

سرانجام دینے کے قابل ہوا۔

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

پیش لفظ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تمام تعریف اس اللہ کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے، جس کی رحمت ہر چیز کو وسیع ہے اور بے حساب درود وسلام ہو سید المرسلین حضرت محمد ﷺ پر جو تمام جہانوں کیلئے رحمت بنا کر بھیجے گئے۔ اور بے شمار رحمتیں نازل ہوں آپ ﷺ کی آل اور اصحاب اور تمام مسلمانوں پر۔

آج کل اکثر مسلمان بھائیوں کو تنگی، غربت اور قرضداری کی شکایت ہے اور روزی کی فکر میں پریشان ہیں، جھوٹ وحرام سے کمانے والے تو آج آرام سے باعزت زندگی گزار رہے ہیں۔ لیکن سچائی اور حلال طریقے سے کمانے والے تنگی میں رہتے ہیں جس سے بعض وقت اُن کو یہ الجھن اور حیرانی ہوتی ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے ہر جاندار کے رزق کے ذمہ داری لے رکھی ہے تو پھر یہ تنگی کیوں؟ اگر چہ رزق کا مسئلہ نازک ہے پھر بھی اس کتاب میں حتی الامکان اس کو سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔

دورِ حاضر میں کم علم مسلمانوں کو کیمونسٹ خوب بہکاتے ہیں کہ اسلام پر عمل کرنے سے (نعوذ باللہ) کوئی فائدہ نہیں، مذہب پیٹ کا مسئلہ حل نہیں کر سکتا۔ لیکن یہ سراسر دھوکہ اور جہالت ہے۔ لوگ سمجھتے ہیں کہ پیٹ کا مسئلہ موت تک محدود ہے مگر مخبر صادق ﷺ نے تو مرنے کے بعد بھی پیٹ کا مسئلہ باقی رہنے کی خبر دی ہے اور اس کا علاج بھی بتلایا ہے

جس کا خلاصہ یہ ہے کہ جو شخص دُنیا میں نیک اعمال کے ساتھ زندگی گزارے گا وہ آخرت میں جنت کی نعمتوں سے خوب پیٹ بھرے گا۔ جو انسان کے گمان کے باہر ہے، اور جو کوئی نیک اعمال سے خالی ہاتھ یہاں سے جائے گا وہ وہاں محتاج ہوگا۔ اور اس کے کھانے کیلئے زقوم (کانٹے دار درخت) اور پینے کیلئے خوب پیپ اور حمیم (کھولتا ہوا پانی) نصیب ہوگا۔

احقر نے اس کتاب میں رزق کے سلسلہ میں قرآن اور احادیث سے ماخوذ چالیس دعائیں بھی شامل کردی ہیں جو "المائدہ" کے نام سے موسوم ہیں جس پر عمل کر کے ان شاء اللہ تعلق خداندی میں بھی زیادتی ہوگی اور روزی میں بھی برکت حاصل ہوگی۔ اللہ تعالیٰ احقر کی اس سعی کو قبول فرمائے اور مسلمانوں کیلئے نافع بنائے۔ آمین۔

روحانی وجسمانی معالج

حکیم حافظ عبدالرؤف

صاحبزادہ حضرت مولانا حکیم حافظ قاری محمد بلال صاحب رحمۃ اللہ علیہ

0300-4347214,0345-4190427

باب نمبر ۱

دعا کی فضیلت
و
قبولیت دعا کا مطلب

دعا کی فضیلت

جن چیزوں کی انسان کو ضرورت ہوتی ہے خواہ وہ دنیوی ضرورت ہو یا دینی اور خواہ انسانی وسعت میں ہو یا وسعت سے باہر ہو، ہر ایک کو اللہ سے مانگا جائے۔ اس طور پر کہ تدبیر کے کاموں میں تو کچھ تدبیر اور کچھ دعا ہو اور جو کام تدبیر سے باہر ہیں ان میں صرف دُعا ہی پر اکتفا کی جائے اور جس وقت جو حاجت پیش آئے فوراً دل یا زبان سے مانگنا شروع کر دے۔

حضرت سرور عالم رحمت مجسم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ:

(۱) اللہ تعالیٰ بڑے مہربان اور بڑے عزت والے ہیں، اس سے شرماتے ہیں کہ بندہ ان کے آگے ہاتھ پھیلائے اور وہ اسے خالی واپس کر دیں۔ (جمع الفوائد)

(۲) جو شخص اللہ تعالیٰ سے کچھ حاجت نہیں مانگتا تو اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوتے ہیں۔ (ایضاً)

(۳) جس شخص کے لئے دعا کرنے کے دروازے کھول دیئے گئے (یعنی خدا سے مانگنے کا شوق جس کو ہو گیا) اس کے لئے گویا رحمت کے دروازے کھول دئے گئے۔ (ایضاً)

(۴) تم اللہ تعالیٰ سے کوئی (جائز) دعا مانگو تو (دل میں) اس کی مقبولیت کا یقین کامل بھی رکھو۔

(۵) اللہ تعالیٰ اس شخص کی دعا قبول نہیں کرتے جس کا دل خدا سے غافل اور دوسری طرف لگا ہو۔

(۶) دُعا ہی اصل میں عبادت دوسری جگہ فرمایا: دُعا ہی تو عبادت کی رُوح اور مغز ہے۔

(۷) دُعا ہی ایسی چیز ہے جو خدا کے سخت فیصلوں کو بدل دیتی ہے اور ٹال سکتی ہے۔

(۸) دُعا ہی آڑے آسکتی ہے ایسی بلا کے مقابلہ میں بھی جو آچکی ہو اور ایسی بلا کے مقابلہ

میں بھی جوابھی نہیں آئی۔ (جمع الفوائد)

(۹) بندہ کہتا ہے کہ میں نے دُعامانگی اور قبول نہیں ہوئی۔ حالانکہ اس کا کھانا پینا حرام، اس کا لباس، اس کی کمائی حرام، پھراس کی دعا قبول ہوتو کیونکر ہو۔

(۱۰) دعا میں ہاتھ کندھے کے برابر اٹھائے (یعنی کندے سے اونچا اور سینے سے نیچا نہ کرے) اور دعا میں انتہائی عاجزی یہ ہے کہ اپنے ہاتھ پورے پھیلادو۔

(جمع الفوائد)

خلاصہ یہ ہے کہ کوئی بھی دعا رد نہیں ہوتی۔ یہ خیال ہرگز نہ آنا چاہیے کہ حقیر اور معمولی چیز ایسی عظیم و برتر ذات سے کیسے مانگی جائے کیونکہ اس کے نزدیک بڑے سے بڑی چیز بھی معمولی ہے۔

قبولیت دعا کا مطلب

وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ رَضِیَ اللّٰهُ تَعَالٰی عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَابَیْنَ مُسْلِمٍ یَدْعُوْا للّٰهَ بِدَعْوَةٍ لَیْسَ فِیْهَا ثُمَّ مَاوَّلَا قَطِیْعَةُ رَحِمٍ اِلَّا اَعْطَاهُ اِحْدٰی ثَلٰثٍ اِمَّا اَنْ یَّسْتَجِیْبَ لَهٗ دَعْوَتَهٗ اَوْ یَصْرِفَ عَنْهُ مِنَ السُّوْٓءِ مِثْلَهَا اَوْ یُدَخِّرَ لَهٗ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلَهَا قَالُوْا یَارَسُوْلَ اللّٰهِ اِذًا نُّکْثِرَ قَالَ اللّٰهُ اَکْثَرُ

(اخرجہ الحاکم فی المستدرک وقال صحیح الاسناد واقرہ الذھبی وعزاہ فی المشکوٰۃ الی احمد رحمہم اللہ تعالیٰ)

ترجمہ: حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو بھی مسلمان اللہ تعالیٰ سے کوئی ایسی دعا کرتا ہے جس میں گناہ اور قطع رحمی کا سوال نہ ہو تو اللہ تعالیٰ اس کو تین چیزوں میں سے ایک چیز ضرور عطا فرما دیتے ہیں، (1) یا تو اس کی وہ دعا قبول فرما لیتے ہیں (اور جو کچھ اس نے طلب کیا وہ اس کو یہیں اس دنیا میں مل جاتا ہے اور قبولیت کا نتیجہ سامنے آجاتا ہے۔) (2) یا دعا کرنے والے کو اس کی

مطلوبہ شئے کی برابر (اس طرح عطیہ عنایت فرمادیتے ہیں کہ اس جیسی آنے والی مصیبت کو ٹال دیتے ہیں۔) (3) یا اس دعا کے بعد اس کا اجر (آخرت کا) ذخیرہ بنا کر رکھ لیتے ہیں (جو وہاں آخرت میں مل جائے گا) یہ سن کر حضرات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین نے عرض کیا کہ اس صورت میں تو ہم بہت زیادہ (کمائی) کرلیں گے۔ آنحضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے (اس کے جواب میں) فرمایا کہ اللہ تعالیٰ (کی عطاء اور بخشش اس سے) بہت زیادہ ہے (جس قدر تم دعا کرو گے)۔ (مستدرک حاکم ۴۹۳، ج ۱، مشکوٰۃ المصابیح ۱۹۲ از مسند احمد)

تشریح:

اس حدیث مبارک میں بتایا ہے کہ اللہ جل شانہ ہر مسلمان کی دعا قبول فرماتے ہیں بشرطیکہ کسی گناہ کی دعا نہ کرے۔ یعنی یہ سوال نہ کرے...... کہ گناہ کا فلاں کام کرنے میں کامیاب ہو جاؤں اور قطع رحمی کی بھی دعا نہ کرے، اپنے عزیز واقارب سے اچھے تعلقات رکھنے اور حسن سلوک سے پیش آنے کو صلہ رحمی کہتے ہیں اور اس کے برخلاف عزیز واقربا سے تعلقات بگاڑنے اور بدسلوکی سے پیش آنے کو قطع رحمی کہتے ہیں، قطع رحمی بھی گناہوں میں سے ایک گناہ ہے لیکن اس کو خصوصیت کے ساتھ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر فرمایا تاکہ اس کی شناعت اور قباحت خوب اچھی طرح ظاہر ہو جائے ایک حدیث میں ارشاد ہے کہ قطع رحمی کرنے والا جنت میں داخل نہ ہوگا (بخاری) چونکہ قطع رحمی اللہ جل شانہ کے نزدیک بہت ہی بری چیز ہے اس لئے قبولیت کی شرط میں یہ فرمانا کہ قطع رحمی کی دعا نہ کی ہو اور اس کے علاوہ اور بھی کسی گناہ کا سوال نہ کیا ہو تب دعا قبول ہوتی ہے۔

پھر دعا قبول ہونے کا مطلب بتایا کہ قبول ہونے کے لئے یہ ضروری نہیں کہ جو مانگا وہی مل جائے بلکہ کبھی تو منہ مانگی مراد پوری ہو جاتی ہے اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ منہ مانگی مراد پوری نہ ہوئی بلکہ اس پر جو کوئی مصیبت آنے والی تھی وہ ٹل گئی۔ اللہ جل شانہ سے سو روپے کا سوال

کیا، سو روپے بظاہر نہ ملے لیکن اپنے کسی بچہ کو شدید مرض لاحق ہونے والا تھا وہ رک گیا اس کے علاج میں سو روپے خرچ ہو جاتے وہ خرچ نہ ہوئے سو روپے بچ گئے اور بچہ مرض سے محفوظ ہو گیا، بعض مرتبہ سو روپے کا سوال کرنے کی وجہ سے ہزاروں روپے خرچ ہونے والی مصیبت ٹل جاتی ہے اور یہ بھی ہوتا ہے کہ مثلاً سو روپے کا سوال کیا مگر بظاہر رُوپے نہ ملے لیکن کسی طرح سے اور کوئی حلال مال مل گیا جس کی قیمت سو روپے سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔

قبولیت دعا کی تیسری صورت حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمائی کہ دنیا میں اس کا اثر ظاہر نہیں ہوتا نہ منہ مانگی مراد ملے نہ اس کی وجہ سے کوئی آنے والی مصیبت ٹلے لیکن اس دعا کو اللہ جل شانہ آخرت میں ثواب کے لئے محفوظ فرما لیتے ہیں، جب قیامت کے دن اعمال صالحہ کے بدلے ملنے لگیں گے تو جن دعاؤں کا اثر دنیا میں ظاہر نہ ہوا تھا ان دعاؤں کے عوض بڑے بڑے انعامات ملیں گے، اس وقت بندہ کی تمنا ہوگی کہ کاش میری کسی دعا کا اثر دنیا میں ظاہر نہ ہوتا تو اچھا تھا، آج سب کے بدلے بڑے بڑے انعامات سے نوازا جاتا۔

دعا کو آخرت کے لئے ذخیرہ بنا کر رکھ لینا درحقیقت اللہ جل شانہٗ کی بہت بڑی مہربانی ہے، فانی دنیا دکھ سکھ کے ساتھ کسی طرح گزر ہی جائے گی اور آخرت باقی رہنے والی ہے اور وہاں جو کچھ ملے گا بے انتہاء ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کی حکمتوں کو بندے سمجھتے نہیں اور اس کی رحمتوں کی وسعتوں کو جانتے نہیں، دعا کے منافع دنیا و آخرت میں بے شمار ہیں جو لوگ دعاؤں میں لگے رہتے ہیں ان پر اللہ کی بڑی رحمتیں ہوتی ہیں۔ برکتوں کا نزول ہوتا ہے دل میں سکون اور اطمینان رہتا ہے، ان پر اول تو مصیبتیں آتی ہی نہیں اگر آتی ہیں تو معمولی ہوتی ہیں، پھر وہ جلدی چلی جاتی ہیں۔ دعا والے دونوں جہاں میں کامیاب اور بامراد ہوتے ہیں۔ جب قبولیت دعا کا مطلب معلوم ہو گیا تو یہ کہنا کسی طرح درست نہیں کہ میری دعا قبول نہیں ہوتی، قبولیت ہوتی ہے مگر قبولیت کی کونسی صورت دعا کرنے والے کے لئے حکمت کے موافق ہے اس کو اللہ جل شانہٗ ہی جانتے ہیں بندہ کا کام تو مانگنے کا ہے، بس مانگے جا، اور دنیا و آخرت میں مراد لیتا رہ۔

باب نمبر 2

رزق کی تلاش

رزق کی تلاش

تمام تعریف اللہ رب العزت کیلئے اور درود وسلام تمام نبیوں کے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل واصحاب پر۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا کہ: اور میں نے جن اور انسان کو اسی وسطے پیدا کیا کہ میری عبادت کریں، میں ان سے (مخلوق کی) روزی رسانی کی درخواست نہیں کرتا اور نہ یہ درخواست کرتا ہوں کہ وہ مجھ کو کھلایا کریں۔ اللہ خود ہی سب کو رزق پہنچانے والا، قوت والا نہایت قوت والا ہے۔ (سورۃ الذاریات)

نیز فرمایا: اور کوئی (رزق کھانے والا) روئے زمین پر چلنے والا ایسا نہیں کہ اس کی روزی اللہ تعالیٰ کے ذمہ نہ ہو۔ (سورۂ ھود)

نیز فرمایا: ہم نے زمین پر کئی چیزوں کو اس زمین کیلئے باعث رونق بنایا تا کہ ہم لوگوں کی آزمائش کریں کہ ان میں زیادہ اچھا عمل کون کرتا ہے۔ (سورۂ کہف)

حضرت کعب بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے سنا کہ، ہر قوم اور ہر امت کیلئے ایک فتنہ ہے (یعنی ہر قوم خدا کی طرف سے کسی چیز کے فتنہ میں ڈال کر آزمائی جاتی ہے) اور میری اُمت کا فتنہ (یعنی خدا کی آزمائش) مال ہے۔

تشریح:

یعنی خداوند تعالیٰ میری امت کو مال اسی لیے دیتے ہیں کہ امتحان کریں بندوں کا کہ مال داری میں دین پر قائم رہتے ہیں یا نہیں۔ (مظاہر حق)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ارشاد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے: جو شخص جائز طور پر دنیا حاصل کرے، سوال کی ذلت سے بچنے کیلئے اور اہل

وعیال پر خرچ کرنے کیلئے، اور ہمسایہ کے ساتھ احسان کرنے کی نیت سے، تو قیامت کے دن وہ اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا کہ اس کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی مانند چمکتا ہوگا، اور جو شخص جائز طور پر دُنیا حاصل کرے اس نیت سے کہ مال زیادہ کرے اور اظہارِ فخر کرے اور لوگوں کو دکھادے تو وہ اللہ تعالیٰ سے اس حالت میں ملے گا کہ حق تعالیٰ اس پر غضبناک ہوں گے۔

تشریح:

جب مال زیادہ کرنے کیلئے اور فخر کرنے کیلئے اور لوگوں کو دکھانے کے لیے حلال طور پر کمانے والے کا حشر ہوگا تو پھر حرام پر کمانے والے کا کیا حشر ہوگا۔ نبی کریم ﷺ نے اسی وجہ سے حرام کمانے والے کا تذکرہ نہیں فرمایا کہ یہ شیوہ اہلِ اسلام کا نہیں (مظاہر حق)

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگلے زمانے میں مال کو بُرا سمجھا جاتا تھا، لیکن آج کل مال مومن کی ڈھال ہے اگر یہ دینار ہمارے پاس نہ ہوتے تو یہ بادشاہ اور حکّام ہم کو اپنا رومال بنا ڈالتے یعنی ذلیل وخوار بنا دیتے۔

نیز فرمایا کہ جس شخص کے پاس کچھ مال ہو اس کو چاہیے کہ مال کی اصلاح کرے (یعنی اس کو بڑھانے کی تدبیریں کرے۔ اور ضائع ہونے سے بچائے) اس لیے کہ ہمارا یہ زمانہ ایسا زمانہ ہے کہ اگر اسم میں کوئی محتاج ہوگا تو وہی سب سے پہلا شخص ہوگا، جو اپنے دین کو دنیا کے عوض فروخت کرے گا۔ نیز فرمایا کہ حلال مال فضول خرچی میں ضائع نہیں ہوتا۔

اقتصادی ترقی کیلئے آج لوگ اقتصادیات کے علم سے بہت فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ اقتصادیات نصف سائنس کا حصہ ہے۔ (مثلاً ذخیرہ اندوزی اور طلب معاش کے اصولوں کا جاننا وغیرہ) اور آدھا فن کا حصہ ہے اور فن کیلئے ہوشیاری کی ضرورت ہوتی ہے لیکن تقدیر کے آگے بعض اوقات ہوشیاری (تدبیر) ناکام ہو جاتی ہے کیونکہ اگر اقتصادی ترقی محنت

اور عقل سے حاصل ہوتی تو مزدور اپنی محنت سے اور عقلمند اور ہوشیار لوگ اپنی عقل وہوشیاری سے دوسروں سے زیادہ مالدار ہوتے، رزق حاصل کرنے کے سلسلے میں ایمان والوں کو شریعت کے قانون کے مطابق عمل کرنا چاہیے جس کو شریعت میں معاملات (لین دین کے طریقے) کہا جاتا ہے۔ معاملات کا علم جاننا ضروری ہے۔ اس سلسلہ میں بہشتی زیور کا پانچواں حصہ اور صفائی معاملات کو پڑھنا اور سمجھنا چاہیے۔

علم الاقتصادیات میں سود پر دارومدار رکھا گیا ہے، اقتصادی ترقی کیلئے سود کو بہت اہمیت دی گئی ہے۔ حالانکہ شریعت میں سود کو حرام قرار دیا گیا ہے۔ اسلام لوگوں کو غریب بنانے کیلئے نہیں آیا ہے بلکہ اس کے اصول کے مطابق عمل کرنے سے بہت سے لوگ غنی اور تونگر ہو گئے ہیں۔ سود لینے سے اگرچہ بظاہر مال میں زیادتی ہوتی ہے۔ اور زکوٰۃ دینے سے معلوم ہوتا ہے کہ مال میں کمی ہوئی لیکن ایمان والوں کا تجربہ ہے کہ سود سے مال میں برکت ختم ہوجاتی ہے اور آخر میں قرضداری تک نوبت پہنچ جاتی ہے اور زکوٰۃ دینے والوں کے مال میں ہمیشہ برکت ہوتی ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نقصان سے محفوظ رکھتے ہیں۔

حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ، حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فقیہ ابواللیث سمرقندیؒ اپنے زمانہ میں کامل بزرگی کے ساتھ ساتھ مشہور تونگروں میں شمار ہوتے تھے۔

لوگ جھوٹ، دھوکہ اور فریب سے جلد کما کر اپنے آپ کو کامیاب سمجھتے ہیں لیکن یہ قلیل معیار کی حکمت عملی جس میں ساکھ اور عزت پائیدار نہیں ہوتی وہ پسندیدہ نہیں سمجھی جاتی ہے۔ شریعت نے اقتصادی ترقی کے لئے طویل معیار کی حکمتِ عملی کو پسند کیا ہے جس کے ساتھ ساکھ اور عزت قائم رہتی ہے۔

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ رزق بندہ کو اسی طرح ڈھونڈتا ہے جس طرح اس کی موت اس کو ڈھونڈتی ہے۔

تشریح:

یعنی جس طرح موت یقینی ہے اور بدون تلاش اپنے وقت پر آجاتی ہے اسی طرح رزق بھی یقینی ہے اپنے وقت پر خدا کی طرف سے بندہ کو ڈھونڈھ لیتا ہے بلکہ رزق اپنی رفتار میں موت سے بھی زیادہ تیز ہے۔ کیونکہ موت نہیں آتی جب تک بندہ اپنا رزق تمام کا تمام نہیں کھالیتا۔ پس رزق کیلئے اللہ تعالیٰ پر پورا اعتماد کرنا چاہیے۔ مضطرب اور پریشان نہیں ہونا چاہیے۔ متوسط درجہ میں تدابیر اختیار کرنا کافی ہے۔ تدابیر اختیار کرنے سے عبدیت کا اظہار ہوتا ہے۔ مگر اس طلب میں اجمال ہو، کاوش و اضطراب نہ ہو۔

کاروبار کو بابرکت بلکہ عبادت بنایئے

① گھر سے نکلتے وقت پڑھئے:

بِسْمِ اللهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللهِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ (نکلتا ہوں) میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، نہیں گناہ سے بچنے کی طاقت نہ نیکی کرنے کی طاقت مگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو عالیشان اور عظمت والا ہے۔

② سورۃ یٰسٓ یاد ہو تو جانے سے پہلے یا راستے میں پڑھ لیجئے ورنہ راستے میں کوئی سا بھی درود شریف پڑھتے رہیئے۔ ایک چھوٹا سا پیارا سا بہت اعلیٰ درود شریف یہ بھی ہے۔ صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ۔ **ترجمہ:** اللہ تعالیٰ کی خصوصی رحمتیں ہوں نبی امی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر۔

③ بازار میں داخل ہو کر یہ دعا پڑھے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے ملک ہے اور اسی کیلئے حمد ہے، وہی زندہ کرتا ہے وہی موت دیتا ہے، وہ خود زندہ ہے اسے موت نہ آئے گی، اسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ حدیث پاک میں آتا ہے کہ جو شخص بازار میں یہ دعا پڑھے اللہ تعالیٰ دس لاکھ گناہ معاف کردیتے ہیں، دس لاکھ نیکیاں عطا کرتے ہیں، دس لاکھ درجے بلند کرتے ہیں اور جنت میں گھر بنا دیتے ہیں۔ پھر یہ دعا پڑھئے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَخَیْرَ مَافِیْهَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ هَا وَمِنْ شَرِّ مَا فِیْهَا .اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ . اُصِیْبَ فِیْهَا یَمِیْنًا فَاجِرَةً اَوْ صَفْقَةً خَاسِرَةً

ترجمہ: میں اللہ کا نام لے کر داخل ہوا۔ اے اللہ میں تجھ سے اس بازار کی اور جو کچھ بازار میں ہے اس کی خیر طلب کرتا ہوں۔ اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس بازار کے شر سے اور جو کچھ اس بازار میں ہے اس کے شر سے۔ اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ یہاں جھوٹی قسم کھاؤں یا معاملے میں نقصان اٹھاؤں۔

④ بسم اللہ پڑھ کر دکان/دفتر کھولئے اور خیر و برکت کیلئے اپنی زبان سے دعائیں مانگئے یا یہ دعائیں کیجئے۔

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهَا۔ **ترجمہ**: اے اللہ ہمارے لئے اس میں برکت ڈال دیجئے۔ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰی نَفْسِیْ وَاَهْلِیْ وَمَالِیْ۔ اللہ کا نام لے کر (ابتدا کرتا ہوں) اپنی جان، اہل اور مال کے بارے میں۔

⑤ یہ دعا مستقل پڑھنے کا معمول بنائیے اور اس میں پہلے حسنة کے لفظ پر دنیا میں اللہ تعالیٰ کی رضا والی چیزوں اور دوسرے حسنة پر آخرت میں رضائے الٰہی والی چیزوں کی نیت کیا کیجئے۔

رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

⑥ کاروباری جگہ پر بیٹھنے کی کیفیت: اللہ تعالیٰ پر مکمل یقین رکھیں کہ وہ جس کو چاہتے ہیں جتنا چاہتے ہیں رزق دیتے ہیں، کوئی شخص ناجائز طریقہ اختیار کر کے اللہ کے خزانے سے زائد مال نہیں لے سکتا اور اگر اللہ کسی کو کچھ دینا چاہیں تو تمام جن وانس مل کر روک نہیں سکتے۔☆ زبان پر ذکر اور دل میں شکر رہے، غریب معذور لوگوں کے حالات سامنے رہیں جس سے دل شکر گزار رہے۔☆ اس عارضی زندگی کا مقصد سامنے رکھیں کہ یہاں اچھے اعمال کرنے ہیں اور آخرت کی تیاری کرنی ہے۔☆ کاروبار کو عبادت سمجھ کر کریں تاکہ کل کو انبیاء، صدیقین اور شہداء کے ساتھ حشر ہو۔☆ دل مسجد میں اٹکا رہے کہ کب میرا محبوب اللہ مجھے بلائے اور میں حاضری دوں۔☆ گاہکوں کو اپنے سے افضل سمجھتے ہوئے ان کی خیرخواہی کریں اور مکمل خلوص کے ساتھ ان سے پیش آئیں۔☆ گاہک کو صحیح مشورہ دیں خواہ اس مشورے کے نتیجے میں کسی دوسرے کا سامان بکتا ہو اور اپنا نہ بکے۔☆ کاروباری بات بالکل کھل کر کریں یعنی بغیر اس خوف کے کہ گاہک خریدے بغیر نہ چلا جائے، چیز میں کوئی خامی یا کمی ہو تو واضح طور پر بتائیں۔☆ کوئی گاہک خریدی ہوئی چیز واپس لائے تو خندہ پیشانی سے اپنا بھائی سمجھتے ہوئے حتی الامکان جو بہتر کر سکتے ہوں اس کیلئے کریں۔☆ لمبے پروگرام اور دور دور کی سوچیں دین کے بارے میں ہونی چاہییں نہ کہ دنیا کی۔☆ گاہک کوئی ایسی چیز مانگے جو نہیں ہے تو جس دکان پر ہے اس دکان کا گاہک سمجھ کر وہاں بھیج دیں۔☆ رزق کی برکت کیلئے چاشت کی نماز کا ضرور اہتمام کریں۔☆ جب نماز کا ٹائم ہو جائے تو اپنی دکان اور گاہکوں سے بیگانہ بن جائیں اور سب کچھ چھوڑ کر جس کی بڑائی بیان کی گئی ہے اس کی طرف چل پڑیں۔

☆ پورے عملے کو نماز کا پابند بنائیں اور سب کو لے کر مسجد میں جائیں اور پھر دیکھیں کیسے دنیا اور آخرت کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوتی ہیں۔☆ اگر بہت ہی زیادہ مجبوری ہو تو مختلف اوقات والی مساجد میں باری باری جا کر تمام لوگ جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں۔☆ اگر اس وجہ سے جماعت کی نماز چھوڑ دی کہ زیادہ گاہک آگئے یا کاروباری مصروفیت زیادہ ہوگئی تو سوچ لیجئے کہ کیا اللہ تعالیٰ کی طرف سے زیادہ کاروبار ملنے کا شکر یہی ہے کہ انسان زیادہ عبادت کرنے کی بجائے جماعت کی نماز ہی چھوڑ دے۔☆ اپنے لئے اور اپنے اہل وعیال کیلئے سو فیصد حلال رزق کمانے کی کوشش کریں، اگر حرام کے بغیر کمائی ممکن نہ ہو تو اس جگہ یا اس کاروبار کو ترک کر دیں۔☆ ایسی چیز کا کاروبار نہ کریں جو ایمان والوں کو نقصان دینے والی ہو۔☆ کسی بھی طرح کا جھوٹ اور دھوکہ ہرگز ہرگز اختیار نہ کریں۔☆ اپنے اردگرد کے دکانداروں کے خیر خواہ بن کر رہیں اور ان کیلئے بھی رزق کی برکتوں کی دعائیں کریں، ایسا کرنے سے فرشتے یہی دعا آپ کیلئے کریں گے۔☆ امیر کبیر گاہک بھی آجائے تو اس کی امارت کی وجہ سے اسے لوٹنے کی کوشش نہ کریں۔☆ ملازمین کے ساتھ بہت اچھے اخلاق سے پیش آئیں، ان کی ضروریات کا خیال رکھیں اور ان کے ساتھ مل کر دکان یا دفتر میں تعلیم کا حلقہ لگائیں۔☆ زکوٰۃ کا اہتمام اور خوب صدقہ و خیرات کیا کریں۔

⑦ دکان/ دفتر بند کرتے وقت دعا: آیت الکرسی اور

بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

ترجمہ اللہ کے نام کے ساتھ (نکلتا ہوں) میں نے اللہ پر بھروسہ کیا، نہیں گناہ سے بچنے کی طاقت نہ نیکی کرنے کی طاقت مگر اللہ تعالیٰ کے ساتھ جو عالیشان اور عظمت والا ہے۔

⑧ واپسی پر استغفار کرتے ہوئے آئیں، اور گھر میں داخل ہوتے وقت یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللهِ خَرَجْنَا وَعَلَى اللهِ رَبِّنَا تَوَكَّلْنَا

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ ہم داخل ہوتے ہیں اور اللہ کے نام کے ساتھ ہی ہم باہر نکلتے ہیں اور اللہ پر ہی جو ہمارا پروردگار ہے، ہم نے بھروسہ کیا،

⑨ تقویٰ اور کثرت استغفار پر ایسی جگہ سے رزق کے وعدے فرمائے گئے ہیں جہاں سے انسان تصور بھی نہیں کرسکتا اور تقویٰ کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کی منع کی ہوئی باتوں اور کاموں کو چھوڑ دینا لہٰذا اپنی روزمرہ کی زندگی میں سے تمام منع کئے ہوئے کام چھوڑنے کی کوشش کیجئے۔ یہ سب سے قیمتی بات ہے۔

باب نمبر 3

رزق میں برکت وترقی کے اسباب

روزی میں برکت وترقی کے اسباب

''نافع الخلائق'' میں ہے کہ ایک روز ایک اعرابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا اور فقر و فاقہ سے رویا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر فریضہ کے بعد دس بار اِنَّآ اَنۡزَلۡنَا پڑھا کر اور جمعہ کے دن ناخن کٹوایا کر۔ اعرابی نے ایسا ہی کیا مالدار ہو گیا۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل فرماتے ہیں کہ دس چیزوں سے روزی میں برکت ہوتی ہے۔

(۱) ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنا (۲) عقیق کی انگوٹھی پہننا (۳) جمعرات کے دن ناخن کٹوانا (۴) کسی اندھے کا ہاتھ پکڑ کر راستہ بتایا (۵) کثرت سے اللہ تعالیٰ کا ذکر کرنا (۶) پاؤں میں جوتے پہننا (۷) مسجد میں جھاڑو دینا (۸) پیشہ اور تجارت ایمانداری سے کرنا (۹) حلال طریقے سے کھیتی کرنا (۱۰) حج کرنا۔

پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی چار چیزوں کو لازم پکڑے تو وہ اور اس کے اہل و عیال محتاج نہ ہوں گے۔ (۱) صبح سویرے اٹھنا۔ (۲) نماز کا وقت آنے سے پہلے ہی وضو کرنا (۳) وتر کی نماز کے بعد دنیا کی باتیں نہ کرنا (۴) اذان سے پہلے مسجد میں آنا۔

ایک روایت میں کہ جو کوئی فجر کی دو سنتیں گھر میں ادا کر کے مسجد میں آیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ فرما دیتا ہے۔

حدیث شریف میں ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بیت سے فرمایا کہ یہ چیزیں غنی کرتی ہیں۔

(۱) ایک دوسرے سے ملنا جلنا (۲) راہِ خدا میں جہاد کرنا (۳) صبح کی نماز کے بعد نہ سونا (۴) دُنیا کے مقابلہ میں آخرت کو اختیار کرنا (۵) صبح اور رات کو مسجد میں ہونا (یعنی فجر اور عشاء کی جماعت کی پابندی کرنا) (۶) گھر والوں کو نماز پڑھنے کیلئے کہتے رہنا۔ (۷)

خود بھی عبادت خداوندی میں مشغول ہونا۔(۸) جمعرات اور جمعہ کی راتوں میں دعاؤں میں زیادتی کرنا(۹) امانت ادا کرنا(۱۰) روزی کی طلب میں صبر کرنا اور جلد بازی نہ کرنا(۱۱) اللہ تعالیٰ پر بھروسہ رکھنا جیسا کہ اس کا حق ہے(۱۲) تقویٰ اختیار کرنا(۱۳) گھر کے دروازہ کے پاس دُعا کرنا(۱۴) صبح سویرے اٹھنا(۱۵) خیر خیرات زیادہ کرنا(۱۶) مہمان کی عزت کرنا(۱۷) قرآن مجید کی تعظیم کرنا۔(۱۸) شب برأت میں دُعا کی کثرت کرنا(۱۹) عاشورہ کے دن بال بچوں پر خرچ میں فراخی کرنا(۲۰) اہل وعیال کے ساتھ رحم دلی سے ملنا(۲۱) ماں باپ کے حق میں نیکی کرنا(۲۲) دل میں اللہ تعالیٰ کا خوف رکھنا۔ (۲۳) سخاوت کی عادت کرنا(۲۴) گناہ سے بچنا(۲۵) جھوٹ اور جھوٹی گواہ سے پرہیز کرنا(۲۶) ہر برائی سے بچنا خاص کر زنا سے(۲۷) اذان کا جواب دینا(۲۸) حق بات کہنا(۲۹) لالچ اور حرص کا چھوڑنا(۳۰) کھانے سے پہلے ہاتھ دھونا(۳۱) کھانے کے بعد اللہ کا شکر ادا کرنا(۳۲) عشاء کی نماز جماعت سے پڑھنا،(گھر میں سرکہ، رکھنا) یہ چیزیں غنی کرتی ہیں اور مالداری لاتی ہیں۔

نقل ہے کہ ایک عالم کو روزی کی تنگی پیش آئی انہوں نے ایک دوست کو خواب میں دیکھا اور اپنے حال کی شکایت کی دوست نے کہا کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تم نے قرآن مجید کی کوئی سورت یا کوئی آیت یاد کی تھی اور پھر اُسے بھلا دیا ہے عالم نے کہا یہ سچ ہے دوست اس پر غصہ ہوا اور کہا پھر سے یاد کرو۔ عالم نے ویسا ہی کیا، روزی کی تنگی جاتی رہی۔

''عمدۃ الاحکام'' وغیرہ میں لکھا ہے کہ فرمایا نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ جو شخص دستر خوان پر کھانے کے گرے ہوئے ریزے کھاتا ہے، وہ ہمیشہ فراخی رزق میں رہتا ہے۔ اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اگر تمہارا کوئی لقمہ گر جائے تو اس کو اٹھا لو اور جو کچھ اس پر لگ گیا ہے اس کو صاف کر کے کھا لو اور اسے شیطانوں کے واسطے نہ چھوڑو اس حدیث میں بتایا ہوا علاج تکبر کو بھی توڑتا ہے۔

اور بعض حدیثوں میں آیا ہے کہ جو شخص دستر خوان پر گری ہوئی چیز کھالیوے تو وہ جنت کی حوروں کا مہر ہو جائے گا۔اور حق تعالیٰ اس شخص کو اور اس کی اولاد کو جذام کوڑھ اور برص سے اور جنوں سے محفوظ رکھے گا۔ (یہ حدیث کنز العباد میں لکھی ہے) واللہ اعلم بالصواب۔

ایک روایت میں کہ کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد سُنت سمجھ کر ہاتھ دھونے والے کو ان شاء اللہ کبھی فاقہ نہیں ہوگا۔ بازار، دکان اور آفس میں آنکھوں کی حفاظت کرنے سے (غیر محرم پر نظر سے بچنے سے) روزی میں برکت ہوتی ہے۔

حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جو کوئی اپنے ہاتھ میں عقیق کی انگوٹھی پہنے رہے چور اور دوسری آفتوں سے سفر میں عافیت رہے گی۔

آپ کے گھر میں رحمتوں اور برکتوں کی بارش

اگر آپ رحمتوں اور برکتوں کو حاصل کرنا چاہتے ہیں تو درج ذیل باتوں کا اہتمام کریں۔

☆ گھر کے تمام مرد و خواتین اپنے جسم و لباس کی پاکی اور طہارت کا خوب اہتمام رکھیں، اس اہتمام کے ساتھ رات کو سوتے وقت وضو کا معمول بھی بنالیا جائے تو بلاشبہ نفع ہی نفع ہوگا۔

☆ اپنے گھر کو پاک صاف رکھنے کا اہتمام کریں، ناسمجھ اور چھوٹے بچوں کو مقررہ جگہ پر حوائج ضروریہ سے فارغ ہونے کا عادی بنایا جائے۔ بچہ اگر غیر مقرر جگہ پر غلاظت کردے تو اس جگہ کو فوراً اچھی طرح پاک صاف کرنا چاہیے۔ بچوں کے جسم اور لباس وغیرہ کی صفائی کا خاص خیال رکھا جائے۔

☆ گھروں کی سجاوٹ میں جانداروں کی تصاویر سے پرہیز کیا جائے۔ گانے بجانے

اور موسیقی وغیرہ اور تفریح کے لئے ناجائز آلات سے اپنے گھر کو پاک رکھیں کہ ان تمام باتوں سے تمام اہل خانہ رحمت خداوندی سے محروم ہو جاتے ہیں۔

☆ گھر میں قرآن کریم کی تلاوت ذکر واذکار اور دین کی باتوں کا بطور خاص اہتمام کیا جائے۔ قرآن کریم کی تلاوت سے گھر سے بلائیں، نحوستیں، بیماری اور پریشانیاں دور بھاگتی ہیں اور گھر میں اللہ تعالیٰ کی رحمتیں نازل ہوتی ہیں اور سکون و اطمینان کی دولت نصیب ہوتی ہے۔ جس گھر میں قرآن کریم کی تلاوت ہوتی ہے ازروئے حدیث ایسا گھر آسمانوں میں خصوصی توجہات کا مرکز بن جاتا ہے اور فرشتوں کو ایسے گھر آسمانوں میں اس طرح نمایاں اور چمکتے ہوئے نظر آتے ہیں جس طرح زمین میں انسانوں کو تارے جگمگاتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

یہ کس قدر خوش بختی اور سعادت کی بات ہے اور کون صاحب ایمان ایسی خوش بختی اور سعادت سے محروم ہونا چاہے گا؟ لہٰذا ہر گھر کا سربراہ نماز فجر کے بعد خود بھی اور گھر کے دیگر افراد کو بھی تلاوت کا پابند ہونے کی کوشش کرے اور تمام اہل خانہ مل کر گھر میں پاکی اور صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ انشاء اللہ آپ کے گھر میں رحمتوں اور برکتوں کی بارش ہو گی۔

باب نمبر4

تنگی و مفلسی

تنگی و مفلسی

نافع الخلائق میں ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی کنگھی کو کھڑا ہو کر کرے، قرضدار ہو اور جو کوئی کھانے کو سونگھے، برکت اس میں سے ہو جائے۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ جس گھر میں خیانت و چوری و زنا ہو اس گھر میں برکت نہیں ہوتی ہے۔

امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خاص اپنے احباب و اصحاب سے فرمایا کہ نو باتوں سے محتاجی آتی ہے۔ (۱) مکڑی کا جالا گھر میں رہنے دینا (۲) جھوٹی قسم کھانا (۳) زنا کرنا (۴) لالچ کرنا (۵) مغرب و عشاء کے درمیان سونا (۶) راگ باجا سننا (۷) سائل کو محروم واپس کر دینا خصوصاً جو رات کے وقت آیا ہو۔ (۸) تقدیر پر یقین نہ رکھنا (۹) رشتہ داروں سے برا سلوک کرنا۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنی اولاد کو بد دعا نہ دیا کرو، جو کوئی اپنی اولاد کو مرنے کی بد دعا دے گا وہ محتاجی میں مبتلا کر دیا جائے گا۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دس چیزیں محتاجی کا سبب ہیں۔ (۱) مردے کے پاس کھانا کھانا (۲) لنگی یا پائجامہ کھڑے ہو کر پہننا (۳) بیٹھ کر پگڑی باندھنا (۴) جوں کو پکڑ کر زندہ چھوڑ دینا (۵) پوشیدہ بالوں کو قینچی سے کاٹنا (۶) برتن کے ٹوٹے ہوئے کنارے سے پانی پینا (۷) جوتے یا چپل کا تلا دیکھنا (۸) نماز میں سستی کرنا (۹) لوگوں سے ترشروئی سے ملنا (10) جھوٹ کی عادت ہونا۔

حدیث شریف میں ہے کہ جس گھر میں شراب و دف و تنبورہ وغیرہ ہو تو گھر والوں کی دعا قبول نہیں ہوتی اور رحمت کے فرشتے اس گھر میں نہیں آتے اور خدا تعالیٰ اس گھر سے برکت اٹھا لیتا ہے، (جس گھر میں تصویر یا کتا ہو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔

حدیث میں ہے کہ تین آدمی ہمیشہ روزی کی تنگی میں مبتلا رہتے ہیں۔ (۱) ماں باپ کی نافرمانی کرنے والی اولاد (۲) شوہر کے ساتھ خیانت کرنے والی عورت (۳)

پڑوسیوں کے ساتھ بدسلوک کرنے والا۔

یہ چیزیں بھی محتاجی کا سبب ہیں (۱) زنا کرنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) روٹی کا ٹکڑا زمین پر چھوڑنا (۴) ہاتھ منہ آستین یا دامن سے صاف کرنا (۵) مکڑی کا جالا گھروں میں رہنے دینا۔ (۶) ماں باپ کو رنجیدہ کرنا (۷) نماز چھوڑنا (۸) استاد کی بے ادبی کرنا (۹) صبح کے وقت سونا (سورج طلوع ہونے سے پہلے (۱۰) بے وقت اٹھنا۔ (۱۱) کوڑا کرکٹ گھر میں رکھنا (۱۲) سڑا ہوا کھانا کھانا (۱۳) ہاتھ منہ دروازہ پر بیٹھ کر دھونا (۱۴) برتن کو بغیر دھوئے چھوڑنا۔ (۱۵) بغیر ہاتھ دھوئے کھانا کھانا (۱۶) اولاد اور مہمان کی ناقدری کرنا (۱۷) طاقت ہوتے ہوئے جھوتی قسم کھانا (۱۸) وضو کرتے ہوئے دنیا کی باتیں کرنا (۱۹) پیشاب کرتے وقت بولنا (۲۰) پیشاب کی جگہ پر وضو کرنا۔ (۲۱) بغیر وضو قرآن پڑھنا (۲۲) لہسن پیاز کے چھلکے جلانا (۲۳) صبح کی نماز کے بعد فوراً مسجد سے باہر آجانا (۲۴) اپنی طاقت کے غرور میں دوسروں کو ستانا (۲۵) ماں باپ کا نام لے کر پکارنا (۲۶) بدن پر پہنے ہوئے کپڑے کو سینا (۲۷) بھیک مانگنے والوں سے اناج خریدنا (۲۸) قلم کے تراشے پر پیر رکھنا (۲۹) ٹوٹی ہوئی کنگھی بالوں میں کرنا (۳۰) ناخن کو دانتوں سے کترنا (۳۱) اپنی بڑائی ظاہر کرنے کیلئے دوسروں سے آگے چلنا (۳۲) سجدہ تلاوت میں تاخیر کرنا (۳۳) فضول خرچی کرنا (۳۴) رات کو عریاں (ننگے) سونا (۳۵) بوقتِ شام گھر میں چراغ روشن نہ کرنا (۳۶) بہت سونا (۳۷) برہنہ جا کر پیشاب کرنا، ان سب چیزوں سے بھی روزی میں تنگی آتی ہے۔ واللہ اعلم۔

مطالب المومنین میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جس شخص کو غسل کی حاجت ہو بغیر کلی کئے کچھ نہ کھائے ورنہ محتاج ہوجانے کا ڈر ہے۔ (واللہ اعلم)

ابواللیث نے بستان میں لکھا ہے کہ جو شخص کپڑے سے جھاڑو دیا کرے تو آخر وہ محتاج ہوجائے گا۔ واللہ اعلم۔ بازار اور دکان اور آفس میں بری نگاہ سے (غیر محرم) پر نگاہ ڈالنے سے محتاجی آتی ہے۔ واللہ اعلم

باب نمبر 5

رزق کی تدبیر

رزق کی تدبیر

مقصد میں کامیابی کیلئے تدبیر کرنا ضروری ہے۔ تدبیر کے بغیر کوئی شخص بھی مقصد تک پہنچنے میں کامیاب نہیں ہوتا۔

علامہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص توکل کا مفہوم یہ سمجھے کہ بس زمین پر پڑا رہے اور کسبِ معاش کی تدبیریں اختیار نہ کرے تو وہ جاہل ہے۔

حضرت مولانا شاہ عبدالغنی صاحب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ آدمی کو چاہیے کہ تدبیر تو ضرور کرے مگر بھروسہ تدبیر پر نہ کرے کیونکہ تدبیر تو صرف بھیک کا پیالہ ہے اور دینے والے حق تعالیٰ شانہ ہیں۔

جس طرح اللہ جل جلالہ کے شان کی کوئی حد نہیں ایسے ہی اس کے رزق کے دروازوں کی بھی کوئی حد نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ہے!

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ

یااللہ کھول دے ہمارے لیے دروازے اپنی رحمت کے اور سہل کر دے طریقے ہم پر اپنے رزق کے۔

ظاہری تدبیروں کے ساتھ ساتھ روزی کے لیے روحانی تدبیروں کو بھی اختیار کرنا چاہیے۔ نماز ذکر اللہ، دعا وغیرہ اختیار کرنا ضروری ہے، جس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ تعلق میں زیادتی اور اس کی نزدیکی اور اس کی رضا مندی بھی نصیب ہوگی اور روزی میں برکت اور فراخی بھی ہوگی۔

انسان کی زندگی میں صرف دو حالتیں ہی پیش آتی ہیں کیونکہ جو معاملہ بھی پیش آئے گا یا تو وہ اس کی مرضی کے مطابق ہوگی اور یا اس کی مرضی کے خلاف پیش آئے گا۔ پہلی

صورت میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے اور دوسری صورت میں صبر کرے۔

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مومن کی شان عجیب ہے، اس کے تمام کام اس کے لیے خیر ہیں اور یہ شان صرف مومن کے ساتھ مخصوص ہے چنانچہ اگر اس کو خوشی (یعنی فراخی رزق، خوشحالی، چین اور توفیق اطاعت وغیرہ نعمتیں حاصل ہوں) تو شکر کرتا رہے پس یہ شکر اس کے لیے خیر ہے اور اگر کوئی مصیبت یعنی فقر، مرض اور رنج وغیرہ پہنچے تو صبر کرتا ہے پس یہ صبر بھی اس کے لیے خیر ہے۔

تشریح:

صبر اور شکر دونوں اونچے درجہ کے عمل ہیں اور دونوں پر ثواب مرتب ہوتا ہے لیکن جو شخص کہ مومن کامل نہیں ہوتا اس کو جب خوشی اور دولت ملتی ہے تو تکبر اور خلاف شرع باتیں کرنے لگتا ہے اور اگر اس کو کوئی رنج یا نقصان پہنچتا ہے تو روتا چلّاتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی ناشکری اور شکایت اور اعتراض کرتا ہے اور مومن کامل دونوں حالتوں میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ کہتا ہے یعنی ہر حال میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۂ واقعہ ہر رات کو مغرب کے بعد پڑھے اس کو کبھی فاقہ نہ ہوگا۔

جو کوئی گھر میں داخل ہوتے وقت سورۂ اخلاص پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو اور اس کے گھر والوں کو غنی کرتا ہے۔

اور نقل ہے کہ جو شخص گھر سے باہر نکلتے ہوئے آیۃ الکرسی پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ اس پر کشادگی فرمائے گا اور سورۃ فاتحہ اخیر رات میں ۴۱ مرتبہ پڑھنے سے بغیر محنت کے روزی ملتی ہے۔

ادائیگی قرض

(۱) حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے کہ جو کوئی سورۂ تحریم کو پڑھا کرے اگر اس پر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو اللہ تعالیٰ کے کرم سے ادا ہو جائے گا۔

(۲) جو کوئی سورۂ والعادیات کو پڑھا کرے اس کا قرض ادا ہو جائے گا اگرچہ بے حساب ہو۔

(۳) ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے ابوسعید خداری رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ! مجھ کو غموں نے اور قرض نے ستا رکھا ہے۔ اس کا کیا علاج کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ: کیا سکھادوں میں تجھ کو ایک ایسا کام کہ جس وقت تو کہے اس کو تو لے جائے حق تعالیٰ تیرے غم کو اور ادا کر دے تیرے قرض کو۔ اس نے کہا سکھا دیجیے مجھ کو یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! فرمایا کہ ہر صبح و شام کو کہا کر:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں رنج و غم سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں بزدلی اور بخل سے اور تیری پناہ چاہتا ہوں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے غیظ و غضب سے۔

(ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھے)

(۴) حدیث شریف میں آتا ہے کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اگر کبھی غم کی بات پیش آتی تو یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔

لَآاِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ الْحَکِیْمُ الْکَرِیْمُ لَآاِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ الْعَظِیْمُ الْحَکِیْمُ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَرَبُّ

الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ

ترجمہ: کوئی معبود نہیں اس اللہ کے علاوہ جو حکیم و کریم ہے اور کوئی معبود نہیں اس اللہ کے علاوہ جو بڑا حکیم عظیم ہے کوئی معبود نہیں اس کے سوا جو رب ہے تمام آسمانوں اور زمین کا اور جو رب ہے عرش عظیم کا۔

(۵) جامع ترمذی میں آیا ہے کہ جب حضرت محمد ﷺ کو کوئی سخت کام پیش آتا تھا تو یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ

ترجمہ: اے زندہ نظامِ عالم کو برقرار رکھنے والے میں تیری ہی رحمت سے فریاد چاہتا ہوں۔

(٦) فرمایا دعائے ذوالنون دفع کرتی ہے غم کو اور دُکھ کو یعنی

لَآاِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔

ترجمہ: تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو بے عیب ہے یقیناً میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں

(روزانہ عشاء کی نماز کے بعد سو مرتبہ پڑھے)

(۷) طبرانی رحمۃ اللہ علیہ نے روایت کی ہے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے، فرمایا نبی کریم ﷺ نے کہ سکھاؤں تجھے کوئی ایسی دعا کہ اگر پہاڑ برابر بھی قرض ہو تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ ادا کر دے گا وہ یہ دُعا ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ سے بِغَيْرِ حِسَابٍ تک۔ اس کے بعد کہے:

رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَاءُ وَ تَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ: اے دنیا و آخرت کے رحمٰن اور دنیا و آخرت کے رحیم! تو جس کو چاہتا ہے دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے روک لیتا ہے مجھ پر اپنی خاص رحمت کر جو دوسروں کے رحم و کرم

سے مجھ کو بے نیاز کردے۔ ہر فرض نماز کے بعد تین بار پڑھے۔

جوکوئی دوسرے کا قرض دار ہو اور قرض ادا نہ کرسکتا ہو تو ہر نماز (فرض) کے بعد یہ دعا پڑھے دعا کے اول و آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

پھر قرض کی ادائیگی کے لیے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ قرض ادا کردے گا۔

روزی کی برکت کیلئے

(۱) حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس کسی کو منظور ہو کہ میرے مال کو زوال نہ ہو اور برکت ہو تو یہ درود شریف پڑھا کرے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

ترجمہ: اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے اور اپنے رسول محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر اور مومن مردوں اور مومن عورتوں پر اور مسلم مردوں اور مسلم عورتوں پر۔

(۲) جوکوئی ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی خَالِدُوْنَ تک پڑھے گا غنی ہو جائے گا اور حق تعالیٰ اس کو محتاجی سے دور رکھے گا۔

(۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جوکوئی ہر روز سو بار پڑھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

تو حق تعالیٰ اس کو غنی کردے گا اور محتاجی اور عذابِ قبر سے محفوظ رکھے گا۔

(۴) پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جوکوئی ہر روز سو بار

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

پڑھے وہ کبھی محتاج نہ ہوگا اور ستر طرح کے نقصان و بلا سے محفوظ رہے گا کہ اس کی سب سے چھوٹی بلا غم اور محتاجی ہے اور جو کوئی اسی کلمہ کو روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھے خدا تعالیٰ اس کو غنی کردے گا۔

(۵) حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ جو شخص بعد نمازِ جمعہ سو، سو بار سورۂ اخلاص اور درود شریف پڑھے اور ستر بار یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

تو مالدار ہوجائے گا۔ (زیادہ سے زیادہ سات جمعہ تک)

(۶) حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہے کہ جو شخص ہر وقت باوضو رہنے کی عادت کرے اس کی روزی کشادہ ہوجائے گی۔

(۷) چاشت کی نماز کے بعد یَابَاسِطُ دس بار پڑھنے سے روزی میں فراخی ہوتی ہے۔

حاجت کیلئے

(۱) جب کوئی حاجت پیش آئے تو ان مبارک ناموں کو جمعہ کی رات میں بارہ ہزار مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ حاجت اس کی پوری ہوگی۔ مجرب ہے،

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْقَادِرُ الظَّاهِرِ الْقَوِیِّ الْکَافِیْ۔

(۲) صلوٰۃ الحاجت:

ترمذی شریف میں ہے کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحابؓ سے فرمایا کہ جب کوئی حاجت پیش آئے تو مسنون طریقہ سے وضو کرکے دل لگا کر دو رکعت نماز صلوٰۃ الحاجۃ کی نیت سے پڑھے۔ نماز کے بعد اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرے مثلاً یوں کہے۔

سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكۡبَرُ وَ لَاحَوۡلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ۔ (تین مرتبہ) پھر درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔

لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ هُوَالۡحَكِيۡمُ الۡكَرِيۡمُ ط سُبۡحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِيۡمِ وَالۡحَمۡدُلِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ط اَسۡئَلُكَ مُوۡجِبَاتِ رَحۡمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغۡفِرَتِكَ ط وَ الۡغَنِيۡمَةَ مِنۡ كُلِّ بِرٍّ ط وَالسَّلَامَةَ مِنۡ كُلِّ اِثۡمٍ ط لَا تَدَعۡ لِيۡ ذَنۡبًا اِلَّا غَفَرۡتَهٗ ط وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجۡتَهٗ وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى اِلَّا قَضَيۡتَهَا يَا اَرۡحَمَ الرّٰحِمِيۡنَ ط

(۳) نماز قضاء حاجت اور نماز کن فیکون کی

جس کسی کو کوئی رنج یا کوئی غم ہو یا کسی سے ڈر ہو یا کوئی مہم پیش آئی ہو تو یہ نماز پڑھے پھر قدرت اللہ تعالیٰ کی دیکھے شب نہ گزرے گی کہ ان شاء اللہ اس غم سے نجات پاوے گا چاہے کہ شک نہ لائے۔ اس نماز کا طریقہ یہ ہے کہ جمعہ کی رات میں پہلے غسل کرے، پاک کپڑے پہنے پھر چار رکعت کی نیت باندھے پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو بار کہے۔ وَاُفَوِّضُ اَمۡرِيۡ اِلَى اللّٰهِ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سو بار کہے اَلَا اِلَى اللّٰهِ تَصِيۡرُ الۡاُمُوۡرُ اور تیسری رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو بار کہے نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتۡحٌ قَرِيۡبٌ اور چوتھی رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سو بار کہے اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِيۡنًا چاروں رکعت پوری کر کے سلام پھیر دے۔ اور سو بار غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ کہے پھر سر کو سجدہ میں رکھے اور ہاتھ اٹھا کر دو سو بار اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوۡبُ اِلَيۡهِ کہے۔ ابھی سجدہ سے سر نہ اٹھایا ہوگا کہ خدائے عزوجل اس کی حاجت پوری کردے گا۔ ان شاء اللہ (یہ نماز آزمودہ ہے)۔

استخارہ

جب کوئی کام کرنے کا ارادہ کرے تو اللہ تبارک وتعالیٰ سے مشورہ لے لیں۔ اس مشورہ لینے کو استخارہ کہتے ہیں۔ حدیث میں اس کی بہت ترغیب آئی ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اللہ تعالیٰ سے مشورہ نہ لینا اور استخارہ نہ کرنا بدبختی اور کم نصیبی کی بات ہے۔ کہیں منگنی کرے یا شادی کرے یا سفر کرے یا اور کوئی کام کرے، تو استخارہ کے بغیر نہ کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی اپنے کیئے پر پشیمان نہ ہوگا۔

استخارہ کی نماز کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دو رکعت نفل نماز پڑھے اس کے بعد خوب دل لگا کے یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ ط فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ ط اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَیْرٌ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَیَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْهِ ط وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِیْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَیْرَ حَیْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ

اور جب ہٰذا الامر پر پہنچے جس لفظ پر لکیر بنی ہے تو اس کے پڑھتے وقت اس مقصد کا دھیان کرلے جس کیلئے استخارہ کرنا چاہتا ہے۔ اس کے بعد پاک وصاف بستر پر قبلہ کی طرف منہ کر کے باوضو سو جائے۔ جب سو کر اٹھے اس وقت جو بات دل میں مضبوطی سے آئے وہی بہتر ہے اس کو کرنا چاہیے اگر ایک دن میں کچھ معلوم نہ ہو اور دل کا خلجان اور تردد نہ جائے تو دوسرے دن بھی ایسا ہی کرے، اسی طرح سات دن تک کرے۔ ان شاء اللہ

ضرور اس کام کی اچھائی برائی معلوم ہو جائے گی اگر حج کے لئے جانا ہو تو یہ استخارہ نہ کرے کہ میں جاؤں یا نہ جاؤں بلکہ یوں استخارہ کرے کہ فلانے دن جاؤں کہ نہ جاؤں؟

(بہشتی زیور حصہ دوم)

استخارہ

جب کوئی شخص تنگی اور پریشانی میں مبتلا ہو اور اس سے چھٹکارے کا راستہ خواب میں دیکھنا چاہے تو وضو کر کے پاک کپڑے پہنے اور خوشبو لگائے پھر پاک بستر پر قبلہ رُو داہنی کروٹ پر لیٹے اور سورہ والشّمس کو سات بار اور سوہ واللیل کو سات بار اور سورۂ اخلاص کو سات بار پڑھے پھر ہاتھ اٹھا کر یوں کہے کہ خداوند مجھ کو میرے خواب میں ایسا نور دکھائے جس میں میرے لئے اس تنگی سے کشادگی ہو اور میرے خواب میں وہ چیز دکھادے کہ جس سے میں اپنی دعا کے قبول ہو جانے کو معلوم کر سکوں۔ یہ دعا کر کے سو جاوے ان شاء اللہ خواب میں وہ چیز نظر آ جائے گی۔ جس میں کشادگی ہے۔ اور اگر اس روز نظر نہ آئے تو دوسری رات کو یہی عمل کرے یہاں تک کہ سات رات تک کرے۔ سات راتیں نہ گزریں گی کہ خواب میں ان شاء اللہ معلوم ہو جائے گا۔ اور یہ استخارہ تجربہ کیا ہوا ہے۔

سورۂ یٰس شریف کی بہت فضیلتیں آئی ہیں چنانچہ حدیث شریف میں حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے، ہر چیز کیلئے دل ہے۔ اور قرآن حکیم کا دل سورۂ یٰس ہے۔ اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے بیشک دوست رکھتا ہوں میں اپنی امت میں اس شخص کو کہ جس کے دل میں سورۃ یٰسین ہو (یعنی جو زبانی یاد کر لے)

اور فرمایا کہ جس نے سورۂ یٰسین دن کے شروع میں پڑھ لی تو اس دن کی تمام حاجتیں

پوری ہوں گی اور جس نے رات کے شروع میں سورۂ یٰسین پڑھ لی تو رات کی تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جس نے سورۂ یٰسین صبح کر پڑھ لی تو اس دن کی شام تک اس کو آسانی اور فراخی ملے گی اور جو شخص رات کو سورۂ یٰسین پڑھے گا تو صبح تک آسانی اور فراخی ملے گی۔

اور روایت ہے کہ جو کوئی بھوک کی حالت میں سورۂ یٰسین پڑھے گا تو اللہ کے فضل سے سیر ہو جائے گا اور جو کوئی راستہ بھول گیا ہو اور سورۂ یٰسین پڑھے تو اللہ کے فضل سے راستہ مل جائے گا اور جس کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور سوۂ یٰسین پڑھے تو گم شدہ چیز مل جائے گی اور جس شخص کو کھانا کم پڑ جانے کا ڈر ہو اور سورۂ یٰسین پڑھے تو ان شاء اللہ کھانے میں برکت ہو گی اور سب کو کافی ہو جائے گا اور کسی مرنے والے کے پاس سورۂ یٰسین پڑھے تو موت آسان ہو جائے گی اور اگر مردے کے پاس پڑھے (جبکہ اس کو غسل دیا جا چکا ہو) تو مردے کو بہت فائدہ پہنچے گا۔

درود شریف

درود شریف کے فوائد اگرچہ بہت ہیں مگر جو احادیث صحیحہ اور روایت معتبرہ سے ثابت ہوا ہے، اس جگہ تھوڑا سا بیان کیا جاتا ہے تا کہ فائدہ حاصل ہو۔

اگر کوئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک مرتبہ درود شریف بھیجے تو خدا تعالیٰ اور فرشتے اس کے اوپر دس دفعہ درود (یعنی رحمت کی دعا) بھیجتے ہیں اور اس کے دس درجے بلند ہوتے ہیں اور دس نیکیاں اس کے واسطے لکھی جاتی ہیں اور دس گناہ مٹائے جاتے ہیں اور اس کی دُعا قبول ہوتی ہے اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اس کے لئے واجب ہو جاتی ہے۔ درود شریف کا پڑھنا دنیا میں بھی حاجتوں کو پورا کرتا ہے، اور اس کے پڑھنے سے بیمار کو شفا

ہوجاتی ہے۔ اور دشمن پر فتح ہوتی ہے اور رضائے الٰہی حاصل ہوتی ہے اور اس کو پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت دل میں پیدا ہوجاتی ہے اور صفائی قلب حاصل ہوتی ہے اور مال اور گھر میں بھی برکت حاصل ہوتی ہے اور سکرات موت سے اسے نجات ہوتی ہے۔ فقر و فاقہ دور ہوجاتا ہے اور درود شریف پڑھنے والا بخیل نہیں کہلاتا اور جس مجلس میں درود شریف پڑھا جاتا ہے تو تمام اہل مجلس کو خدا کی رحمت ڈھانک لیتی ہے اور اس کے پڑھنے والے کو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت خواب میں میسر ہوتی ہے اور قیامت کی گھبراہٹ اور پیاس سے امن ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کے مبارک ناموں کو یاد کرنے اور پڑھنے کی برکت جنت کی خوشخبری آتی ہے۔ ان ناموں کے وسیلے سے دعا مانگنا قبولیت کا سبب ہے۔

ترمذی شریف میں ننانوے نام مبارک بیان ہوئے ہیں اسماء الحسنیٰ کے ہر ایک نام کی تاثیر اور خاصیت الگ الگ بے شمار ہے۔ ہر حاجت پوری ہوتی ہے صبح کی نماز کے بعد ایک بار مبارک ناموں کو پڑھ کر دعا مانگنے سے بہت فائدے اور خیر و برکت حاصل ہوتی ہے۔ اسماء الحسنیٰ مناجات مقبول میں اور وظائف کی کتابوں میں لکھے ہوئے ہیں۔

تنبیہ:

اُوپر بیان کی ہوئی چیزوں کے علاوہ بھی رزق کی ترقی کیلئے بے شمار نفل نمازیں و دُعائیں وظیفے ہیں جو بزرگوں اور عالموں سے پوچھ کر معلوم کئے جاسکتے ہیں۔ اور جو کچھ ہم نے اس کتاب میں لکھ دیا ہے وہ بھی بہت کافی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھُوَاللّٰہُ	الَّذِیْ لَآ اِلٰـہَ	اِلَّا ھُوَ	اَلرَّحْمٰنُ	اَلرَّحِیْمُ	اَلْمَلِكُ	اَلْقُدُّوْسُ
اَلسَّلَامُ	اَلْمُؤْمِنُ	اَلْمُھَیْمِنُ	اَلْعَزِیْزُ	اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَكَبِّرُ	اَلْخَالِقُ
اَلْبَارِئُ	اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَھَّارُ	اَلْوَھَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ
اَلْعَلِیْمُ	اَلْقَابِضُ	اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ	اَلْمُذِلُّ
اَلسَّمِیْعُ	اَلْبَصِیْرُ	اَلْحَكَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِیْفُ	اَلْخَبِیْرُ	اَلْحَلِیْمُ
اَلْعَظِیْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّكُوْرُ	اَلْعَلِیُّ	اَلْكَبِیْرُ	اَلْحَفِیْظُ	اَلْمُقِیْتُ
اَلْحَسِیْبُ	اَلْجَلِیْلُ	اَلْكَرِیْمُ	اَلرَّقِیْبُ	اَلْمُجِیْبُ	اَلْوَاسِعُ	اَلْحَكِیْمُ
اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِیْدُ	اَلْبَاعِثُ	اَلشَّھِیْدُ	اَلْحَقُّ	اَلْوَكِیْلُ	اَلْقَوِیُّ
اَلْمَتِیْنُ	اَلْوَلِیُّ	اَلْحَمِیْدُ	اَلْمُحْصِیْ	اَلْمُبْدِئُ	اَلْمُعِیْدُ	اَلْمُحْیِیْ
اَلْمُمِیْتُ	اَلْحَیُّ	اَلْقَیُّوْمُ	اَلْوَاجِدُ	اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ	اَلْاَحَدُ
اَلصَّمَدُ	اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ	اَلْاَوَّلُ	اَلْاٰخِرُ
اَلظَّاھِرُ	اَلْبَاطِنُ	اَلْوَالِیْ	اَلْمُتَعَالِیْ	اَلْبَرُّ	اَلتَّوَّابُ	اَلْمُنْتَقِمُ
اَلْعَفُوُّ	اَلرَّءُوْفُ	مَالِكُ الْمُلْكِ	ذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ	اَلْمُقْسِطُ	اَلْجَامِعُ	اَلْغَنِیُّ
اَلْمُغْنِیْ	اَلْمَانِعُ	اَلضَّآرُّ	اَلنَّافِعُ	اَلنُّوْرُ	اَلْھَادِیْ	اَلْبَدِیْعُ

اَلْبَاقِیْ	اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِیْدُ	اَلصَّبُوْرُ

باب نمبر 6

اَلْمَآئِدَة

یعنی آسمانی روٹی

المائدة یعنی آسمانی روٹی

(۱) رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ فِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

اے ہمارے رب! دے ہمیں دنیا میں بھلائی اور آخرت میں بھی بھلائی اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا۔

(۲) رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔

اے میرے رب! مجھے علم میں بڑھا۔

(۳) رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ۔

اے میرے رب! میں اس بھلائی کا جو تو میری طرف اتارے، محتاج ہوں۔
(روزی میں فراخی ہو کسی کا محتاج نہ ہو)

(۴) رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَیْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَکُوْنُ لَنَا عِیْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰیَةً مِّنْکَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ۔

اے ہمارے پروردگار! اتار ہم پر خوان آسمان سے، ہوئے ہمارے لیے عید ہمارے اوّل کو ہمارے آخر کو اور نشانی تیری طرف سے اور رزق دے۔ ہم کو اور تو بہترین رزق دینے والا ہے۔

(۵) اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ ھُوَ عِصْمَةُ اَمْرِیْ وَاَصْلِحْ لِیْ اٰخِرَتِیَ الَّتِیْ فِیْھَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیٰوةَ زِیَادَةً لِّیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ۔

اے اللہ درست کر دے میرا دین جو میرے حق میں بچاؤ ہے اور درست رکھ میری دنیا جس میں میری معاش ہے اور درست رکھ میری آخرت جہاں مجھے

لوٹتا ہے اور کر زندگی کو میرے لئے ترقی ہر بھلائی میں اور کر موت کو میرے لئے چین ہر برائی سے۔

یہ دعا بہت جامع ہے۔

(۶) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

یا اللہ! بخش دے مجھے اور رحم کر مجھ پر اور امن دے مجھے اور رزق دے مجھے۔

(۷) اَللّٰھُمَّ قَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْهِ وَاخْلُفْ عَلٰی كُلِّ غَائِبَةٍ لِّیْ بِخَیْرٍ۔

یا اللہ! قناعت دے مجھے اس پر جو نصیب کیا تو نے مجھے اور برکت دے میرے لئے اس میں اور نگران رہ میری ہر اس چیز پر جو میرے سامنے نہیں ہے خیر کے ساتھ۔

(۸) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ۔

یا اللہ! میں ذلیل ہوں پس عزت دے مجھے اور میں محتاج ہوں پس رزق دے مجھے۔

(۹) اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ عَلَیَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّیْ وَ وَانْقِطَاعِ عُمْرِیْ۔

یا اللہ! کرنا سب سے فراخ رزق میرا میرے بڑھاپے میں اور میری عمر کے ختم ہونے کے وقت۔

گھر میں وسعت رزق اور برکت کے لئے وضو کے درمیان خاص کر منہ دھوتے یہ دعا پڑھے۔

(۱۰) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔

اے اللہ! بخش دے میرا گناہ اور وسعت دے مجھے میرے گھر میں اور برکت دے

مجھے میرے رزق میں۔

(۱۱) اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ وَعَافِنِیْ۔

یا اللہ! بخش دے مجھے اور ہدایت کر مجھے اور رزق دے مجھے اور امن دے مجھے۔

(۱۲) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رِزْقًا طَیِّبًا وَ عِلْمًا نَافِعًا وَ عَمَلًا مُتَقَبَّلًا۔

یا اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے رزق پاکیزہ اور علم کارآمد اور عمل مقبول۔

قرض دفع کرنے اور غنا حاصل کرنے کیلئے یہ دعا پڑھے۔

(۱۳) اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

یا اللہ! کفایت کر میری مجھے حلال رزق دے اور بچا حرام روزی سے اور بے پروا کر دے مجھے بدولت اپنے فضل کے اپنے ماسوا سے۔

(۱۴) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ اِیْمَانًا یُبَاشِرُ قَلْبِیْ وَ یَقِیْنًا صَادِقًا حَتّٰی اَعْلَمَ اَنَّہٗ لَا یُصِیْبُنِیْ اِلَّا مَا کَتَبْتَ لِیْ وَرِضًی مِّنَ الْمَعِیْشَۃِ بِمَا قَسَمْتَ لِیْ۔

اے اللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے ایمان جو کہ پیوست ہو جائے میرے دل میں اور یقین سچا یہاں تک کہ جان لوں میں کہ نہیں پہنچ سکتا ہے مجھ کو مگر جو کچھ کہ تو لکھ چکا ہے میرے لئے اور رضا اس چیز کے ساتھ کہ مقسوم میں لکھی تو نے میری معاش میں سے۔

(۱۵) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُؤْسِ وَ التَّبَاؤُسِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ فَقْرٍ یُنْسِیْنِیْ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ کُلِّ غِنًی یُطْغِیْنِیْ۔

یا اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں تیری شدت فقر اور بہت محتاجی سے یا اللہ! میں پناہ چاہتا ہوں تیری ہر ایسے فقر سے کہ بھول میں ڈال دے مجھے اور پناہ چاہتا ہوں

تیری ہر اس مالداری سے جو کہ دماغ چلادے میرا۔

یہ بہت جامع دعا ہے

(١٦) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ

یااللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے تیرا فضل۔

(١٧) اَللّٰھُمَّ زِدْنَا وَلَا تَنْقُصْنَا وَاَکْرِمْنَا وَلَا تُھِنَّا وَاَعْطِنَا وَلَا تَحْرِمْنَا وَاٰثِرْنَا وَلَا تُؤْثِرْ عَلَیْنَا وَاَرْضِنَا وَارْضَ عَنَّا۔

یااللہ! ہمیں زیادہ کر اور گھٹا مت اور ہمیں آبرو دے اور خوار نہ کر اور عطیہ دے ہمیں اور محروم نہ کر اور ہمیں بڑھائے رکھ اور اوروں کو ہم پر نہ بڑھا اور ہمیں خوش کر اور ہم سے راضی ہو جا۔

(١٨) رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَۃً وَّ ھَیِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا

اے ہمارے رب دے ہمیں اپنے پاس سے رحمت اور سامان کر دے ہمارے لئے کام میں درستگی کا۔

(١٩) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْھُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی۔

یااللہ! میں مانگتا ہوں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری اور پارسائی اور سیر چشمی۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن کا ذکر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں تشریف لائے وہاں ایک انصاری ابواُمامہ رضی اللہ عنہ بیٹھے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ”اے ابوامامہ تو بے وقت مسجد میں کیوں بیٹھا ہے۔ عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طرح طرح کے رنج و غم میں اور لوگوں کے قرضے میرے پیچھے چمٹے ہوئے ہیں۔ فرمایا میں تجھے ایسے چند کلمات بتائے دیتا ہوں کہ ان کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ تیرا رنج و غم دور کر دے گا اور قرض ادا کر دے گا تو صبح و شام یوں کہا کر۔

(٢٠) اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنَ

الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔

یااللہ! میں پناہ پکڑتا ہوں تیری فکر سے اور غم سے۔ اور پناہ پکڑتا ہوں تیری کم ہمتی سے اور سستی سے۔ اور پناہ پکڑتا ہوں تیری بزدلی سے اور بُخل سے۔ اور پناہ پکڑتا ہوں تیری قرض سے اور لوگوں کے دبا لینے سے۔

فائدہ:

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں چند ہی روز ان کلمات کو پڑھنے پایا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے میرا رنج و غم دور فرمادیا اور قرض بھی ادا کروادیا۔ (حصن حصین)
برکت اور دفع قرض کیلئے ہر نماز کے بعد اور نوافل کے بعد مثلاً چاشت و اشراق وغیرہ کے بعد۔

(۲۱) قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَاءُ وَ تَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ اِرْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

یااللہ! ملک کے مالک! تو دیتا ہے ملک جس کو چاہے اور چھین لیتا ہے جس سے چاہے اور عزت دیتا ہے جس کو چاہے اور ذلت دیتا ہے جس کو چاہے تیرے ہی ہاتھ میں ہے خیر تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہے۔ تو رات کو داخل کرتا ہے

دن میں اور دن کو داخل کر دیتا ہے رات میں اور تو جاندار کو نکالتا ہے بیجان سے اور بیجان کو نکالتا ہے جاندار سے اور تو جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ اے دنیا و آخرت کے رحمٰن و رحیم! تو جس کو چاہے دونوں دیتا ہے اور جس کو چاہے ان دونوں کے روکتا ہے مجھ پر ایسی رحمت فرما جو تیرے علاوہ کسی اور کی رحمت سے بے نیاز کر دے۔

(۲۲) اَللّٰهُمَّ نَفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ وَعَلِّمْنِیْ مَایَنْفَعُنِیْ۔

یا اللہ! نفع دے مجھے اس علم سے جو تو نے مجھے دیا اور دے مجھے وہ علم کہ نفع دے مجھے۔

(۲۳) یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ

اے حی، اے قیوم! تیری رحمت کی طرف فریاد لاتا ہوں۔

حاجت کیلئے مقبول دعا

حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس آدمی کو پریشانی اور فکر زیادہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اللہ کے حضور میں اس طرح عرض کرے۔

(۲۴) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ اَمَتِكَ نَاصِیَتِیْ بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِیَّ قَضَآءُكَ۔ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَلَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْاَنْزَلْتَهٗ فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًامِنْ خَلْقِكَ اَوِاسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ عِلْمِ الْغَیْبِ عِنْدَكَ: اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ الْعَظِیْمَ رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَنُوْرَ بَصَرِیْ وَجَلَآءَ حُزْنِیْ وَذَهَابَ هَمِّیْ۔

یا اللہ! میں غلام ہوں تیرا اور بیٹا ہوں تیرے غلام کا اور بیٹا ہوں تیری لونڈی کا

۔ہمہ تن تیرے قبضہ میں ہوں میرے بارے میں تیرا حکم نافذ ہے میرے بارے میں تیرا حکم نافذ ہے میرے بارے میں تیرا فیصلہ عین عدل ہے۔ مانگتا ہوں میں تجھ سے بحق ہر نام کے جو تیرا ہے کہ جس کے ساتھ تو نے اپنی ذات کو موسوم کیا ہے یا اس کو اپنی کتاب میں اتارا ہے یا وہ اپنی مخلوق میں سے کسی کو سکھایا ہے یا اپنے علم غیب ہی میں اس کو رہنے دیا ہے۔ یہ کہ قرآن عظیم کو کردے میرے دل کی بہار اور میری آنکھ کا نور، اور میرے غم کی کشائش اور میرے فکر کا دفعیہ۔

فائدہ:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جو بندہ بھی ان کلمات کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے دعا کرے گا اللہ تعالیٰ اس کی فکروں اور پریشانیوں کو دور فرما کر ضرور بالضرور اس کو کشادگی عطا فرمائے گا۔ (رزین، معارف الحدیث)

نوٹ:

اس دعاء میں جَلَاءَ حُزْنِیْ پڑھتے وقت اپنی فکروں اور پریشانیوں کی نیت کرے۔

کشادگی تنگی معاش

(٢٥) يَادَائِمَ الْعِزِّ وَالْبَقَاءِ يَاذَالْجَلَالِ وَالْجُوْدِ وَالْعَطَاءِ يَا وَدُوْدُ يَاذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَافَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔

اے ہمیشہ عزت والے اور باقی رہنے والے، اے بزرگی اور جود اور عطا والے اے دوستی کرنے والے اے صاحب عرش بزرگ، اے کرنے والے جو کچھ چاہے۔

پریشان حالی اور قرض دور کرنے کیلئے ہر روز صبح کو پڑھے

(۲۶) بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْمَا قُدِّرَلِيْ وَاَرْضِنِيْ بِمَا قُضِيَتَ حَتّٰى لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ شَيْءٍ لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ شَيْءٍ اَخَّرْتَ وَتَاخِيْرَ شَيْءٍ عَجَّلْتَ۔

میں اللہ کو سپرد کرتا ہوں اپنی جاں اور اہل و مال کو یا اللہ برکت دے مجھے اس چیز میں کہ مقدر کی گئی میرے لئے اور راضی رکھ مجھ کو اپنے حکم پر تا کہ نہ چاہوں میں جلد ملنا اس چیز کا کہ دیر میں رکھی ہے تو نے اور نہ دیر میں آنا اس چیز کا کہ جلد لکھی ہے تو نے۔

(۲۷) اَللّٰهُمَّ فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ دَعْوَةَ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَرَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ

یا اللہ! دور کرنے والے فکر کے زائل کرنے والے غم کے قبول کرنیوالے بیقراروں کی دُعا کے رحمٰن دنیا کے اور رحیم اس کے، تو ہی رحم کرے گا مجھ پر تو کردے میرے اوپر ایسی رحمت کہ بے پروا کردے تو مجھے اس کی وجہ سے اوروں کی رحمت ہے۔

(۲۸) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ يَعُوْدُ السَّلَامُ اَسْئَلُكَ يَاذَالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيْنَا رَغْبَتَنَا وَاَنْ تُغْنِيْنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ خَلْقِكَ۔

یا اللہ! تیرا ہی نام سلام ہے اور تجھ سے ہی ابتدا ہے سلامتی کی اور تیری ہی طرف لوٹتی ہے سلامتی، میں مانگتا ہوں تجھ سے اے جلال اور اکرام والے! یہ

کہ قبول کرے تو ہمارے حق میں ہماری دُعا اور یہ کہ دے ہمیں ہماری خواہش اور یہ کہ بے پروا کر دے ہمیں ان سے جن کو ہم سے بے پروا کیا تو نے اپنی مخلوق میں سے۔

(۲۹) اَللّٰهُمَّ الْطُفْ بِیْ فِیْ تَیْسِیْرِ کُلِّ عَسِیْرٍ فَاِنَّ تَیْسِیْرَ کُلِّ عَسِیْرٍ عَلَیْكَ یَسِیْرٌ وَ اَسْئَلُكَ الْیُسْرَ وَالْمُعَافَاتَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ۔

یا اللہ! احسان کر میرے ساتھ سہل کر دینے میں ہر دشوار کے کیونکہ ہر دشوار کا سہل کر دینا تجھ پر آسان ہے اور مانگتا ہوں میں تجھ سے سہولت اور معافی دنیا و آخرت میں۔

(۳۰) رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا کَذَا وَکَذَا یَامُؤْنِسَ کُلِّ وَحِیْدٍ وَیَاصَاحِبَ کُلِّ فَرِیْدٍ وَّ یَا قَرِیْبًا غَیْرَ بَعِیْدٍ وَیَاشَاهِدًا غَیْرَ غَائِبٍ وَ یَا غَالِبًا غَیْرَ مَغْلُوْبٍ ۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ. یَانُوْرَالسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَیَازَیْنَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَ یَاجَبَّارَالسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَاعِمَادَالسَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَابَدِیْعَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاصَرِیْخَ الْمُسْتَصْرِخِیْنَ وَمُنْتَهَی الْعَابِدِیْنَ. وَالْمُفَرِّجُ عَنِ الْمَکْرُوْبِیْنَ وَالْمُرَوِّحُ عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ وَمُجِیْبَ دُعَاءِ الْمُضْطَرِّیْنَ وَیَاکَاشِفَ الْمَکْرُوْبِ یَااِلٰهَ الْعٰلَمِیْنَ وَیَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ مَنْزُوْلٌ بِكَ کُلُّ حَاجَةٍ۔

اے ہمارے رب ہمیں دنیا میں فلاں فلاں چیز دے (یہاں دعا پڑھنے والا فلاں چیز کی بجائے اپنے جائز مقصد کا تصور کرے) اے ہر اکیلے کے غمگسار

اور اے ہر تنہا کے ساتھی اور اے قریب جو دور نہیں۔ اور اے حاضر جو غائب نہیں اور اے غالب جو مغلوب نہیں اے حی اے قیوم، اے بزرگی اور عزت والے، اے آسمانوں اور زمینوں کے نور، اے آسمانوں اور زمینوں کی زینت، اے آسمانوں اور زمینوں کے انتظام رکھنے والے، اے تھامنے والے آسمانوں اور زمینوں کے، اور اے آسمانوں اور زمینوں کے بنانے والے، اے قائم رکھنے والے آسمانوں اور زمینوں کے، اے بزرگی اور عزت والے، اے داد رس فریادیوں کے، اور کشائش دینے والے بے چینوں کے اور راحت دینے والے غمزدوں کے، اور قبول کرنے والے بے قراروں کی دعا کے، اور اے کشائش دینے والے صاحب کرب کے، اے الہ العلمین اور اے ارحم الراحمین، تیرے ہی سامنے پیش کی جاتی ہے ہر حاجت۔

(۳۱) اَللّٰهُمَّ هْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَاَسْبِغْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَكَاتِكَ۔

یا اللہ! دے تو مجھے ہدایت اپنے پاس سے اور اضافہ کر مجھ پر اپنا فضل اور کامل کر مجھ پر اپنی رحمت اور اتار مجھ پر اپنی برکتیں۔

(۳۲) اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ خُلُقِیْ وَ طَیِّبْ لِیْ كَسْبِیْ وَقَنِّعْنِیْ بِمَا رَزَقْتَنِیْ وَلَا تُذْهِبْ طَلَبِیْ اِلٰی شَیْءٍ صَرَفْتَهٗ عَنِّیْ۔

یا اللہ! بخش دے میرے گناہ اور وسیع کر دے میرا اخلق اور حلال کر دے میرا کسب اور قناعت دے مجھے اس چیز پر جو تو نے مجھے دی ور نہ لے جا طلب میری کسی ایسی چیز کی طرف جس کو تو نے مجھ سے ہٹا لیا ہو۔

(۳۳) اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ۔

یا اللہ! کھول دے ہمارے لئے دروازے اپنی رحمت کے اور سہل کر دے ہم پر طریقے اپنے رزق کے۔

(۳۴) اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقِكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَاءَنَا فِيْ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِيْمَا عِنْدَكَ۔

یا اللہ! نصیب کر ہمیں اپنا فضل اور نہ محروم رکھ ہمیں اپنے رزق سے اور برکت دے ہمیں اس رزق سے اور برکت دے ہمیں اس رزق میں جو تو نے ہمیں دیا ہے اور کر ہمارا اغنا ہمارے دلوں میں اور کر دے رغبت ہماری اس چیز میں جو تیرے پاس ہے۔

(۳۵) صحیحین میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بے چینی کے موقعہ پر یہ دُعا پڑھا کرتے تھے۔

لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآاِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو عظیم اور بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو رب ہے عرش عظیم کا، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو رب ہے ساتوں آسمانوں کا اور رب ہے زمین کا اور رب ہے بزرگی والے عرش کا۔ (زاد المعاد)

(۳۶) اَللّٰهُمَّ ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا وَسَكَنَهَا وَلَا تَحْرِمْنِيْ بَرَكَةَ مَا اَعْطَيْتَنِيْ وَلَا تَفْتِنِّيْ فِيْمَا اَحْرَمْتَنِيْ۔

یا اللہ! دے ہماری زمین میں برکت اور شادابی اور امن اور نہ محروم رکھ مجھ کو اس چیز کی برکت سے جو تو نے مجھے عطا فرمائی اور مت آزمائش میں ڈال

مجھ کواس چیز کے بارے میں جو کہ مجھے نہ دے تو۔

(۳۷) اَللّٰھُمَّ لَكَ الْحَمْدُ شُکْرًا وَلَكَ الْمَنُّ فَضْلًا۔

یا اللہ! تیرے ہی لیے حمد ہے شکر کے ساتھ اور تیرے ہی لیے احسان ہے فضل کیساتھ۔

(۳۸) حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لوگوں نے غزوہ خندق کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! کیا اس نازک وقت کیلئے کوئی خاص دعا ہے جو ہم اللہ تعالیٰ کے حضور میں عرض کریں۔ حالت یہ ہے کہ ہمارے دل مارے دہشت کے اُچھل اُچھل کر گلوں میں آرہے ہیں تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہاں! اللہ تعالیٰ کے حضور میں یوں عرض کرو۔

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَاٰمِنْ رَوْعَاتِنَا

اے اللہ ہماری پردہ داری فرما اور ہماری گھبراہٹ کو بے خوفی اور اطمینان سے بدل دے۔

فائدہ:

ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ پھر اللہ تعالیٰ نے آندھی بھیج کر دشمنوں کے منہ پھیر دیئے اور اس آندھی سے اللہ تعالیٰ نے ان کو شکست دی۔ (معارف الحدیث، مسند احمد)

(۳۹) یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا مَوْجُوْدُ یَا جَوَّادُ یَا بَاسِطُ یَا کَرِیْمُ یَا وَهَّابُ یَا مُغْنِیْ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ اِنْفَحْنِیْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ ط اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ط نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ

وَفَتْحٌ قَرِيبٌ ط اَللّٰهُمَّ يَا غَنِيُّ يَاحَمِيدُ يَامُبْدِئُ يَامُعِيدُ يَاوَدُودُ يَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِيدُ يَافَعَّالًا لِّمَايُرِيدُ ط اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِيْ بِمَاحَفِظْتَ بِهِ الذِّكْرَ وَانْصُرْنِيْ بِمَانَصَرْتَ بِهِ الرَّسُوْلَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○

اے اللہ، اے اپنی خدائی میں تنہا، اے اپنی معبودیت میں یکتا، اے موجود، اے بہت بخشش کرنیوالے، اے بہت دینے والے، اے بڑی بخشش والے، اے غنی، اے غنی کرنیوالے، اے ہر رکاوٹ کے دور کرنیوالے، اے بہت رزق دینے والے، اے بہت جاننے والے، اے حکمت والے، اے زندہ، زندہ رہنے والے، اے قائم رکھنے والے، اے نگہبان، اے بڑے رحم والے، اے نہایت مہربان، اے زمین وآسمان کے موجد، اے جلال واکرام والے، اے نہایت مہربانی کرنیوالے، اے نہایت احسان کرنیوالے، اپنی طرف سے ایسی خیر کی روح پھونک دے جس کے ذریعہ سے تو مجھ کو تیرے ماسوا ہر ایک سے مستغنی کردے، اگر تم فتح وکامیابی طلب کرو گے تو کامیابی تم کو ملے گی، بیشک ہم نے آپ کو کھلی فتح دیدی، اللہ کی طرف سے مدد اور فتح قریب ہے، اے اللہ، اے غنی، اے تعریف کرنیوالے، اے ہر چیز کے موجد، اے سب کو دوبارہ زندہ کرنیوالے، اے نیکوں سے محبت رکھنے والے، اے صاحب عرش عظمت والے، اے اپنے ارادے کو کر ڈالنے والے، کفایت فرما مجھ کو اپنے حلال کے ذریعہ اپنے حرام سے اور غنی کردے مجھ کو اپنے فضل کے ذریعہ اپنے ماسوا سے اور حفاظت فرما میری اپنی اس قدرت کاملہ کے ذریعہ جس کے ذریعہ سے تو نے قرآن کریم کی حفاظت فرمائی اور نصرت فرما میری اپنی

قدرت تامہ کے ذریعہ جس کے ذریعہ سے تو نے رسول ﷺ کی مدد فرمائی یقیناً آپ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتے ہیں۔

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جس کسی کو منظور ہو کہ میرے مال کو زوال نہ ہو اور برکت اور خوشی حاصل ہو تو کہا کرے۔

(۴۰) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے اور اپنے رسول محمد ﷺ پر اور مومن مردوں اور مومن عورتوں پر اور مسلم مردوں اور مسلم عورتوں پر۔

باب نمبر 7

کشائش رزق کے متفرق وظائف

Qureshi R.W

قرض کی ادائیگی اور رزق میں برکت کیلئے

جو شخص قرض میں بندھا ہوا ہو اور ادائیگی کی کوئی صورت نظر نہ آتی ہو یا رزق میں کمی ہو، گزارہ مشکل سے ہوتا ہو یا کسی دشمن نے سحر جادو کے ذریعہ ترقی کے راستے باندھ دیئے ہوں۔ ان کے لیے یہ عمل بہت مفید اور کامیاب ہے۔ ترکیب عمل یہ ہے۔ نماز مغرب ختم کرنے کے بعد دو رکعت نفل ادا کرے۔ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے پھر سجدے میں سر رکھ کر نہایت خشوع و خضوع کے کلمات ذیل پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ وَاَنَا عَبْدُكَ یَارَبِّ رَحْمَتِكَ وَاَلْتَمِسُ رِضْوَانَكَ اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِنْ عَذَابِكَ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

اس کے بعد سجدہ سے سر اُٹھا کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حاصل ہونے کی دعا مانگے۔

ملازمت میں ترقی ہو

اگر افسر بالا پرواہ نہ کرتا ہو تو اس اسم پاک کو نیک ساعت میں باریک سفید کاغذ پر مشک و زعفران سے لکھے:

یَاحَیُّ حِیْنَ لَاحَیَّ فِیْ دِیْمُوْمَۃِ وَمُلْکِہٖ وَبَقَآئِہٖ

اس کے بعد پہلے اپنا نام اور بعد میں اس حاکم یا افسر کا نام لکھے۔ اور جس مکان میں وہ افسر رہتا ہے اس کی دیوار میں پاک جگہ پر رکھ دے تو وہ اس کی ترقی ملازمت کا خواہاں ہوگا۔ (ان شاء اللہ)

برائے ترقی روزگار

اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھیں اگر مرد ہے تو دائیں بازو پر باندھ لے۔ دوکان میں لگائے یا غلہ میں رکھے۔ اس نقش کی برکت سے کاروبار میں خوب ترقی ہوگی۔ نقش مجرب یہ ہے۔

یَارَزَّاقُ	یَافَتَّاحُ	یَابَاسِطُ	یَاوَھَّابُ
یَاوَھَّابُ	یَابَاسِطُ	یَافَتَّاحُ	یَارَزَّاقُ
یَافَتَّاحُ	یَارَزَّاقُ	یَاوَھَّابُ	یَابَاسِطُ
یَابَاسِطُ	یَاوَھَّابُ	یَارَزَّاقُ	یَافَتَّاحُ

کشائش رزق وتونگری ومنصب جاہ کیلئے

کشائش رزق (روزی میں ترقی) وتونگری، منصب جاہ کے لیے یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اور دوسرا نقش لکھ کر غلہ میں چسپاں کرے یعنی غلہ میں رکھ دے اور تیسرا نقش لکھ کر صندوق میں رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے ترقی ہوگی۔ مٹھائی سوا کلو خرید کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کی نیت سے بچوں میں تقسیم کر دے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۲۴۸۹	۲۴۹۲	۲۴۹۵	۲۴۸۲
۲۴۹۴	۲۴۸۳	۲۴۸۸	۲۴۹۳
۲۴۸۴	۲۴۹۷	۲۴۹۰	۲۴۸۷
۲۴۹۱	۲۴۸۶	۲۴۸۵	۲۴۹۶

فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

کی تلاوت دستِ غیب کے لیے بھی مفید و موثر ہے۔ ہر طرح کے ضرر سے بچنے کے لیے بھی، دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کے لیے اور اپنی عزت و آبرو کی حفاظت کے لیے بھی۔

شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ فرماتے ہیں کہ یہ آیت ان چاروں اہداف کے حصول میں کیمیا کا درجہ رکھتی ہے۔

طریقہ:

(۱) اگر غیب سے رزق حاصل کرنے کے لیے پڑھنا ہو تو اسم باری تعالیٰ الرزاق کے

عدد کے موافق تین سو آٹھ (۳۰۸) بار صبح و شام پڑھا کریں۔

(۲) اگر دشمنوں پر فتح پانے کے لیے پڑھنا ہو تو اسم الٰہی اَلنَّاصِرُ کے عدد کے موافق تین سو اکتالیس (۳۴۱) بار روزانہ صبح و شام پڑھیں۔

(۳) اگر اپنی عزت و آبرو کے تحفظ کے لیے پڑھنا ہو تو اسم خداوندی اَلْکَفِیْلُ کے عدد کے موافق ایک سو چالیس (۱۴۰) بار صبح و شام پڑھیں۔

(۴) اگر ہر قسم کے ضرر سے بچنے کے لیے پڑھنا ہو تو اسم ربانی اَلْکَافِیْ کے عدد کے موافق ایک سو گیارہ (۱۱۱) بار صبح و شام پڑھیں۔

فائدہ: جیسا کہ آج کل ملک میں انارکی، لاقانیت، قتل و غارت گری اور قدم قدم پر فائرنگ، بم دھماکوں اور ٹارگٹ کلنگ کا راج ہے، ان دنوں اس کا صبح و شام ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔ اس سلسلہ میں ہم ہر مارہ چند تعویذ بھی تیار کر کے دیتے ہیں جو ایسے واقعات سے صحیح و سالم نکلنے اور ہر طرح کے دھماکہ خیز مواد کے ضرر سے بچنے کے لیے نہایت موثر ہیں۔

مقروض کیلئے

بعض مرتبہ انسان اس امید پر کہ قرض لے لوں شاید کچھ نفع ہو جائے اور کاروبار چل نکلے لیکن ہر بار کاروبار میں نقصان ہوتا جاتا ہے اور قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے اور قرض اترنے کا نام نہیں لیتا ایسی صورت میں قرضہ دینے والے طرح طرح سے پریشان کرتے ہیں۔ جس سے تجارت اور کاروبار میں توجہ قائم نہیں رہتی اور نقصان ہوتا ہے۔ دوسری طرف دل اور دماغ بوجھل رہتے ہیں۔ قرض سے نجات کے لیے سب سے بہتر عمل وہ ہے جو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو فرمایا تھا۔ نماز مغرب کے بعد یہ دعا سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِىْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِىْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

غیب سے روزی پہنچے

وہاں سے رزق ملے کہ جہاں سے وہم وگمان میں بھی نہ ہو۔ اول درود ابراہیمی اور چہل کاف مع بسم اللہ شریف (٦٦) بار پڑھے۔ بعدازاں یہ آیت کریمہ ایک ہزار ایک بار پڑھے۔ پھر ایک بار درود ابراہیمی پڑھے۔ اسی طرح چالیس یوم پڑھے کہ ہر روز وقت مقررہ پر پڑھے۔ خواہ صبح ہو یا شام۔ مگر عشاء بہتر ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا اثر پانچویں چھٹے دن ہی ظاہر ہو جائے گا۔ کہ غیب سے ایک چیز پہنچے گی مگر لانے والے سے کسی قسم کی مزاحمت نہ کرے نہ دریافت کریں کہ تم کون ہو اور یہ کیا چیز ہے بس خاموشی سے وہ چیز لے کر حفاظت سے رکھ لیں۔ جب چالیس دن کی مدت ختم ہو تو چاہیے کہ ہر روز بعد نماز فجر اول وآخر درود شریف اور دس بار درج ذیل آیت مبارکہ پڑھتا رہے تاکہ عمل قائم رہے۔ اگر ہر نماز کے بعد ممکن نہ ہو تو صرف بعد نماز فجر ہی پڑھ لیا کرے اور چاہیے کہ یہ عمل برج ثابت اور عروج ماہ میں کریں۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَىْءٍ قَدْرًا۔

تنگدستی اور ظالم شوہر کے ظلم سے نجات

جو شخص بھوک، غربت، افلاس اور تنگدستی سے عاجز آگیا ہو۔ آمدن کے وسائل کہیں سے میسر نہ آرہے ہوں یا جس عورت کا شوہر ظالم ہو اور اسے بہت ستاتا ہو، اگر فجر اور مغرب

کے بعد ستر (۷۰) باراس درود شریف کا ورد رکھیں ۔تو ان شاء اللہ انہیں اپنی اپنی مصیبت سے جلد نجات مل جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ۔ وَجَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ مِنْ سَمَآءِ الْقُرْاٰنِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّسَلِّمْ

کاروبار کی بندش دور کرنا

آج کل یہ خباثت تمام ہو چکی ہے کہ فتنہ پرور اور حاسدین قسم کے لوگ چلتے چلاتے کاروبار کو سفلی عمل کے ذریعے باندھ دیتے ہیں۔نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اچھا خاصا کاروبار تباہ وبرباد ہو جاتا ہے اور انسان کا ہاتھ تنگ ہو جاتا ہے قرض بڑھنے لگتا ہے۔گھر میں معاشی تنگی شروع ہو جاتی ہے۔اور انسان کی عزت داؤ پر لگ جاتی ہے۔جو شخص یہ محسوس کرے کہ اس کے کاروبار کی بندش کر دی گئی ہے۔ وہ روزانہ عشاء کی نماز کے بعد باوضو ''یَامُنْتَقِمُ'' چھ سو چالیس (۶۴۰) مرتبہ پڑھے۔اول آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھے۔اور اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور ایک نقش دوکان میں لٹکا دے۔ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس (۲۱) دن کے اندر اندر بندش کھل جائے گی اور بُرے اثرات سے نجات ملے گی۔نقش یہ ہے۔

۱۶۵	۱۷۸	۱۷۵	۱۷۲
۱۷۶	۱۷۱	۱۶۶	۱۷۷
۱۷۰	۱۷۳	۱۸۰	۱۶۷
۱۷۹	۱۶۸	۱۶۹	۱۷۴

قرض اتارنے کا نسخہ

اگر کوئی قرضے کے جال میں پھنس گیا ہو اور قرض اتارنے کے اسباب مہیا نہ ہو رہے ہوں تو اسے چاہیے کہ سب سے پہلے پختہ نیت اور اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کرے کہ میں ہر صورت اپنا قرض اتاروں گا۔ پھر روزانہ عصر کی نماز کے بعد سورہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ اکتالیس بار پڑھ کر اللہ سے مدد مانگے ان شاء اللہ قرض کی ادائیگی کا کوئی راستہ نکل آئے گا۔

دوکان و مکان کی بندش ختم کرنے کیلئے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھے اور دوکان میں اس طرح لگائے کہ نقش دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دیں۔ اگر بندش ہوگی کھل جائے گی جادو سفلی ہوگا تو اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔ دوکان خوب چلے گی۔ منافع بہت ہوگا۔ یہ نقش کچی کالی روشنائی اور لکڑی کے قلم سے موٹے حروف سے لکھے۔ نقش معظم یہ ہے۔

یَااَللّٰهُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحِیْمُ
یَامَالِكُ	یَارَزَّاقُ	یَاقَادِرُ
یَارَزَّاقُ	قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ	یَارَزَّاقُ
اَلْحَمْدُلِلّٰهِ	یَارَزَّاقُ	اَلْحَمْدُلِلّٰهِ
یَارَزَّاقُ	اَللّٰهُ الصَّمَدُ	یَارَزَّاقُ

ادائیگی قرض کا عمل

اس مقصد کے لیے ہر فرض نماز کے بعد اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ حشر کی سات مرتبہ تلاوت کرے پھر اپنے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے۔ یہ عمل چالیس یوم جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ پہاڑ کی مانند قرض بھی اتر جائے گا۔

حصول ملازمت

آج کل بے روزگاری سب سے بڑا مسئلہ ہے۔ اگر کسی کو روزگار نہ ملتا ہو، کوشش کے باوجود ملازمت نہ ملتی ہو یا ملتی ہو تو اس کے معیار کی نہ ملتی ہو تو اسے چاہیے کہ وہ فجر یا عشاء کے بعد روزانہ درج ذیل دعا ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھا کرے۔ لیکن جو وقت پہلے دن مقرر کرے اکتالیس روز تک اسی وقت پر پڑھے۔ ان شاء اللہ ملازمت مل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ و يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَيَاخَالِقَ الْاَبْصَارِ وَيَا دَلِيْلَ الْمُتَحَيِّرِيْنَ اَرْشِدْنِىْ وَيَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ اَغِثْنِىْ۔ تَوَكَّلْتُ عَلَيْكَ يَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِىْ اِلَيْكَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمَ ـ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ۔

ملازمت کے لیے

بعض لوگ بے روزگاری سے تنگ آ کر خودکشی کر لیتے ہیں۔ بعض مرتبہ مایوس ہو کر چوری، ڈاکے اور غلط لائن میں لگ جاتے ہیں۔ جس کے سبب اہل خانہ اور پورا خاندان

متاثر ہوتا ہے اور بعض مرتبہ جیل میں بند ہو جاتے ہیں اور بعض لوگ کسی سخت جرم میں پھانسی چڑھ جاتے ہیں۔ نوکری اور ملازمت کے لیے یہ عمل بہت مناسب اور کارآمد ہے۔ سات روز تک مسلسل بلاناغہ جمعرات، جمعہ، ہفتہ، اتوار، پیر، منگل، بدھ کے دنوں میں مغرب کی نماز کے بعد مسجد میں اعتکاف کی نیت کر کے بیٹھ جائیں اور عمل کریں۔

یَاکَافِیُّ یَاغَنِیُّ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ

تین ہزار مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک سو بار آیت الکرسی پڑھیں اور دل میں ملازمت ملنے کی نیت رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سات دن پورے ہونے سے پہلے ہی ملازمت مل جائے گی۔ ورنہ ایک ہفتہ یہ عمل اور کر لیں ان شاء اللہ تعالیٰ اگلے ہفتے تک کوئی روزگار ضرور مل جائے گا۔

بے روزگاری سے نجات کے لیے

بے روزگار حضرات روزانہ عشاء کی نماز کے بعد یہ وظیفہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد روزگار لگ جائے گا۔ یَاوَھَّابُ ۱۴ مرتبہ اور

یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَۃِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

برائے ترقی تنخواہ

روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح (ایک سو مرتبہ) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پابندی کے ساتھ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آمدنی میں اضافہ ہوگا۔ اور جو دلی خواہش ہوگی پوری ہوگی۔

دولت ونعمت

دنیا کے طلب گار اس اسم کو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ روزانہ پڑھا کریں۔ ملازمت کی ترقی، دولت کی زیادتی دیکھیں۔

یَامُجِیْبَ الضَّنَاعِ فَلَا تَنْطِقُ الْاَنْسُ بِکُلِّ الْاٰیَۃِ وَنَعْمَائِہٖ وَثَنَائِہٖ

مال ودولت میں ترقی وبرکت

یوں تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ تعلیم دی ہے کہ وہ جمعہ کو پوری سورہ کہف یا اس کی ابتدائی دس آیات جو شخص پڑھتا رہے گا، اللہ تعالیٰ اسے دجال کے فتنہ سے محفوظ رکھیں گے۔ علمائے عاملین نے مال ودولت میں برکت اور ترقی کے لیے بھی سورہ کہف کو مجرب پایا ہے۔ اس کے لیے وہ اس کا نماز جمعہ کے بعد پڑھنا تجویز فرماتے ہیں۔ چنانچہ اگر اس کا معمول بنالیں تو ایک عمل سے دو فوائد حاصل ہو جائیں گے۔

یَاوَھَّابُ کا عمل اور رزق کا خزانہ

۱۔ جو شخص صبح کی نماز کے بعد ''یَاوَھَّابُ'' کا تین سو مرتبہ ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کو کشادہ کردے گا اور اسے اتنا عطا کرے گا کہ اس سے سمیٹا نہ جائے گا۔

۲۔ جو شخص فقر وفاقہ میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ چاشت کی نماز کے بعد آخری سجدے میں چالیس مرتبہ ''یَاوَھَّابُ'' پڑھے اگر اس عمل کی پابندی کسی نے چالیس دن کرلی تو اللہ تعالیٰ اس کے فقر وفاقہ کو دور کردے گا۔

۳۔ اگر کوئی شخص نصف شب کے بعد اپنے گھر کے صحن میں کھڑے ہو کر تین سو مرتبہ ''یَا وَھَّابُ'' پڑھے گا تو چند دنوں میں اس کی غربت رفع ہو جائے گی۔ اگر کوئی شخص دن میں دس بجے وضو کر کے قبلہ رو کھڑے ہو کر (سوۃ العلق کی آیت نمبر ۱۹،) وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ پڑھے پھر فوراً سجدے میں چلا جائے اور تین مرتبہ تسبیح پڑھنے کے بعد سات مرتبہ ''یَا وَھَّابُ'' پڑھے تو کچھ ہی دنوں میں اس کی مالی مشکلات ختم ہو جائیں گے۔

۴۔ غریب آدمی اگر دن کو دس بجے وضو کرے پھر چار رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت ادا کرے۔ نماز سے فراغت کے بعد سجدے میں جائے اور ایک سو چار مرتبہ ''یَا وَھَّابُ'' پڑھے گا ہر مہینے میں سات مرتبہ عمل کر لیا کرے تو چند ماہ کے اندر اندر اس قدر رزق ملے گا کہ عقل حیران رہ جائے گی۔

۵۔ منقول ہے کہ حضرت سلیمان علیہ السلام نے ایک مرتبہ مناجات کی اور پروردگار عالم سے پوچھا کہ اے پروردگار تجھ سے کس وسیلہ سے مانگوں تا کہ میری ہر دعا قبول ہو۔ جواب ملا اس کا وسیلہ اختیار کر جس کے ذریعے مانگنے والے کو ہم بے حساب عطا کرتے ہیں۔ حضرت سلیمان علیہ السلام نے دریافت کیا کہ وہ کون سا نام ہے۔ اس پر حق تعالیٰ نے اپنا نام ''یَا وَھَّابُ'' بتایا۔ جناب سلیمان علیہ السلام پر یہ نام واضح ہوا تو آپ نے اس کا ورد اختیار کیا اور اس کی برکت سے آپ کو جن و انس کی بادشاہت عطا کی گئی۔ اگر چاشت کے نفلوں کے آخری سجدہ میں اس کو ۱۴ بار پڑھے تو غناء قبولیت اور ہیبت و بزرگی پیدا ہوگی۔

ملازمت کا بہترین عمل

جو شخص بیروزگار ہو اور روزگار کے سلسلے میں بہت پریشان ہو تو مندرجہ ذیل آیت کو روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز تہجد پابندی کے ساتھ بلاناغہ باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔

ان شاء اللہ چند روز کے بعد اس کو ملازمت مل جائے گی اور ہر شخص تعریف کرے گا کہ یہ بڑا نیک اور غریب ہے یہ عمل بڑا پُراثر اور تیر بہدف ہے۔ اس کے پڑھنے سے فوراً نوکری مل جاتی ہے۔ آدمی بے روزگار نہیں رہتا اور وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ ○ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ○ غَافِرِ الذَّنْبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ

مالی مقاصد حاصل ہوں

اگر کوئی مالی نوعیت کا معاملہ اٹک گیا ہو اور اس کا حل نہ نکلتا ہو یا کوئی چیز خریدنا چاہیں مگر اس کی قیمت آپ کی پہنچ سے باہر نکل جائے یا کوئی اہم چیز خریدنا چاہتے ہیں لیکن آپ کے مقابلے میں اور خریدار آجائیں جن کی وجہ سے اندیشہ ہو کہ سودا وہ لے جائیں گے یا کوئی ٹھیکہ لینا چاہتے ہیں اور میدان میں بڑی پارٹیاں اتر آئی ہوں جن کے ہوتے ہوئے آپ کو اپنی دال گلتی معلوم نہ ہوتی ہو یا کسی بھی قسم کا بڑا مالیاتی معاملہ آپ کے ہاتھ سے سرکتا، پھسلتا محسوس ہو تو یہ عمل کریں۔ ان شاء اللہ غیب سے ایسے اسباب بنیں گے کہ بازی آپ کے ہاتھ میں رہے گی۔ پہلے سو بار یہ درود شریف پڑھیں۔

(۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

(۲) پھر سورۃ الطلاق کی یہ آیات ایک سو چھپن (۱۵۶) بار پڑھیں۔

وَ مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ○ وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۭ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ○

تعداد کا خاص خیال رکھیں۔ایک بار کی بھی کمی بیشی نہ کریں۔

برائے ترقی تنخواہ

اگر آپ سرکاری ملازم ہیں اور تنخواہ آپ کی قلیل ہے تو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح چہل کاف کی مع ''بسم اللہ'' اپنے مقصد کو مدنظر رکھ کر پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تنخواہ میں بہت جلد اضافہ ہو جائے گا۔ بسم اللہ شریف پوری پڑھیں، خلوص دل کے ساتھ پڑھیں اور تسبیح پوری کرنے کے بعد عجز و انکساری کے ساتھ رب العزت سے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ دعا قبول ہوگی۔ چہل کاف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلْكَا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّفِيْ كَبِدٍ۔ تَحْكِيْ مُشَكْشِكَةً كَلْكُلِكَ لَكَكَا كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

ہمیشہ غنی رہنے کا عمل

بعض علماء کہتے ہیں کہ جس شخص کو غنا اکبر اور کنز عظیم حاصل کرنا ہے تو وہ آنے والی آیت کو سونے یا چاندی کی تختی پر جمعرات کی پہلی ساعت میں نقش کر کے اپنے پاس رکھے اگر عمل پورا کرنا چاہے تو چالیس دن روزہ رکھے اور حیوانی چیز نہ کھائے۔ حلال کمائی سے روزہ کھولے آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط

بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

روزانہ طلوع آفتاب کے بعد سورہ والضحیٰ ایک ہزار بار پڑھے پھر یہ الفاظ کہے۔

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ عَلَيَّ الْيُسْرَ الَّذِیْ يَسَّرْتَهٗ عَلٰى كَثِيْرٍ مِنْ عِبَادِكَ فَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

ترجمہ: اے اللہ میرے لیے وہ کشادگی آسان کردے جسے تو نے اپنے بندوں میں سے کثیر پر آسان کیا اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے غیر سے بے پرواہ و غنی کردے۔

اس تعویذ کو ایک پاک تھیلی میں چالیس روپوں کے ساتھ رکھے پھر جس قدر خرچ کرنے ہوں اسی قدر آیت پڑھے اس میں سے روپے لے کر خرچ کرے۔ تھیلی کے روپے کبھی کم نہ ہوں گے جس قدر جی چاہے خرچ کرتا جائے۔ یہ ارباب احوال کے ساتھ مخصوص ہے۔ مگر اس کے لئے خلوص نیت شرط ہے۔ ہم نے تمہارے لیے تونگری کا دروازہ کھول دیا، اب اس کا حصول تمہارے اختیار میں ہے۔ وزارت اور امارت حاصل کرنے کے لیے یہ آیات ہیں۔

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ هٰرُوْنَ اَخِي اشْدُدْ بِهٖۤ اَزْرِیْ وَجَعَلْنَا مَعَهٗۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا۔

ترجمہ: اور میرا وزیر میرے اہل سے بنا، میرے بھائی ہارون کو جس سے میں اپنا بازو مضبوط کروں اور ہم نے اس کے ساتھ اس کے بھائی ہارون کو وزیر بنایا۔

فقر اور تنگی معاش کا علاج

مواہب لدنیہ میں روایت ہے کہ ایک شخص حضور اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور یہ عرض کیا کہ حضور ﷺ دنیا میری طرف سے پیٹھ پھیر کر چلی گئی۔ حضور ﷺ نے فرمایا کہ ملائکہ کی تسبیح پڑھا کرو۔ عرض کیا کہ حضور ﷺ! ملائکہ کی تسبیح کیا ہے؟ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

سو مرتبہ پڑھا کرو۔ یہ سن کر وہ شخص چلا گیا اور چند روز کے بعد آیا اور عرض کیا کہ حضور ﷺ! خدا نے مجھے اتنا دیا کہ میرے گھر میں رکھنے کی جگہ نہیں رہی۔

تنگ دستی کا علاج استغفار ہے

یہ عمل بھی نبی اکرم ﷺ کا سکھلایا ہوا ہے۔ ایک صحابیؓ نے حاضرِ خدمت ہوکر اپنی مالی پریشانی کا تذکرہ کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کثرت سے استغفار کا اہتمام کرو تو تمہاری تنگدستی دور ہو جائے گی۔ پھر آپ ﷺ نے سورہ نوح کی یہ آیات بھی تلاوت فرمائیں۔

فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ط اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا o يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا o وَّ يُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّ بَنِيْنَ وَ يَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ اَنْهٰرًا o

کاروبار میں خسارے کے وقت کا عمل

اگر کوئی غم اور پریشانی میں مبتلا ہو، یا اس کی مالی حالت بگڑتی جارہی ہو، یا اسے

کاروبار میں نقصان ہو رہا ہو، تو اسے چاہیے کہ وہ درج ذیل آیت کو کثرت کے ساتھ پڑھے۔

إِلَّا رَحْمَةً مِّن رَّبِّكَ ۔۔إِنَّ فَضْلَهُ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيرًا۔

ٹرانسفر کے لیے

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا تبادلہ مطلوبہ اور پسندیدہ جگہ پر ہو جائے تو اول سات بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ۷۰ بار یہ آیت پڑھے۔ جب مُدْخَلَ صِدْقٍ کے الفاظ پڑھے تو جہاں کا تبادلہ مقصود ہو اس جگہ کا تصور کرے اور مُخْرَجَ صِدْقٍ کے الفاظ پڑھے۔ تو جہاں سے تبادلہ کروانا ہے۔ اس جگہ کا تصور کرے۔ اور سُلْطَانًا نَّصِيرًا کے الفاظ پڑھے تو یہ تصور کرے کہ عزت کے ساتھ تبادلہ ہو۔ آخر میں سات بار درود شریف پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَقُل رَّبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَاجْعَل لِّي مِن لَّدُنكَ سُلْطَانًا نَّصِيرًا۔

رزق، تنخواہ، عہدہ میں ترقی کیلئے

روزی میں اضافہ، ترقی، تنخواہ اور عہدہ میں ترقی کے لیے ان مبارک آیتوں کا تیرہ مرتبہ روزانہ مغرب کی نماز کے بعد پڑھنا اور ہمیشہ اس عمل کو بجالانا نہایت مجرب اور مفید ہے۔ وہ آیات یہ ہیں۔

وَمَن يَتَّقِ اللَّهَ يَجْعَل لَّهُ مَخْرَجًا ۝ وَيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۚ وَمَن يَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ فَهُوَ حَسْبُهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ بَالِغُ

اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۝

(از حضرت مولانا ناظر حسن صاحبؒ)

بعد نماز عشا سو (۱۰۰) مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف روزانہ بلاناغہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

برائے ادائیگی قرض

عشاء کے بعد ایک مرتبہ اس کو پڑھ لیا کریں مجرب ہے۔

یَااَللّٰہُ یَااَحَدُ یَاوَاحِدُ یَامَوْجُوْدُ یَاجَوَّادُ یَابَاسِطُ یَاکَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَاذَاالطَّوْلِ یَاغَنِیُّ یَامُغْنِیْ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ یَاعَلِیْمُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ انْفِحْنِیْ مِنْكَ بِنَفْحَۃِ خَیْرٍ غْنِیْنِیْ بِھَا عَمَّنْ سِوَاكَ فَعَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّاْتِیَ بِالْفَتْحِ اَوْاَمْرٍ مِنْ عِنْدِہٖ اَنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَاءَکُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَالَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا نَصْرٌمِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ۔ اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ یَامُبْدِئُ یَامُعِیْدُ یَاوَدُوْدُ یَاذَاالْعَرْشِ

اَلْمَجِیْدِ۔ یَافَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ وَاحْفِظْنِیْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّکْرَ وَانْصُرْنِیْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَسَلَّمَ۔

ادائیگی قرض کالاجواب عمل

کوئی آدمی اگر قرض کے ہاتھوں بہت پریشان ہوگیا ہو اور دور دور تک قرض کی ادائیگی کے اسباب نظر نہ آتے ہوں تو ہر نماز کے بعد ایک.

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِي الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَيْءٍ قَدِیْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّیْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّیْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَیِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ○

اَللّٰهُمَّ یَارَحْمٰنَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِیْمَهُمَا تُعْطِیْ مَنْ تَشَآءُ وَتَمْنَعُ مَنْ تَشَآءُ۔ اَسْئَلُکَ اَنْ تَرْحَمَنِیْ فَارْحَمْنِیْ رَحْمَةً تُغْنِیْنِیْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاکَ

پھر تین بار درود شریف پڑھ لے۔

فائدہ: مالی وسعت اور قضائے حاجت کے باب میں ہر عمل کے ساتھ دور دِ نار یہ کا

پڑھنا عمل کی تاثیر کو دوآتشہ کر دیتا ہے اگر وہ یاد نہ ہو تو کوئی سا بھی درود شریف پڑھ سکتے ہیں۔

ملازمت کا بہترین عمل

جو شخص بیروزگار ہو اور روزگار کے سلسلے میں بہت پریشان ہو تو مندرجہ ذیل آیات و دیگر کلمات کو روزانہ بعد نماز عشاء یا بعد نماز تہجد پابندی کے ساتھ بلاناغہ باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ چند روز کے بعد اس کو ملازمت مل جائے گی اور ہر شخص تعریف کرے گا کہ یہ بڑا نیک اور غریب ہے یہ عمل بڑا پُراثر اور تیر بہدف ہے۔ اس کے پڑھنے سے فوراً نوکری مل جاتی ہے۔ آدمی بے روزگار نہیں رہتا اور وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حٰمٓ ۝ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۝ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِى الطَّوْلِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ بِسْمِ اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا۔ يٰسٓ

فائدہ: اس عمل کی بدولت بحمد اللہ بہت لوگ کامیاب رہے ہیں۔ ادھر پڑھا اُدھر ملازم ہو گئے لیکن بعد ملازمت چالیس دن پورے کرنے ہیں (یعنی چالیس دن تک برابر پڑھتا رہے) ایسا نہ کرے کہ درمیان میں چھوڑ دے اور بعد ختم چلہ اس کو ایک بار ضرور پڑھ لیا کرے تاکہ مالک یا حاکم خوش رہے۔ پھر صفت یہ ہے کہ مالک یا حاکم، افسر جس کے ماتحت آپ ملازم ہیں بلا مشورہ آپ کے کوئی کام نہ کرے گا۔ اور جو آپ رائے دیں گے اس پر عمل درآمد کرے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

بند کاروبار چل پڑے

جس کا کاروبار بوجہ سحر یا ٹونہ بند ہو گیا ہو اور اس کی وجہ سے نقصان کا سامنا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے کٹورہ بھر پانی لے کر اس پر ستر مرتبہ سورہ رحمٰن کی آیت

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝

مع اول آخر درود شریف تخیناً گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اپنی کاروباری جگہ پر وہ پانی چاروں کونوں اور دروزاے کے ٹکڑوں میں اچھی طرح چھڑک دیں۔

ہر روز فاتحہ سات مرتبہ، سورہ اخلاص سات مرتبہ، آیت الکرسی سات مرتبہ، جس میں کلمہ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا کیس بار یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ اکیس مرتبہ اور درود تخیناً سات بار پڑھ کر دوکان کے چاروں کونوں میں پھونک لگائیں۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں ان شاء اللہ اکتالیس روز کے عمل سے مکمل بندش ختم ہو کر کاروبار عروج پر چلا جائے گا۔

قرض کی ادائیگی کا انتظام

کسی شخص نے قرض لیا مگر حالات اتنے بگڑ گئے کہ قرض کا بوجھ اترنا مشکل ہو گیا اور قرض خواہ اپنی رقم کے لئے گھر کے چکر لگا رہے ہیں اور یہ منہ چھپاتا پھر رہا ہے۔ قرض سے جان چھڑانے کے تمام راستے بند ہیں کوئی حل سمجھ میں نہیں آتا۔ اس سلسلے میں یہ عمل بڑا مفید اور کارآمد ہے۔ عمل یہ ہے۔

رات کو سوتے وقت تازہ وضو کر کے پاک وصاف بستر پر لیٹ جائیں اور اول تین

بار درود شریف پڑھیں اس کے بعد ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر کسی سے بات نہ کریں اور قبلہ کی طرف چہرہ کر کے سو جائیں۔ سو جانے کے بعد کسی طرف چہرہ گھوم جائے یا دوسری طرف کروٹ لے لی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ خواب میں راستہ بتا دیا جائے، قرض سے نجات کا عمل بتا دیا جائے گا یا پھر قرض کی ادائیگی کے اسباب غیب سے پیدا ہوں گے۔

فراخی رزق اور بے شمار فوائد کا عمل

اللہ تعالیٰ کے اسماء اَلْبَاسِطُ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ جلیل اسم ہیں۔ان کے ذکر سے نسیان دور ہوتا ہے اور رزق میں کشادگی ہوتی ہے جو شخص کسی مہینہ کی چودھویں تاریخ کو چاندی کی انگوٹھی جس پر سونے کا ملمع ہو پر اسم الباسط کا مربع چار در چار نقش کر کے پہنے تو اس کے دل میں سرور پیدا ہوتا ہے اور رزق کشادہ ہوتا ہے ان اسماء میں ایسے اسرار ہیں جن کی شرح ممکن نہیں ہے۔

فراخی رزق اور تجارت میں ترقی

اللہ تعالیٰ کے اسماء اَلْکَرِیْمُ الْوَھَّابُ کے ذکر سے رزق، عمر اور تجارت میں ترقی ہوتی ہے ان کا ذاکر کبھی فقیر نہیں ہوتا جو شخص ان دونوں اسماء کو عقیق کی انگوٹھی پر کندہ کر کے بائیں ہاتھ میں پہنے تو اسے رزق آسانی سے ملے اور لوگوں کے دل اس کی طرف مائل ہوں جو شخص ان کے حروف کو تکسیر کر کے سونے چاندی یا زعفران سے شرف شمس میں لکھ کر روپوں کی تھیلی میں رکھے اور ان میں سے خرچ کرتا رہے تو روپے کبھی ختم نہ ہوں بشرطیکہ سب روپے ایک دم نہ نکالے جائیں۔

کاروبار میں ترقی کیلئے

جس آدمی کا کاروبار ٹھپ ہو چکا ہو اور روز بروز نقصان ہو رہا ہو تو اسے چاہیے کہ سورۃ القریش باوضو کثرت سے اس نیت سے پڑھے کہ کاروبار کھل جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

حصول روزگار کے لیے

بے روزگار کے لیے یہ عمل بہت ہی نافع ہے ایسے افراد جو بے روزگاری کے ہاتھ تنگ آ چکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لیے درود ہزارہ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلا ناغہ اکتالیس مرتبہ درود ہزارہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود تنجینا پڑھے۔ اس طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے۔ درمیان بھی ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے۔

ہر روز جب درود ہزارہ اکتالیس مرتبہ پڑھ لیا کرے تو پھر ذیل میں دی ہوئی دعا تیرہ مرتبہ پڑھ کر اپنی حاجت کے حصول کے لیے بارگاہ ایزدی میں دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ سورہ فاتحہ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا اور پریشانی جاتی رہے گی۔ معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی۔

يَامُفَتِّحُ فَتِّحْ يَامُفَرِّجُ فَرِّجْ يَاحَسْبُنَا مُسَبِّبْ يَامُنْعِم وَحَسْبُنَا اللّٰهِ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

یقین اور خلوص نیت کے ساتھ ہر روز اس عمل کی برکت سے پردہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کے اسباب پیدا فرما دیتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے بے روزگا افراد بہتر روزگار حاصل کر سکتے ہیں۔

فقر و تنگدستی سے نجات

جو شخص روزانہ سو بار (۱۰۰) مندرجہ ذیل کلمات کہے گا وہ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا۔ فقر و تنگدستی سے نجات پائے گا۔ پابندی ضروری ہے تا کہ مکمل اثرات ظاہر ہوں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

کاروبار اور دکان کھولنے کا عمل اور نقش

اگر کسی کی دوکان نہ چلتی ہو اسے چاہیے کہ اس نقش کو مشتری کی ساعت میں لکھ کر گتے پر چسپاں کر دے اور ٦٦ بار چہل کاف اس پر دم کر دے۔ اس نقشہ کو شیشے کے فریم میں جڑا کر گھر یا دوکان میں لٹکا دیں۔ ان شاء اللہ دکان کی بکری بڑھ جائے گی اور گھر کو کسی نے باندھ دیا ہو تو وہ کھل جائے گا اور کسی نے جادو کرایا ہے تو اس کا اثر باطل ہو جائے گا۔ اور جو لوگ اس گھر میں رہتے ہیں وہ بھی ہر قسم کی مصیبتوں سے بالکل محفوظ رہیں گے۔ گھر اور کاروبار کے دشمن زیر ہوں۔

نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

یَااَللّٰہُ	یَارَحْمٰنُ	یَارَحِیْمُ
یَامَالِكُ	یَارَزَّاقُ	یَاقَادِرُ
یَارَزَّاقُ	قُلْ ھُوَاللّٰہُ اَحَدٌ	یَارَزَّاقُ
اَلْحَمْدُلِلّٰہِ	یَارَزَّاقُ	اَلْحَمْدُ
یَارَزَّاقُ	اَللّٰہُ الصَّمَدُ	یَارَزَّاقُ
یَاکَافِی المھمات	یَاکَفِیْلُ	یَااَللّٰہُ

ان شاء اللہ تمام جملہ کام پورے ہوں گے۔ پیر کے دن سورج نکلنے سے تیسرے گھنٹے میں جمعہ سورج نکلنے سے پانچویں گھنٹہ میں اور جمعرات کوسورج نکلنے سے پہلے گھنٹہ میں اس کو لکھے۔ اور اس فریم کووقتاً فوقتاً کپڑے سے صاف کرتا رہے۔ اور نقش کو موٹے قلم سے لکھوائے تاکہ دور سے نظر آئے۔

غیب سے رزق پانے کیلئے

اِنَّ وَلِیِّ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ صلے وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ۔

غیب سے رزق حاصل کرنے کے لیے یہ فقرہ بہت اثر رکھتا ہے۔ اور انتظام شہر اور گھر کے واسطے خصوصی مفید ہے۔ اگر پڑھنے والے کو نماز میں حلاوت ملتی ہے توصلوٰۃ التسبیح

کی طرح پڑھے اور جوذکر میں بہت حلاوت حاصل ہوتی ہے۔تو موافق عدد اسم ''وَلِیُّ'' کے یعنی چھالیس (۴۶) مرتبہ بعد ہر نماز کے پڑھا کرے۔

برائے بازیابی سرمایہ

جس شخص کا سرمایہ، یا رقم کہیں پھنس گئی ہو، تو اس کی جلد بازیابی کے لیے مندرجہ ذیل آیت ہر نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

کشادگی معاش

اگر کوئی شخص فقر و فاقہ میں مبتلا ہو اور رزق میں تنگی ہو۔کوشش کرنے کے باوجود بھی اس کا کاروبار نہ چلتا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز صبح سے پہلے آسمان کے نیچے ننگے سر ہو کر یہ آیت شریف پڑھے۔

وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ

پانچ سو مرتبہ پڑھے۔(اول و آخر پانچ پانچ مرتبہ درود شریف ضروری ہے) اس کے بعد دعا مانگ کر نماز فجر ادا کریں۔اللہ تعالیٰ آپ کی غربت اور پریشانی دور فرمائے گا۔ اور آپ کے رزق میں اضافہ ہوگا۔

روزی میں برکت

اگر کوئی شخص سورۃ صفت کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت ہو وہ کسی کا محتاج نہ رہے۔ اس سورت کے کل اعداد ۲۶۴۷۵۴ ہیں اور اس کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۶۱۸۸	۶۶۱۹۱	۶۶۱۹۴	۶۶۱۸۱
۶۶۱۹۳	۶۶۱۸۲	۶۶۱۸۷	۶۶۱۹۲
۶۶۱۸۳	۶۶۱۹۶	۶۶۱۸۹	۶۶۱۸۶
۶۶۱۹۰	۶۶۱۸۵	۶۶۱۸۴	۶۶۱۹۵

رزق دروازے توڑ کر آئے

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے کہ جو آدمی گھر میں داخل ہوتے وقت تین باتوں کا اہتمام کرے، رزق اس کے دروازے توڑ کر آئے گا۔

(۱) داخل ہوتے وقت دروازے پر السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہے خواہ سامنے کوئی موجود ہو یا نہ ہو۔

(۲) اس کے بعد ایک بار سورۃ الاخلاص پڑھے۔

(۳) پھر مجھ پر ایک بار درود بھیجے۔

مال جلد فروخت ہو

دکان میں مال جلد فروخت ہونے کے لیے باوضو مندرجہ ذیل آیت لکھ کر مال و متاع میں رکھیں۔ان شاء اللہ تعالیٰ مال جلد فروخت ہوگا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ فَاسۡتَبۡشِرُوۡا بِبَيۡعِكُمُ الَّذِىۡ بَايَعۡتُمۡ بِهٖط وَذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيۡرِ خَلۡقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصۡحَابِهٖ اَجۡمَعِيۡنَ

دولت مند بننے کے لیے ایک عمل

بعد نماز فجر سورۂ مزمل بسم اللہ شریف کے ایک ساتھ مرتبہ روزانہ پڑھا کرے اور اس سورۃ پڑھنے میں جب رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَ الۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذۡهُ وَكِيۡلًا پر پہنچے تو اس آیت کو تین مرتبہ پڑھے اسی طرح تین مرتبہ وَ اللّٰهُ يُقَدِّرُ الَّيۡلَ وَ النَّهَارَ پڑھے اور تیسری مرتبہ يَبۡتَغُوۡنَ مِنۡ فَضۡلِ اللّٰهِ تین مرتبہ پڑھے۔اور چوتھی مرتبہ وَ اسۡتَغۡفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ تین مرتبہ پڑھے۔روزی ملنے کے علاوہ اور جو کوئی حاجت ہوگی وہ بھی حاصل ہو جائے گی۔

روزی کی تنگی دُور کرنا

اگر کسی کی روزی میں برکت نہ ہو اور ہمیشہ تنگی سے گزارہ ہوتا ہو اسے چاہیے کہ روزانہ پابندی کے ساتھ فجر کی نماز کی سنت اور فرض کے درمیان (یعنی سنت پڑھ کر پڑھے پھر فرض پڑھے۔لیکن شرط یہ ہے کہ مسجد میں اذانِ فجر سے پہلے پہنچے اور اذان ہوتے ہی دو سنت پڑھ کر یہ عمل پڑھے پھر جماعت میں شامل ہو کر فرض ادا کرے) ستر (۷۰) مرتبہ

یہ آیت پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روزی کی تنگی دور ہوگی۔ رزق وافر ملے گا اور گھر میں برکت ہوگی۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

دکان میں برکت کے لیے

کسی نیک آدمی سے بعد نمازِ جمعہ یہ آیت لکھوا کر دکان پر لگادیں ان شاء اللہ تعالیٰ خوب بکری (سیل) ہوگی۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ۔

مال تجارت میں برکت اور ترقی

ایک کاغذ پر درج ذیل آیت اور درود شریف لکھ کر مال تجارت میں رکھ لیں تو اس مال میں اللہ تعالیٰ بہت برکت، ترقی اور نفع عطا فرمائیں گے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ۔ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ۔

دوکان کاروبار میں خیر و برکت کیلئے

دوکان یا کارخانہ کے چلنے کے لیے ان مبارک آیتوں کا تین سو تیرہ دفعہ روزانہ

پڑھنا اور مشک وزعفران سے لکھ کر بطور نقش دوکان یا کارخانہ میں لگانا نہایت مفید اور مجرب عمل ہے۔آیتیں یہ ہیں۔

رَبِّ هَبْ لِیْ مُلْكًا لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِیْ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّیْحَ بِاَمْرِهٖ رُخَآءً حَیْثُ اَصَابَ وَالشَّیَاطِیْنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّ غَوَّاصٍ وَّاٰخَرِیْنَ مُقَرَّنِیْنَ فِی الْاَصْفَادِ هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔

رزق میں کشادگی اور بیروزگاری سے نجات

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ

۳۳۹ مرتبہ روزانہ حسب سہولت پڑھنے سے رزق میں کشادگی ہوتی ہے اور اگر بے روزگاری ہو تو اس سے نجات ملتی ہے۔

کاروبار میں ترقی کیلئے

یہ نقش باوضو زعفران سے لکھ کر پلاسٹک کوٹنگ کرا کے یا فریم کرا کر اپنی دوکان میں دروازے کے بالکل مقابل والی دیوار پر لگائیں یا کاروبار کرنے والی جگہ پر موم جامہ کر کے کالے چمڑے یا کالے کپڑے میں سلوا کر گلے میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں برکت ہوگی اور مال خوب بکے گا۔اس نقش کو لکھنے سے پہلے اور لکھنے کے بعد ایک ایک تسبیح درود شریف کی ضرور پڑھیں۔وہ مجرب نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

۷۸۶

۱۲۷	۱۳۰	۱۳۴	۱۲۰
۱۳۳	۱۲۱	۱۲۶	۱۳۱
۱۲۲	۱۳۶	۱۲۸	۱۲۵
۱۲۹	۱۲۴	۱۲۳	۱۳۵

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے گھر میں خیر و برکت پیدا ہو۔ اور گزارہ بآسانی ہو۔ کسی کی محتاجگی باقی نہ رہے۔ اسے چاہیے کہ وہ باوضو بعد نماز فجر سات بار یہ اسماء مبارکہ پڑھے۔ اول و آخر ایک بار درود شریف پڑھ کر گھر میں خیر و برکت کی دعا کر لیا کرے۔ وہ اسماء یہ ہیں۔

یَااَللّٰهُ ـ یَاسَمِیْعُ۔ یَاعَلِیْمُ۔ یَاسَرِیْعُ الْحِسَابِ۔
یَاوَاسِعُ۔ یَاعَدْلُ۔ یَاعَظِیْمُ۔ یَامُتَعَالُ۔ یَاعَزِیْزُ۔
یَاغَفُوْرُ۔ یَابَاعِثُ۔ یَافَعَّالٌ لِّمَایُرِیْدُ۔ یَارَافِعُ۔
یَامُعِیْدُ۔ یَامَانِعُ۔ یَانَافِعُ۔ یَاجَامِعُ۔ یَابَدِیْعُ

جس کسی کا کاروبار کسی بھی وجہ سے تباہی سے دوچار ہو رہا ہو اور روک تھام کی کوئی

صورت نظر نہ آتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد کارآمد اور مفید ہے۔ اس مقصد کے لئے نئے چاند کی پہلی جمعرات کو بعد از نماز تہجد اپنے گھر یا مسجد کے کسی کونے میں قبلہ رخ باوضو بیٹھ کر سورہ ''حشر'' بارہ مرتبہ اول و آخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ اس دوران کسی سے کلام بالکل نہ کرے کوئی شخص بھی پاس نہ ہو بلکہ تنہائی ہو پھر اپنے کاروبار والی جگہ کا تصور کر کے پھونک مارے اور اسی وقت پانی بھی دم کرے اور اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں گڑ گڑا کر اپنے کاروبار میں استحکام اور ترقی کے لئے دعا مانگے۔ صبح کو یہ پانی دکان یا کاروبار والی جگہ پر چھڑک دے۔ ان شاء اللہ چالیس یوم کے مسلسل عمل سے ٹھپ ہوتا ہوا کاروبار پھر تیزی سے ترقی کی منازل طے کرے گا۔ اور پھر سے رزق کی فراوانی ہو گی۔

مال جلدی بکے گا

جس مال کے بکنے میں تاخیر ہو رہی ہو یا کسی چیز کو آپ جلدی بیچنا چاہتے ہیں تو بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ لکھ کر پچاس (۵۰) بار واؤ (ووو۔۔۔) لکھیں۔ پچاس واؤ مکمل ہونے کے بعد یہ آیت لکھیں۔

وَاَذِّنۡ فِی النَّاسِ بِالۡحَجِّ یَاۡتُوۡکَ رِجَالًا وَّ عَلٰی کُلِّ ضَامِرٍ یَّاۡتِیۡنَ مِنۡ کُلِّ فَجٍّ عَمِیۡقٍ۔

فائدہ: اگر کوئی مکان وغیرہ بیچنا ہو تو اس میں یہ لکھ کر اس طرح لٹکائیں کہ ہوا سے ہلتا رہے۔ اور اگر پلاٹ بیچنا ہو تو اس میں کہیں دفن کر دیں۔ بارہا کا مجرب ہے۔

قرض کی ادائیگی کا نہایت مجرب عمل

یہ عمل بارہا بزرگوار اور اولیائے نامدار کا آزمودہ ہے۔ اکتالیس روز کا عمل ہے۔
حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلویؒ سے منقول ہے کہ اکتالیس روز تک شروع

ماہ سے یہ درود شریف سو(۱۰۰) بار روزانہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

مذکورہ بالا درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ کر کے ادائیگی قرض کی دعا کرے مال میں برکت ہوتی ہے۔

عہدہ پر بحالی

کوئی افسر، کلرک یا حاکم اپنے عہدہ سے، نوکری سے معزول کر دیا گیا ہو تو وہ اسی عہدہ پر یا اس سے بہتر عہدہ پر بحال ہوگا۔ یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ کر حاکم کے سامنے جائے حاکم فوراً اس کی خطا معاف کر کے عہدہ، ملازمت پر بحال کر دے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ ۔ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ

عَلِيْمٌ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔

فراخی رزق کیلئے ایک بہترین عمل

جو شخص افلاس میں ہو اور اپنے رزق کی وسعت اور رزق کی کشائش چاہے تو ہر روز صبح کی نماز کے بعد یہ آیات تین سو دفعہ پڑھے۔ ایک ہفتہ نہیں گزرے گا کہ دنیا اس کی طرف آنے لگے گی۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا۔ وَّ قَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ۔

عمل روزگار

یہ مبارک عمل تمام ضروریات کے لیے ایک بیش بہا نعمت ہے۔ دولت قدموں میں ہوگی حاجت مندوں کا میلہ سا رہے گا اور اطباء جن کی طرف مریض متوجہ نہیں ہوتے یا وہ لوگ جن کا روزگار نہیں چلتا، اس عمل کو ضرور کریں۔ اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ اول گیارہ مرتبہ درود شریف پھر سورہ ''حشر'' کی بیسویں آیت

لَا يَسْتَوِىٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ۔

طلوع آفتاب کے وقت مشرق کی طرف منہ کر کے روزانہ پڑھ لیا کریں اور اگر بادل ہو تو مشرق کی طرف منہ کر کے جہاں چاہیں بیٹھیں اور پڑھ لیں۔ ناغہ نہ کریں نماز کی پابندی کریں اور کم از کم ہفتہ میں تین بار عمل ضرور کریں۔

برائے تنگی معاش ورفع فاقہ کشی

بعد نماز فجر (صبح) روزانہ مع اول و آخر درود شریف سات سات مرتبہ پڑھے۔ درمیان میں دعائے ذیل بارہ (۱۲) مرتبہ پڑھ کر دعاء ترقی رزق کی جائے۔ بعد حصول رزق و دفع تنگی و فاقہ کشی سات مرتبہ خواہ تین مرتبہ روزانہ بلاناغہ پڑھتے رہیں۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا فَارِجَ الْهُمُوْمِ وَ يَا كَاشِفَ الْغُمُوْمِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ يَا رَحِيْمُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا فَرْدُ يَا وِتْرُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَللّٰهُ يَا مَالِكُ وَيَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

فراخی رزق کیلئے

کشائش اور ادائیگی قرض کے لیے مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھنے کیلئے اجازت عام ہے نہایت ہی مجرب ہے پڑھ کر فائدہ اٹھائیں۔ اول آخر تین بار درود شریف اور درمیان میں یہ آیت کریمہ ایک سو ایک بار پڑھکر اپنے اوپر دم کرلیں یہ عمل صبح کی نماز کے بعد معمولات سے فارغ ہو کر کریں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

خیر، رزق اور برکت کا حصول

اگر تم چاہتے ہو کہ تمہیں ہر طرف سے خیر اور بھلائی حاصل ہو، رزق کی فراوانی ہو اور زندگی اور رزق میں برکت حاصل ہو تو (۱) کثرت سے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ هُوَ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ

پڑھا کرو۔ (۲) سورۃ واقعہ اور (۳) سورہ یٰس شریف کی روزانہ تلاوت کیا کرو۔ رزق تم پر یوں برسے گا جیسے بارش برستی ہے۔

عمل برائے حاجت

يَامَالِكُ ذُالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

یہ وظیفہ بلاتعداد بے وضو وقتاً فوقتاً شب و روز پڑھے کہ حد سے گزر جائے اور ایک وقت مقررہ رات کو باوضو ایک ہزار بار توجہ دل سے پڑھے۔ چند روز کے بعد اس کا جلوہ ظاہر ہوگا بحکم خدا فقیر کو غنی کرنا اس کا ادنیٰ کرشمہ ہے دیگر خوبیاں بوقت عمل خود معلوم ہوں گی۔

وسعت رزق کیلئے

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا۔

روزانہ دس مرتبہ پڑھے۔ ایک ماہ کے اندر تونگر (مالدار) ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

برائے فراخی روزگار

اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو، سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات چوگنی ترقی کرے۔ تو اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاند رات کو نماز مغرب کو نماز عشاء کے درمیان وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اول و آخر درود پاک پڑھے۔ اور ایک ہزار مرتبہ سورہ ''حشر'' کی (۲۴) ویں آیت اور اس کے بعد ایک سو مرتبہ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ پڑھے۔ جب یہ پڑھ چکے تو ایک سو مرتبہ یَارَزَّاقُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے بفضل باری تعالیٰ دعا قبول ہوگی۔ اور غیب سے روزی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ رزق میں برکت پیدا ہوگی اور کمی رزق کا شکایت جاتی رہے گی۔

برائے ملازمت

ملازمت کے حصول کے لیے سورۂ بنی اسرائیل کی آخری آیت

وَ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ یَتَّخِذْ وَلَدًا وَّ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ شَرِیْكٌ فِی الْمُلْكِ وَ لَمْ یَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَ كَبِّرْهُ تَكْبِیْرًا۔

(۳۱۳) تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ۔ یہ عمل مطلب پورا ہونے تک جاری رکھیں۔ پڑھنے کا ایک وقت خود ہی مقرر کر لیں۔

برائے فراخی رزق

اگر کسی کی روزی تنگ ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو تو اس کے لیے مندرجہ ذیل دس نام ہر روز دس (۱۰) مرتبہ پڑھے اور یہ مربع نقش پلاسٹک کوٹنگ کرا کر اپنی جیب میں رکھے

اور ہر روز صبح کو اس مربع نقش کو دیکھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت ہوگی۔ رزق خوب ملے گا۔ گزارہ آسان ہوجائے وہ دس (۱۰) مبارک نام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ یَاوَھَّابُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَارَزَّاقُ یَافَتَّاحُ یَابَاسِطُ یَاوَاسِعُ یَاغَنِیُّ یَامُعْطِیُ یَانَافِعُ

مربع نقش یہ ہے۔

۸	۱۴۷۷	۱۴۸۰	۱
۱۴۷۹	۲	۷	۱۴۷۸
۳	۱۴۸۲	۱۴۷۵	۶
۱۴۷۶	۵	۴	۱۴۸۱

قرض کی جلد ادائیگی

کوئی مقروض اگر روزانہ سو بار پوری توجہ اور یقین کامل کے ساتھ یہ درود شریف پڑھ کر قرض کی ادائیگی کے لیے دعا مانگے تو اللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا فرما دیتے ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا وَّ زِدْہُ تَشْرِیْفًا وَّ اَنْزِلْہُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

فاقہ دور کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص ہر روز ایک مرتبہ سورہ واقعہ کی تلاوت کرے تو وہ کبھی فاقہ کی مصیبت میں مبتلا نہ ہوگا۔ اکثر بزرگان دین کے بقول روزانہ سو مرتبہ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ پڑھنے سے انسان بلائے فاقہ سے محفوظ رہتا ہے۔

تنگی معاش

جس کی روزی تنگ ہو اور مشکل سے گزارہ ہوتا ہو وہ یہ کلمات روزانہ باوضو ایک سو بار پڑھ لیا کرے یہ عمل گیارہ روز کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ تُبْ عَلَیْنَا قَبْلَ الْمَوْتِ وَھَوِّنْ عَلَیْنَا شِدَّۃَ الْمَوْتِ وَارْحَمْنَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَا تُعَذِّبْنَا یَاخَالِقَ الْحَیٰوۃِ وَالْمَوْتِ تَوَفَّنَا مُسْلِمِیْنَ وَاَلْحِقْنَا بِالصّٰلِحِیْنَ۔

دوکان اور کاروبار میں ترقی کیلئے

مندرجہ ذیل نقش کو باوضو لکھے اور دیوار پر اس طرح لگائے کہ قبلہ کی طرف نقش کا چہرہ رہے یعنی مشرق کی دیوار پر لگادے تو قبلہ کی طرف اس کا چہرہ ہوجائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے دوکان خوب چلتی رہے۔ اول سوا کلو مٹھائی لے کر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کی نیت سے معصوم بچوں میں بانٹ دے پھر تعویذ دوکان میں لگائے۔ نقش اگلے صفحہ پر ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۹۴	ع۲	۹۴	ع۸	ع۲	۱۱	۷	عع
۴۱	۳	۴۲	۲۳	۲۲	۱۹	۱۸	۴۱۱
۲۶	۲۴	۲۴	۲۲	۴۲	ع۳	۴۹	ع۴
دو۴	لا۲	۲	لا۸	لا۳	لا۴	ع۳۴	۴۷
۱۶	۴۸	۴۸	۲۷	ع۲	لا۲	۴۳	۴۳
۶۴	۶۷	ع	ع۱	۱۶	۱۶	ع۱	عع
۱۵	۲	۱۳	۳	۱۶	۶۴	۲	۸

کاروبار میں برکت

اگر کسی کی دوکان نہ چلتی ہو کاروبار سخت مندے کا شکار ہو تو وہ یہ عمل کرے۔ نماز تہجد ادا کرنے کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر عرق گلاب ومشک سے ایک سفید کاغذ پر سورہ حشر کی آیت نمبر (۸) لکھے۔ اور اپنے کاروبار والی جگہ پر یا دوکان کے اوپر اونچی دیوار پر چسپاں کردے۔ اور دکان پر بیٹھ کر ہر روز صبح کے وقت ایک مرتبہ آیت نمبر (۸) پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ گاہکوں کی خوب آمدورفت ہوگی۔

روزی میں برکت

جو شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو، اسے چاہیے کہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ العادیات مکمل پڑھے۔ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ کثرت سے روزی عطا فرمائے گا اور وہاں سے روزی دے گا جہاں سے روزی ملنے کا گمان بھی نہ ہوگا۔ سورۃ العادیات یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَ الْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا o وَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا oفَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا oفَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا oفَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا oاِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ oوَ اِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ oوَ اِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ oاَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ oوَ حُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ oاِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِيْرٌ o

قرض سے تحفظ اور نجات

جو شخص چاہے کہ کبھی قرض میں مبتلا نہ ہو یا جو شخص قرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور وہ اس سے چنگل سے جلد از جلد نجات حاصل کرنا چاہتا ہو، وہ نمازِ ظہر کے بعد یہ درود شریف سو بار پڑھ کر اپنے مدعا کے لئے دعا مانگے۔ اگر مقروض ہے تو قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا ہو جائیں گے، اور اگر قرض سے بچنا چاہتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے اس مصیبت سے تحفظ عطا فرمائیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترقی مال کے لیے ایک عمل

ترقی اولاد اور ترقی مال کے لیے ہر روز صبح کی نماز کے بعد ایک سو تیرہ مرتبہ ان مبارک آیتوں کا پڑھنا پھر مصلے سے اٹھتے ہی فوراً ایک روپیہ سے لے کر جہاں تک ہو سکے کسی یتیم غریب کو خیرات کرنا اور روزانہ تا زیست ایسا ہی کرنا غریب انسان کو امیر کبیر اور صاحب اولاد کثیر بناتا ہے خدا کا فضل درکار ہے۔ اعتقاد شرط ہے۔ آیتیں یہ ہیں۔

اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

مال میں ترقی اور مکان دوکان میں برکت

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر مال کے اندر رکھ دیں یا مکان یا دوکان میں اس طرح لگائیں کہ نقش دروازے کے مقابل دیوار پر ہو نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

قرض کی ادائیگی کے لیے

قرض ادا کرنے کے لیے صبح و شام سات سات مرتبہ یہ آیت پڑھ لیا کرے تین تین مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

رزق میں خیر و برکت کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کو اگر تین لاکھ مرتبہ پڑھ لیا جائے تو رزق میں حیران کن اضافہ ہوگا اور انسان کو ایسی جگہ سے رزق ملے گا جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہوگا۔

کاروبار میں نفع ہو

جو شخص اس دعا کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اس کو تجارت میں نفع ہو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ يَاغَنِيُّ يَاحَمِيْدُ يَامُبْدِئُ يَافَعَّالٌ لِّمَايُرِيْدُ يَارَحِيْمُ يَاوَدُوْدُ اِكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ عَنْ مَعْصِيَتِكَ

جمعہ کی نماز کے بعد ستر مرتبہ پڑھ لیا کرے تو اور بھی زیادہ نفع ہو۔

قرض کی ادائیگی کے لیے

جو شخص قرض کی ادائیگی کے سلسلے میں پریشان ہو وہ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد سات بار ''یَاقَدِیْرُ'' پڑھ لے اسی طرح عشاء کی نماز کے بعد یا قدیر پڑھ لے ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے اور قرض ادا ہو جائے گا اول آخر تین تین مرتبہ درود ابراہیمی ضرور پڑھے۔

غربت دور ہو خوشحالی آئے

اگر کوئی غربت کی زندگی گزار رہا ہے اور اس کی غربت اور تنگدستی میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے۔ تو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر اس سے باوضو مندرجہ ذیل تعویذ لکھے اور موم جامہ کر کے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراوانی اور زیادتی ہوگی غربت دور ہو کر خوشحالی آئے گی۔ گردش کا زمانہ ختم ہو کر ہر قسم کی خیر و برکت کا دور شروع ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۱۶	۱۶۲۰	۱۶۲۳	۱۶۰۹
۱۶۲۲	۱۶۱۰	۱۶۱۵	۱۶۲۱
۱۶۱۱	۱۶۲۵	۱۶۱۸	۱۶۱۴
۱۶۱۹	۱۶۱۳	۱۶۱۲	۱۶۲۴

برائے دفع نحوست وحصول ملازمت

گھر سے بے برکتی اور نحوست دور کرنے کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ

کو ہر روز (۴۵۰) چار سو پچاس بار پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور سوتے وقت سورۂ واقعہ پڑھیں۔

پریشانی اور قرض سے نجات

اگر تم چاہتے ہو کہ تمہاری پریشانی دور اور قرض ادا ہو جائے تو صبح وشام یہ دعا پڑھا کرو۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔

برائے ترقی رزق

جس شخص کا روزگار نہ ہو، ملازمت نہ ہو، اور ذریعہ معاش نہ ہو تو یہ عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ صبح نماز کے بعد یا بعد نماز عشا پڑھا جائے۔ تعداد ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف چالیس روز پورے نہ ہوں گے ان شاء اللہ غیب سے کوئی سامان ملازمت یا ذریعہ معاش ظہور میں آجائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَيَامُقَلِّبَ

الْقُلُوْبِ وَیَا خَالِقَ الْاَبْصَارِ وَیَا دَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ اَرْشِدْنِیْ وَیَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔

دست غیب کے لیے

دست غیب کے لیے اول گیارہ بار درود شریف پھر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَایَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَیَعْلَمُ مَافِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَۃٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّۃٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتَابٍ مُّبِیْنٍ۔

پھر ایک ہزار مرتبہ یَاحَیُّ ایک سو پچاس مرتبہ یَاقَیُّوْمُ اکتالیس دن بلاناغہ باوضو اور روزے کی حالت میں پڑھے۔

قرض وکشائش رزق

قرض سے نجات کے لیے اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار درمیان میں مندرجہ ذیل کلمات پانچ سو (۵۰۰) بار پڑھ لیا کریں وہ کلمات یہ ہیں۔

۱۔ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (پانچ سو بار)

۲۔ لَاحَوْلَ وَقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا مَلْجَاءَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَیْهِ (پانچ سو بار)

دوکان خوب چلے

مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر دوکان میں اس طرح لٹکایا جائے کہ دروازے سے سامنے نظر آئے یعنی دروازے کے مقابل دیوار پر لگایا جائے۔ اس کی برکت سے دوکان خوب چلے گی۔ اور ہر طرف سے گاہک چلے آئیں گے وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۳۰	۱۸۳۳	۱۸۳۷	۱۸۲۳
۱۸۳۶	۱۸۲۴	۱۸۲۹	۱۸۳۴
۱۸۲۵	۱۸۳۹	۱۸۳۱	۱۸۲۸
۱۸۳۲	۱۸۲۷	۱۸۲۶	۱۸۳۸

قرض ادا ہو اور رزق زیادہ

دل کے سکون اور اضطراری کیفیت کو ٹھیک کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد آنکھیں بند کر کے ایک تسبیح یَا اَللّٰہُ پڑھیں۔ ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔ نماز فجر کے بعد ایک سو ایک مرتبہ یَا اَللّٰہُ پڑھیں اول و آخر درود شریف پڑھیں۔ اس سے ان شاء اللہ رزق میں اضافہ ہوگا اور غیب سے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

خیر و برکت نصیب ہو

جو کوئی بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو لکھ کر ہر روز چالیس بار اس کے میم کو دیکھتے ہوئے آیت

قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِیَدِکَ الْخَیْرُ ؕ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ٥

تک پڑھتا رہے اس کو خیرو برکت نصیب ہوگی اور جو کچھ اس کے پاس ہوگا اس میں اضافہ ہوگا۔

امیر کبیر ہو جانا

بوقت طلوع آفتاب (سورج نکلنے کے وقت) اول تین (۳۰۰) سو بار درود شریف پڑھے۔ نماز میں جو درود شریف پڑھا جاتا ہے افضل ہے ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ اس کے بعد ۳۰۰ سو دفعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے اور روزانہ پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک سال کے اندر امیر کبیر اور انتہائی مالدار ہو جائے گا۔

برائے ترقی رزق

بعد نماز عشاء ۱۰۰ مرتبہ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود ابراہیمی روزانہ بلاناغہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

ادائیگی قرض

ادائیگی قرض کے لیے یہ دعا جمعہ کے دن پڑھنی چاہیے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ

بے حساب رزق کا حصول

اسم شَكُوْرٌ کے ذکر پر مداومت کرنے والے کو اللہ تعالیٰ بہت سی خوبیاں عنایت کرتا ہے۔ اس اسم کے خواص دوام نعمت کے لیے عجیب تاثیر رکھتے ہیں۔ برکت نازل ہوتی ہے اور ایسی جگہ سے رزق ملتا ہے۔ جہاں سے گمان بھی نہ ہو۔ کھانے پینے کی جس چیز پر اس اسم کا ذکر کرے اس میں برکت ہوگی۔ جو شخص ہر نماز کے بعد اس اسم کا ذکر کرے وہ کبھی غریب نہ ہو۔ اگر اسم شَكُوْرٌ کے اعداد کو چار چار پُر کر کے مربع میں زرد ریشم پر لکھ کر مال کے صندوق یا تجوری میں رکھے تو مال ہر آفت سے محفوظ رہے۔

ہر قسم کی فتوحات اور رزق میں برکت

ہر قسم کی فتوحات، عزت اور رزق میں برکت کے لیے یہ دعا مجرب ہے بروز جمعرات باوضو ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق کی بندش کھل جائے گی اور مخلوق خدا اس طرف متوجہ ہوگی اور سب لوگوں میں اس کی عزت بڑھے گی وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ فَضْلِكَ وَلَا تَحْرِمْنَا رِزْقَكَ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَارَزَقْتَنَا وَاجْعَلْ غِنَاءَ

نَا فِیْٓ اَنْفُسِنَا وَاجْعَلْ رَغْبَتَنَا فِیْمَا عِنْدَكَ

برائے فراغتِ رزق

پانچ یا دس تسبیح (پانچ سو مرتبہ یا ایک ہزار مرتبہ) چالیس روز تک پڑھا جائے۔

یَارَحْمٰنُ کُلَّ شَیْءٍ وَّاَرْحَمَہٗ یَارَحْمٰنُ

بے گمان رزق ملنا

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو یا رزق کی کمی کا شکار ہو تو اس کو باعث روزگار حاصل کرنے اور روزی میں برکت کے لیے نقش ذیل باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے۔ یا گلے میں ڈال لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے روزگار کا سامان پیدا ہوگا اور روزگار کا دور شروع ہو جائے گا اور روزی میں برکت کا دور ہو جائے گا۔ وہ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۶۱	۳۶۴	۳۶۸	۳۵۴
۳۶۷	۳۵۵	۳۶۰	۳۶۵
۳۵۶	۳۷۰	۳۶۲	۳۵۹
۳۶۳	۳۵۸	۳۵۷	۳۶۹

قرض سے نجات کے لیے

ادائے قرض کے لیے یہ دعا مجرب ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر کسی پر مثل احد پہاڑ کے قرض ہو تو اللہ تعالیٰ ادا کر دے گا۔ اس دعا کو ہر روز ایک سو (۱۰۰) بار باوضو پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام قرض ادا ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَللّٰهُمَّ يَافَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ الدَّعْوٰتِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا رَحِيْمَ الْاٰخِرَةِ اَسْئَلُكَ اَنْ تَرْحَمَنِيْ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عِنْدِكَ وَ تُغْنِنِيْ بِهَا عَنْ رَّحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

رزق میں برکت اور زیادتی کیلئے

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی اور گھر میں بے برکتی سے پریشان ہے تو اس کے لیے یہ عمل بہت مفید ہے۔ ایک چاندی کی انگوٹھی کسی سنار کو وضو کرا کر اس سے بنوائے اور اس پر مندرجہ ذیل نقش کرائے۔ (بنوائے) اور اس انگوٹھی کو پہننے کی برکت سے رزق میں ترقی ہوگی اور گھر میں خوشحالی آجائے گی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جب بیت الخلا میں پیشاب یا پاخانہ کے واسطے جائے تو اس انگوٹھی کو اتار کر جائے۔ ساتھ نہ لے جائے۔ وہ نقش جو انگوٹھی پر نقش کرایا جائے گا اگلے صفحہ پر ہے۔

۵۳	۴۶	۵۱
۴۸	۵۰	۵۲
۴۹	۵۴	۴۷

رزق کی فراخی، عقل وفہم میں اضافہ

معلوم ہو کہ اسماء حسنیٰ میں سے

اَلْغَنِیُّ الشَّکُوْرُ الْمُغْنِیُ الرَّزَّاقُ الْفَتَّاحُ الْکَافِی الْحَسِیْب الْوَکِیْلُ الْمُعْطِی الْمُغِیْثُ

کے خواص یہ ہیں کہ ان کے پڑھنے سے وہ برکت ہوتی ہے جس کا گمان تک نہیں ہوتا۔ رزق کی فراخی و آسانی ہوتی ہے۔ کسی چیز کی محتاجی نہیں رہتی۔ عقل وفہم میں بہت اضافہ ہوتا ہے اور تمام مقامات سے بلند مقام توکل حاصل ہوتا ہے۔

روزی میں برکت اور فراخی کیلئے

روزی میں برکت اور فراخی کے لیے ہر رات بعد نماز عشا سورۃ جمعہ (پ۲۸) پڑھا کرے اور سورۃ ختم کرنے کے بعد وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْن کو تین (۳) مرتبہ یا سات مرتبہ یا اکیس مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ اگر سورہ جمعہ روزانہ پڑھ سکے تو جمعہ کی ہر رات (جمعرات کے بعد والی جمعہ کے دن سے پہلے والی رات) کو ضرور پڑھنا چاہیے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت اور رزق میں فراخی پیدا ہوگی۔

بدقسمتی کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی قسمت کھل جائے۔ اس کی بدقسمتی دور ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس پر خصوصی نوازش فرمائے تو وہ یہ عمل کرے۔ ہر روز نماز عشاء کے بعد سورہ حشر کی آیت نمبر (۸) دس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے چالیس (۴۰) یوم کے اندر اندر ان شاء اللہ تعالیٰ اس کا مقدر کھل جائے گا۔

روزی اور کاروبار میں برکت

اگر روزی کی تنگی ہو یا تنخواہ میں گزارہ مشکل ہو گیا ہو یا کاروبار میں گھاٹا ہو رہا ہو اور اس کے لیے یہ نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے۔ اور اگر عورت ہے تو اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی آمدنی میں اضافہ ہو جائے گا۔ یہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۴۹	۵۵۲	۵۵۶	۵۴۲
۵۵۵	۵۴۳	۵۴۸	۵۵۳
۵۴۴	۵۵۸	۵۵۰	۵۴۷
۵۵۱	۵۴۶	۵۴۵	۵۵۷

برائے فراوانی رزق

۱۔ بعد نماز فجر مصلی سے نہ اٹھیں، بات بھی نہ کریں اور ایک ہزار مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ یہ آیت اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔ مسلسل ایک سوبیس (۱۲۰) روز بلاناغہ پڑھیں۔ اول وآخر درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔ کشائش رزق کے لئے بے حد مجرب ہے۔

۲۔ صبح کی نماز کے بعد روزانہ گیارہ سو مرتبہ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ پڑھیں۔ اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ بے روزگار کو روزگار ملے گا اور رزق میں فراخی ہو گی۔

۳۔ بعد نماز صبح يَا مُزَمِّلُ تین سو بائیس ۳۲۲ مرتبہ پڑھیں۔ اول وآخر چودہ (۱۴) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پڑھنے سے پہلے نماز حاجت ضرور پڑھیں۔ ایسا کرنے سے کبھی رزق میں تنگی نہ ہو گی۔

باغ میں خوب پھل لگے

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ دو ہزار ایک سو بائیس (۲۱۲۲) مرتبہ سات روز متواتر پڑھے ایک ہی مجلس میں باغ میں بیٹھ کر پڑھے خوب پھل لگیں گے۔

رزق میں ترقی کیلئے

آج کل مہنگائی کے سبب ہر شخص کا کم آمدنی میں گزارہ مشکل ہو گیا ہے۔ ہر طرف ترقی کے لیے کوشش کرتا ہے لیکن ناکامی ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سوال کرنے والا کبھی ناکام نہیں ہوتا۔ رزق میں ترقی کے لیے مندرجہ ذیل آیات باوضو بعد نماز فجر تین سو (۳۰۰) بار روزانہ پڑھے۔ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھے۔ ان شاء اللہ

تعالیٰ رزق میں ترقی ہوگی۔اور رزق بے حساب ملے گا وہ آیت یہ ہے۔

وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا وَّ يَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔

کاروبار، دکان میں برکت ہر قسم کی حاجت کیلئے

اتوار والے دن سورج نکلنے کے بعد کاروبار والی جگہ پر ۲ نفل حاجت پڑھیں۔ بعد از نماز اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پھر سورۃ یٰس اس طرح پڑھیں کہ ہر لفظ مبین پر پہنچ کر دوبارہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے ساتھ سورۃ یٰس شروع سے پڑھیں۔اس طرح آپ ۸ مرتبہ شروع سے سورۃ یٰس کو پڑھیں گے اس کے بعد ۴۱ مرتبہ آیت الکرسی بسم اللہ کے ساتھ پڑھیں۔ آخر میں ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پانی پر دم کر کے کاروبار والی جگہ پر ہر کونے دیوار پر چھڑکیں۔ خیال رہے کہ پانی نیچے نہ گرنے پائے۔سرنج میں بھر کر احتیاط سے چھڑکیں۔ (کم از کم ۵ یا ۷ اتوار کریں) گھر میں بھی پڑھنے سے اس کے اچھے اثرات ظاہر ہوں گے۔ ترتیب یہی ہوگی۔

قرض سے نجات

۱۔ ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا۔

دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ۔

۲۔ بعد نماز فجر اور نماز مغرب مندرجہ ذیل دعا سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کریں ان شاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد چھٹکارا حاصل ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ

فاقہ سے محفوظ رہنے کیلئے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد نقل کیا ہے کہ جو شخص رات کو سورۃ واقعہ پڑھے اس کو کبھی بھی فاقہ نہ ہوگا۔

تنگی معاش دور کرنے کا عمل

ایک وقت مقرر کر کے کلمہ تمجید پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ کلمہ تمجید یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

مال و دولت کے حصول کیلئے

اول و آخر درود شریف اور گیارہ تسبیح "یَاقَوِیُّ یَاقَادِرُ روزی کر حاضر" بعد نماز عشاء اکتالیس روز تک مکمل پڑھیں اور اس کے بعد بطور وظیفہ جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ راہ چلتے اور کسی نہ کسی مقام سے ہمیشہ روزانہ دولت دستیاب ہوتی رہے گی اور یہ ہمیشہ کے لیے ہے۔

دکان میں برکت کیلئے

مندرجہ ذیل آیت مبارکہ نوچندی (چاند کی پہلی) جمعرات یا جمعہ یا پیر یا بدھ کو بعد طلوع آفتاب باوضو زعفران سے لکھیں یا مال تجارت میں رکھیں یا دوکان میں آویزاں کردیں ان شاء اللہ تعالیٰ خریدار بہت آئیں گے۔ بے حد نفع ہوگا خود لکھ لیں یا کسی متقی پرہیزگار شخص سے لکھوالیں۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِیْ بَايَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَالْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔

مال ومتاع میں خیر وبرکت کیلئے

کتاب جنۃ الوافیۃ الباقیہ میں لکھا ہے کہ جو شخص کم از کم تین جمعہ تک مسلسل اس دعا کو (بلاناغہ) ستر مرتبہ پڑھتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو اپنے فضل وکرم سے تمام لوگوں سے بے نیاز کردے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَامُفِيْدُ يَاغَفُوْرُ يَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَبِطَاعَتِكَ وَبِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ بِرَحْمَتِكَ يَاارْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

فاقہ سے محفوظ رہنے کیلئے

جس گھر میں فاقہ رہتا ہو اگر سورۃ مزمل ایک بار روزانہ باوضو بعد نماز عشاء پڑھ لی جائے توان شاء اللہ تعالیٰ وہ گھر فاقہ سے محفوظ رہے گا اور گھر میں برکت ہوگی۔

قرض کی ادائیگی اور غم کے ازلے کا روحانی نسخہ

ایک مرتبہ ایک برگزیدہ صحابی حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کو اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ نماز کے بعد خلاف معمول مسجد میں مغموم حالت میں دیکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وجہ دریافت کی۔ انہوں نے ادباً عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پریشانیاں لاحق ہیں اور قرضوں کا بوجھ ہے جس میں گھلتا جارہا ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سن کر فرمایا کہ اے ابو امامہ میں تمہیں ایسا نسخہ نہ بتاؤں اور ایسی دعا نہ سکھادوں کہ اس کو پڑھنے سے غم بھی زائل ہوجائے اور قرض بھی ادا ہوجائے۔ ابو امامہؓ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضرور سکھادیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم صبح وشام یہ دعا پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْھَمِّ وَ الْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ۔

چند ہی دن گزرے تھے کہ ابو امامہ رضی اللہ عنہ نے اس معجزانہ دعا کو پابندی سے پڑھنے کا اثر دیکھا اور اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے آکر عرض کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرا غم بھی دور ہوا اور قرض بھی ادا ہوا۔

برائے زیادتی مال

مندرجہ ذیل کلمات روزانہ غسل کر کے پھر دو رکعت نفل پڑھے اور نفل کے بعد ایک ہزار (۱۰۰۰) بار پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ مال میں زیادتی ہوگی اور مال خوب بڑھے گا۔ وہ کلمات مندرجہ ذیل ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاوَھَّابُ تَوَھَّبْتَ بِالْوَھْبَةِ

وَالْوَهْبَةُ فِیْ وَهْبَةٍ وَّهْبُكَ یَاوَهَّابُ

رزق میں برکت

قرضہ ہونے کی صورت میں حوصلہ ہارنے کی ضرورت نہیں بلکہ رب کا دروازہ کھٹکھٹانے کی ضرورت ہے۔اسی کے قبضے میں ہر قسم کے خزانے ہیں رزق کا مالک بھی وہی ہے۔ جب وہ راضی ہو جائے گا تو رزق بھی خوب ملے گا۔لہٰذا اللہ تعالیٰ کو راضی کرنے کی ضرورت ہے۔اس لیے یہ عمل ضروری ہے نماز کی پابندی کی جائے باجماعت نماز کی ادائیگی میں اللہ تعالیٰ کی رحمت زیادہ متوجہ ہوتی ہے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار پڑھیں۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّ اَتُوْبُ اِلَیْهِ نماز فجر کے بعد ایک سو (۱۰۰) بار پڑھیں۔ الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ (آل عمران) عشاء کی نماز کے بعد یہ کلمات تین سو ساٹھ (۳۶۰) بار پڑھیں۔ یَا اَللّٰهُ یَا رَزَّاقُ یَا وَاسِعُ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھیں۔ یہ عمل بلا ناغہ ہمیشہ کریں۔ ان شاء اللہ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔رزق میں برکت ہوگی۔قرض سے نجات ملے گی۔

کشادگی رزق کا مجرب عمل

جو شخص روزانہ یَا بَاسِطُ صبح کے وقت ایک سو مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے اللہ تعالیٰ اس کے رزق کو کشادہ کر دیتا ہے۔ وہ شخص کسی کا محتاج نہیں ہوتا اور نہ ہی اسے کوئی شدید پریشانی لاحق ہوتی ہے۔اس عمل سے اللہ تعالیٰ راضی ہو کر پڑھنے والے کے لیے اپنی نعمت اور رزق کو کشادہ کر دیتا ہے۔اس کے متعلق امام اعظمؒ کا قول ہے کہ جو کوئی صبح کی نماز سے پہلے دس مرتبہ اس کو پڑھے اور اس کے بعد اپنے چہرے پر ہاتھ پھیر لے اور ہمیشہ ایسا ہی کرتا رہے اسے مخلوق سے کبھی سوال کرنے کی ضرورت درپیش نہ ہوگی۔ان شاء اللہ۔

رزق اور روزگار میں ترقی ہو

نماز صبح کے بعد چودہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں پھر ٦٦ مرتبہ یا اللہ پڑھیں اس کے بعد ٦٦ دفعہ یہ آیت مبارکہ پڑھیں۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

پھر چودہ مرتبہ درود شریف پڑھ لیں۔

روزی میں تنگی

جو شخص روزی کی کمی کے سبب پریشان رہتا ہو اور آمدنی کم ہونے کی وجہ سے گزارہ مشکل ہو گیا ہو۔ تو باوضو روزانہ سات (٧) مرتبہ سورۃ مریم کی تلاوت کیا کرے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں اضافہ ہوگا اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

رزق میں اضافے کیلئے

اگر کوئی مسلمان بھائی یا بہن رزق کی تنگی کی وجہ سے پریشان ہیں تو ان کے لیے یہ ورد اکسیر ہے۔ فرض نماز کے بعد ہاتھ اٹھائیں۔ ١٠ بار بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ ١٠ بار يَابَاسِطُ پڑھے پھر ہاتھ چہرے پر پھیریں اور پھونک ماریں۔ ہاتھ کبھی خالی نہیں رہے گا۔

بغیر اسباب کے خوش زندگی گزارنے کیلئے

جو شخص یہ چاہتا ہے کہ بغیر اسباب کے محض توکل الٰہی پر خوشگوار زندگی گزارے تو اس کے لیے ہر روز ایک سو (۱۰۰) مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ بغیر اسباب کے خوشحال زندگی گزرے گی اور کسی قسم کی تنگی نہ ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔

امیر کبیر ہونا

وقت طلوع آفتاب اول تین سو مرتبہ درود شریف پڑھے پھر بسم اللہ شریف تین سو مرتبہ اور چہل کاف (۱۰۰) سو مرتبہ پڑھے۔ اور روزانہ اس کو برابر بلاناغہ پڑھتا رہے۔ ایک سال کے اندر اندر ان شاء اللہ تعالیٰ امیر و کبیر ہو جائے گا۔ اگر غسل کی حاجت پیش آئے تو قبل از طلوع آفتاب کر لینا ضروری ہے۔ ورنہ اثرات زائل ہو جائیں گے۔ چہل یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفُكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكًا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِیْ كَبِدٍ۔ تَحْكِیْ مُشَكْشِكَةً كَلْكَلُكٍ لَّكَكَا كَفَاكَ مَابِیْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِیْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

فراخی رزق

بے حساب اور بابرکت رزق عطا ہوگا۔ آپ کے گمان سے بھی زیادہ ملے گا۔ گھر میں

کبھی بھی دولت کی تنگی نہ ہوگی۔ ہر اتوار سورج طلوع ہونے پر باوضو ہو کر قبلہ رخ ہو کر بیٹھیں اور ۱۳۴ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اول و آخر ۵۱، ۵۱ بار درود شریف پڑھیں پھر اللہ سے دعا مانگیں۔

بے محنت حلال روزی ملنے کیلئے

رزق کی فراخی، تجارت کی ترقی، بے محنت حلال روزی ملنے کے بعد اس آیت کو گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ ہر روز پڑھنا دست غیب کا حکم رکھتا ہے۔ بشرطیکہ عامل پاک صاف ہو۔ آیت شریف یہ ہے۔

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ

رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں اعتکاف کرنا پھر سوالاکھ مرتبہ اس آیت کا پڑھنا ہمیشہ ہمیشہ عمر بھر کی روزی کی تنگی سے محفوظ رہنا بزرگوں کا مجرب عمل ہے۔

کاروبار کیلئے

سورۃ فلق کثرت سے پڑھنے والے پر روزی بارش کی طرح برستی ہے۔ سورۃ فلق ۱۲۱ بار اور سورۃ النصر کو ۱۲۱ بار اول و آخر درود شریف ۱۱، ۱۱ مرتبہ پڑھنا عجیب اثرات کا حامل ہے۔ رزق کے لیے آزمودہ ہے۔ جمعہ کی نماز فرضوں کے بعد بحالت تشہد میں پورے خشوع کے ساتھ اول و آخر ۷ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ۷۰ مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔ اَلْمُعْطِیُ هُوَ اللّٰهُ۔ پڑھ کر دعا کریں ان شاء اللہ عجیب تاثیر دیکھیں گے۔ آزمودہ ہے کم از کم ۷ جمعہ تک کریں۔

وسعت رزق کیلئے

تہجد کے وقت اوّلاً دو رکعت نماز بہ نیت وسعت رزق پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ آخر تک پچیس (۲۵) مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد از فاتحہ سورہ نصر، اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پچیس (۲۵) مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر کھڑے ہو کر یَاوَهَّابُ چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ نہایت خضوع وخشوع کے ساتھ پڑھیں۔ اگر کھڑے ہو کر پڑھنے میں معذوری ہو تو بیٹھ کر پڑھیں اس نماز پر مداومت اختیار کریں اور مسواک کرنے میں سستی نہ کریں۔

اگر گھر میں پیسے گم ہو جاتے ہوں

جب بھی لاک لگائیں تو بسم اللہ سات مرتبہ، چاروں قل شریف ۷، ۷ بار، آیت الکرسی ۷ بار، سورۃ فاتحہ ۷ بار پڑھ کر لاک اور لماری پر دم کریں اس کے علاوہ صبح وشام یہ عمل پڑھ کر الماری پر دم کریں۔

مالی وسعت کی دُعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا کہ ایک پریشان حال غربت ومرض کے آثار سے لبریز ایک انصاری سے ملاقات ہوئی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا کیا بات ہے؟ ایسی حالت کیوں ہے؟ اس نے کہا۔ تنگدستی اور امراض کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم کو ایسی دعا نہ بتا دوں کہ تم اس کو پڑھو تو تنگدستی اور بیماری دور ہو جائے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ دعا ہمیں بھی سکھا دیجیے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پڑھو۔

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي لَا يَمُوتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا۔

چند دن بعد آپ ﷺ سے میری ملاقات ہوئی تو آپ ﷺ نے فرمایا کیا بات ہے ابوہریرہؓ بہت اچھی حالت میں دیکھ رہا ہوں؟ انہوں نے عرض کیا۔ آپ ﷺ نے جو یہ دعا سکھائی تھی اس کی برکت ہے۔

تجارت میں ترقی و برکت کیلئے

جب تجارت کو (دوکان پر یا کاروبار کیلئے گھر سے) جائیں تو ان پانچ سورتوں کے اول و آخر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر جائیں یا پابندی سے عمل کریں ناغہ نہ کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی اور برکت ہوگی۔ وہ پانچ سورتیں یہ ہیں۔

۱۔ سورۃ کافرون ۲۔ سورۃ اذ جاء نصر اللہ ۳۔ سورۃ اخلاص

۴۔ سورۃ فلق ۵۔ سورۃ الناس

جملہ حاجات اور کاروبار میں ترقی کیلئے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو تو اسے چاہیے کہ چہل کاف کو مشتری کی ساعت میں لکھ کر گتے پر چسپاں کردے۔ ان شاء اللہ دکان کی بکری بڑھ جائے گی اور اگر گھر کو کسی نے باندھ دیا ہو تو وہ کھل جائے گا۔ اور جو لوگ اس گھر میں رہتے ہیں وہ بھی ہر قسم کی مصیبتوں سے محفوظ رہیں گے۔ چہل کاف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلْكَا تَكَرُّ كَرًّا كَكَرِّ

الْكَرِّفِيْ كَبِدٍ۔ تَحْكِيْ مُشْكُشِكَةً كَلْكُلِكٍ لَّكَكَا كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافِيْ كُرُبَتَهٗ يَاكَوْكَبَا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

ادائیگی قرض کیلئے

جس پر قرض کا پہاڑ ہی کیوں نہ ہو اور وہ قرض خواہوں کے ہاتھوں پریشان اور ذلیل ہو رہا ہو تو اس سے نجات کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔ اس مقصد کے لیے روزانہ بعد از نماز مغرب کلمہ تمجید تین سو مرتبہ اور دعائے ذیل اور چہل کاف (٦٦) مرتبہ اور صبح کو بعد از نماز کلمہ تمجید اور دعائے ذیل سو سو مرتبہ پڑھکر اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگیں، اول و آخر درود شریف اکیس، اکیس مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ اکتالیس یوم کے عمل سے قرض اترنے کی سبیل اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے پردہ غیب سے فرمائے گا۔ اور قرض سے نجات مل جائے گی نہایت مجرب عمل ہے۔

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ

دولت، شہرت، امیر کبیر ہونا

جب سورج طلوع ہو رہا ہو ۳۰۰ بار درود شریف پڑھیں پھر ۳۰۰ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں لگاتار ایک سال پڑھیں طہارت کا خیال رکھیں۔ ہمیشہ باوضو اور تصور سے پڑھیں۔ آپ اس کے کرشمات سے حیران ہوں گے دولت بارش کی طرح برسے گی یہ عمل آزمودہ پتھر پر لکیر ہے۔ کبھی ناغہ نہ ہو۔

معاش کی کشادگی اور ترقی رزق

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ بِعَدَدِ مَعْلُوْمَاتِکَ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ

۴۰ دن ایک ہزار بار بلا ناغہ دن رات پڑھا جائے۔ بہت زیادہ مفید ہے اور نہایت مجرب ہے۔

رزق کی کشادگی کیلئے

اگر کوئی شخص فرض نماز سے فارغ ہو کر حسب ذیل آیات کی تلاوت کرے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اُس کا رزق فراخ وکشادہ ہو جاتا ہے۔

لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ۔ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ۔

غربت سے نجات

یَامَالِکُ ۹۰ بار روزانہ جو نادار ہو پڑھے۔ ان شاء اللہ عزوجل غربت سے نجات پا کر مال دار ہوگا۔

ملازمت کے حصول کیلئے

اگر کسی عہدہ ملازمت پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں گزر چکی ہوں ان

میں سے کوئی امیدوار چاہے کہ میری درخواست منظور ہو تو تین روز تک اکیس ہزار مرتبہ یعنی سات سات ہزار مرتبہ ہر روز اس آیت کا پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

نَرْفَعُ دَرَجَاتٍ مَّنْ نَّشَآءُ وَفَوْقَ كُلِّ ذِىْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ

ان شاء اللہ سارے امیدواروں میں سے اس ختم کا پڑھنے والا عہدہ ملازمت پر قائم کیا جائے گا۔

برکت اور روزی میں فراخی

جو شخص اس بات کا خواستگار ہو کہ اس پر برکت اور رحمت خداوندی نازل ہو اور روزی فراخ ہو اور وہ کسی کا محتاج نہ ہو تو یہ آیت پڑھا کرے۔

رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ

برائے تجارت و ترقی روزگار

یہ عمل تجارت و ترقی روزگار کے لیے عجیب تاثیر رکھتا ہے۔ ترکیب اس طرح ہے کہ بعد از نماز عشاء (٦٦) بار چہل کاف مع بسم اللہ شریف اور سو (١٠٠) مرتبہ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ ایسی جگہ کھڑے ہو کر ننگے سر کہ سایہ کسی چیز کا سر پر نہ ہو پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے رزق عطا کرے گا۔ اور پہاڑ کے برابر قرض ہو تو وہ بھی ادا ہو جائے گا۔

ادائیگی قرض کا مجرب نسخہ

اگر کوئی شخص قرض کی ادائیگی سے قاصر ہو تو جمعہ کے دن ۷۰ مرتبہ اور باقی دنوں میں ہر فرض نماز کے بعد ۷ مرتبہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

کسی سامان کی جلد فروخت کیلئے

اگر کوئی شخص اپنی کوئی چیز جلد بیچنا چاہتا ہو لیکن وہ چیز جلد بکتی نہ ہو تو اس کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ مندرجہ ذیل آیت کو باوضو تین مرتبہ پڑھ کر اس سامان یا چیز پر پھونک دیں ان شاء اللہ تعالیٰ جلد فروخت ہو جائے گی۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰی یَاْذَنَ لِیْۤ اَبِیْۤ اَوْ یَحْكُمَ اللّٰهُ لِیْ ۚ وَهُوَ خَیْرُ الْحٰكِمِیْنَ۔

دفعیہ افلاس

حضرت خواجہ غریب نواز نے فرمایا کہ فتاویٰ ظہیریہ میں ہے کہ حضور سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر سے نکلے تو اللہ تعالیٰ ۷۰ ہزار فرشتوں کو حکم دیتا ہے کہ واپس آنے تک اس کی مغفرت کی دعا کرتے رہو اور جو شخص آیت الکرسی پڑھ کر گھر میں داخل ہوگا اللہ تعالیٰ اس کے گھر سے مفلسی کو دور کر دے گا۔

قرض جلد اتر جائے

لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ وَ هُوَ يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَ هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ۔

اس دعا کو فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان گیارہ مرتبہ پڑھیں اول و آخر تین مرتبہ درود شریف بہت جلد قرض اتر جائے گا۔

بہترین رزق کے لیے ایک دعا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص صبح میں یہ دعا پڑھ لے تو اس دن بہتر رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا اور جو شام کو پڑھ لے تو رات کو بہتر رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا۔

مَاشَاءَاللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

بے روزگاری دور ہو

اگر کوئی شخص روزانہ درج ذیل ورد شریف پانچ مرتبہ پڑھے گا تو وہ کبھی محتاج اور غمگین نہ ہوگا۔ اب بے روزگاری عام ہے اور دنیا خوف وہراس سے بھری پڑی ہے جو شخص اس مقدس کلمہ کو اپنا ورد بنالے تو غیب سے برکت اور رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔ یہ عجیب وغریب اسم ہے اسے ضرور پڑھیں اور دنیا کا لطف اٹھائیں۔ اس میں کوئی پرہیز نہیں ہے۔ نہ کسی خاص وقت کی پابندی ہے جو فرصت کا وقت ملے پڑھ لیا کریں۔ اول و

آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں تو زیادہ بہتر ہے۔ وہ کلمہ یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ

غربت اور تنگدستی دور کرنا

جو شخص غریب ہو اور اس کا ہاتھ خرچ کے معاملے میں تنگ رہتا ہو تو اسے چاہیے کہ بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء باوضو سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورہ مزمل پڑھنے سے پہلے درود شریف پڑھے سورۃ مزمل پڑھتے وقت جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچے تو پچیس مرتبہ یہ کلمات پڑھے۔ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ اس عمل کی برکت سے گھر سے غربت اور تنگدستی کا خاتمہ ہوگا اور روزی میں برکت پیدا ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ یہ عمل روزانہ بلاناغہ کرے اور پابندی سے کرے گا تو اس کا پھل پائے گا۔

رزق کی کمی دور ہوگی

اس زمانہ میں رزق کمانے کا معاملہ بہت اہم بنا ہوا ہے۔ جن کو خدا نے دونوں وقت بہتر سے بہتر کھانے کو دیا ہے اس کی بات جدا ہے مگر جو بے سہارا ہیں اور بال بچوں کے ساتھ ہیں ان کے لیے بہت مشکل ہے ایسے لوگ دنیوی کوشش تو کرتے ہیں مگر روحانی کوشش بھی کریں، خدا نے چاہا تو غیب سے ان کا سامان مہیا ہوگا۔ یہ عمل بارہا تجربے میں آیا ہوا ہے۔ اس کا اثر باطل نہیں ہوتا۔ نماز صبح سے ایک گھنٹہ قبل اٹھیں، ضروریات سے فارغ ہو کر باوضو آسمان کے نیچے سر ننگا کر کے کھڑے ہو جائیں اور تین سو مرتبہ یہ آیت پاک وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ صرف تیرہ دن یہ عمل کریں۔ خدا آپ کی پریشانی دور فرمائے گا اور رزق کی کمی دور ہوگی۔

معاشی تنگی سے نجات کے لیے خاص دعا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، معاشی تنگی ہو تو گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھو۔

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِىْ وَمَالِىْ وَدِيْنِىْ ـ اَللّٰهُمَّ رَضِّنِىْ بِقَضَائِكَ و بَارِكْ لِىْ فِيْمَا قُدِّرَ لِىْ حَتّٰى لَا اُحِبَّ تَعْجِيْلَ مَا اَخَّرْتَ وَلَا تَاخِيْرَ مَا عَجَّلْتَ

کاروبار کی بہتری اور ترقی کیلئے

طلوع آفتاب کے وقت سورۃ الرحمٰن کی تلاوت کریں اور جب فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچیں تو ہر بار سورج کی طرف شہادت کی انگلی سے اشارہ کریں اور صرف ایک بار پڑھیں اور پڑھنے کے بعد دعا مانگیں کہ: اے خدا! جس طرح تو نے سورج کو چمک اور روشنی عطا فرمائی ہے اس طرح اس سورہ مبارکہ کی برکت سے میرے نام کو روشن فرما، ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس دنوں میں بہت زیادہ رجوع خلائق ہوگا اور کاروبار خوب چمکے گا۔

کاروبار کی ترقی کیلئے

اگر کسی کی دوکان یا کاروبار نہ چلتا ہو یا اس کی روزی میں کمی واقع ہوگئی ہو تو اس کو چاہیے کہ ان آیات کو لکھ کر دوکان میں لگادے یا مال واسباب میں رکھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی دوکان خوب چلے گی اور بہت زیادہ برکت ہوگی وہ آیات حسب ذیل ہیں۔

وَهُوَ الَّذِىْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ رَوَاسِىَ وَاَنْهٰرًا ؕ وَمِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيْهَا زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ يُغْشِى الَّيْلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ

درخت پر پھل نہ لگتا ہو

اگر کسی درخت پر پھل نہ آتا ہو یا کچھ کم پھل آتا ہو، تو کسی کاغذ پر یہ آیت لکھ کر اس درخت پر پھل شروع ہونے سے پہلے لٹکایا جائے تو ان شاء اللہ تعالیٰ پھل بہت آئے گا آیت یہ ہے۔

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّ فَرْعُهَا فِي السَّمَآءِ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ بِاِذْنِ رَبِّهَا۔

اگر نوکری نہ ملتی ہو

نماز فجر کے بعد اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور سورۃ مزمل پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں اور پھر سورۃ مزمل پڑھ کر گیارہ بار درود شریف پڑھیں ۔ یہ عمل گیارہ بار دہرائیں اور کم از کم نوے دن تک پڑھیں۔

سورہ واقعہ کا ایک اور عمل

بعد نماز مغرب ایک مرتبہ سورہ واقعہ اور اس کے بعد ایک مرتبہ یہ دعا پڑھا کریں۔ اس کا ورد ہمیشہ کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں فتوحات شروع ہوں گی۔

اَللّٰهُمَّ يَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ يَسِّرْ عَلَيْنَا الْحِسَابَ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ رِزْقِيْ فِي السَّمَآءِ وَاِنْ كَانَ فِي الْاَرْضِ فَاَخْرِجْهُ وَاِنْ كَانَ قَرِيْبًا فَيَسِّرْهُ وَاِنْ كَانَ كَثِيْرًا فَخَلِّدُوْنَ وَاِنْ كَانَ طَيِّبًا فَبَارِكْ فِيْهِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ

شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

کاروبار کی ترقی کیلئے

ذیل کی آیت مبارکہ مٹی کے برتن میں گلاب سے لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر اس جگہ پر چھڑکیں جہاں زیادہ (بکری) مطلوب ہو۔اور فضل الٰہی کا مشاہدہ کریں۔

اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰی وَ نَکْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَ اٰثَارَهُمْ ؕ وَکُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْٓ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ۔

درخت پر پھل نہ لگتا ہو

سورہ اخلاص یعنی قل ھو اللہ شریف کوئی شخص اس کو بعد نماز فجر اکیس مرتبہ بعد نماز ظہر بائیس مرتبہ اور بعد نماز عصر ۲۳ مرتبہ، بعد نماز مغرب ۲۴ مرتبہ اور بعد نماز عشاء ۲۵ مرتبہ پڑھے۔ ہر نماز میں جو تعداد مقرر ہے اتنا ہی اول و آخر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ مؤثر اور مجرب ہے۔

رزق کی فراخی کیلئے

اگر کوئی شخص روزانہ عصر کی نماز سے فارغ ہو کر تین مرتبہ حسب ذیل دعا کا ورد کرے تو اللہ تعالیٰ کے لطف و کرم سے اُسے رزق کی فراخی نصیب ہوگی۔

یَافَتَّاحُ یَاقَهَّارُ یَارَزَّاقُ یَاغَنِیُّ یَاعَزِیْزُ یَااَللّٰهُ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ۔

ملازمت کیلئے

جو شخص ملازمت کا خواہش مند ہو اور نوکری نہ ملتی ہو وہ شخص پانچ سو پچھتر (۵۷۵) بار حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھ کر دعا کر لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اچھی جگہ ملازمت مل جائے گی۔

غلہ کی برکت کیلئے

غلہ کے تھوڑے سے دانے لے کر ان پر سات مرتبہ باوضو ہو کر یہ پڑھیں۔

يَافَتَّاحُ يَافَتَّاحُ يَاقَادِرُ يَارَزَّاقُ يَاغَنِيُّ يَاعَزِيْزُ يَااَللّٰهُ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔

پھر جس مقام پر غلہ رکھنا چاہیں وہاں پر دانے ڈال دیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس غلے میں بہت زیادہ برکت ہوگی۔ جب ضرورت آنے پر غلہ نکالنے لگیں تو اس وقت بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ لیا کریں۔

عمل ترقی روزگار

بے روزگاری دور کرنے کے لیے یہ عمل ننانوے فی صدی کامیاب ہے آج تک جتنے لوگوں نے پڑھا اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے کامیاب ہوئے۔ عشاء یا صبح کی نماز کے بعد چالیس مرتبہ سورہ والضحیٰ پابندی وقت سے پڑھیں۔ یہ پڑھ چکیں تو پھر یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ يَاغَنِيُّ يَامُغْنِيُ اَغْنِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ عَنِّيْ لَا اَخَافُ مِنْهُ فَقْرًا وَاهْدِنِيْ فَاِنِّيْ ضَالٌّ وَ عَلِّمْنِيْ فَاِنِّيْ جَاهِلٌ

برائے وسعت رزق وفتوحات غیبی

نوچندی اتوار سے اس عمل کو شروع کریں اور اس دن سورہ الحمد بمعہ بسم اللہ کے ستر مرتبہ پڑھیں ۔ دوسرے پیر کو ساٹھ مرتبہ منگل کو پچاس مرتبہ، بدھ کو چالیس مرتبہ، جمعرات کو تیس مرتبہ، جمعہ اور ہفتہ کو دس مرتبہ (اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف) اور ہمیشہ ہر ماہ کے شروع میں اتوار سے شروع کر کے سات دن مسلسل عمل کرلیا کریں۔ان شاء اللہ تعالیٰ بہت زیادہ فتوحات حاصل ہوں گی۔

بڑا برکت والا عمل

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْن

روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں (درود شریف کے ساتھ) اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں رزق میں برکت اور فراخی ہوگی ،غیب سے اللہ پاک مدد فرمائے گا اور اس ذکر کو زیادہ پڑھنے سے انسان ارتکاب معصیت سے محفوظ رہتا ہے۔قبر میں روشنی ،حفاظت اور نگہبانی ، اعمال حسنہ کی طاقت پیدا ہوگی اور یَا حَق اور یَا مُبِیْن کے جو صفات ہیں وہ سب حاصل ہوں گے۔ایک عرصہ سے میرا معمول ہے اور اس کے بڑے اچھے نتائج پیدا ہوتے ہیں۔

برائے رزق وامداد غیبی

نماز تہجد ،صبح اور عشاء کے بعد یَا مُغْنِی لاتعداد پڑھ کر سجدہ میں ایک منٹ رو کر دعا مانگا کریں۔ان شاء اللہ بے شمار دولت حاصل ہوگی ۔ (یقین شرط ہے)

ملازمت کا ملنا

اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پھر یہ دُعا روزانہ ایک تسبیح بعد نماز عشاء پڑھنا شروع کریں۔ دس دن میں ان شاء اللہ تعالیٰ ملازمت مل جائی گی۔

یَامُفَتِّحَ الْاَسْبَابِ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَیَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ وَتَوَکَّلْتُ عَلَیْكَ یَارَبِّ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

فراخی رزق کے لیے ایک دعا

باوضو ہوکر نماز سے پہلے سات مرتبہ یہ دعا پڑھ لیا کریں۔ ان شاء اللہ رزق میں خیر و برکت ہوگی۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّهُمْ یَرْشُدُوْنَ

یا باسط کا ایک مجرب عمل

جو شخص اس اسم شریف کو سحر کے وقت نماز صبح سے پہلے دس مرتبہ دست بدعا ہوکر پڑھے، اس کو کسی سے کبھی سوال کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے گی۔ اگر کسی کو کسی قسم کی مالی پریشانی ہوتو وہ باوضو ہوکر تنہائی میں بیٹھ کر چار ہزار چار سو بیس مرتبہ پڑھے۔ چند دنوں تک یہ عمل کرے گا ان شاء اللہ اسے غیب سے رزق ملے گا اور روزی میں فراخی، وسعت اور برکت پیدا ہوگی۔

حصول دولت اور ادائیگی قرض کیلئے

حصول دولت، قضائے حاجت، مرض سے شفا اور دشمن کو ذلیل و خوار کرنے کے لیے تین سو تینتیس (۳۳۳) بار اول و آخر درود شریف پڑھ کر ذیل کی آیت تلاوت کریں۔ یہ عمل بعد نماز عشاء کریں اور الگ مقام پر بیٹھ کر ایک ہی نشست میں پڑھا کریں تو زیادہ بہتر رہے گا۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّ هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ

تنگ دستی اور قرض دفع ہو

ہمیشہ بعد نماز عشاء درود شریف کے ساتھ اسم مبارک الہٰی یَاوَهَّابُ چودہ سو چودہ بار پڑھ کر ایک سو مرتبہ یہ دعا پڑھیں۔

يَاوَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

غلہ میں خیر و برکت ہو

باوضو ہو کر غلہ کے تھوڑے سے دانے لیں اور ان پر تین مرتبہ سورہ الحمد، تین مرتبہ آیت الکرسی، تین مرتبہ سورہ الم نشرح، تین مرتبہ سورہ اخلاص، (قل هو الله) سات مرتبہ سورہ وَالتِّيْنِ اور تین مرتبہ وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ پڑھیں۔ پھر جب بوری یا برتن وغیرہ میں غلہ ڈالیں اس میں وہ دم کئے ہوئے دانے رکھ کر اوپر باقی سارا غلہ ڈال دیں۔ ضرورت کے وقت جتنا غلہ لینا چاہیں بسم اللہ کہہ کر بغیر دیکھے لے لیں۔ ان شاء اللہ بہت زیادہ برکت ہوگی۔

برائے ادائیگی قرض

جو شخص ہر نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ایک مرتبہ

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

یہ آیات شریف پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو وہ ان شاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قرض سے سبکدوش ہو جائے گا۔

باغات کے پھلوں میں برکت

هُوَالَّذِیْ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَاَخْرَجْنَابِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ لَّاٰیَاتٍ لِقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ۔

اس آیت شریف کہ جمعۃ المبارک کے دن کسی وقت لکھ کر دھو کر کنوئیں میں یا پانی کی جگہ پر ڈال دیں اور اس سے درختوں کو پانی دیں۔ اللہ تعالیٰ ان درختوں کے پھلوں میں برکت عطا فرمائے گا۔ اور جن وانس کی نظر بد اور تمام تر آفتوں سے محفوظ رہیں گے۔

برائے ادائیگی قرض

جو شخص یَاوَهَّابُ کو سحری کے وقت سر برہنہ ہو کر ہاتھوں کو بلند کر کے سو (۱۰۰)

مرتبہ کہے اللہ تعالیٰ اس کی غربت دور فرما دیتا ہے۔ اگر ایک سو تیس مرتبہ اس اسم مبارک کو پڑھے تو اس کا بہت زیادہ فائدہ ہوگا۔ اگر اَلْوَهَّابُ حرف ندا یعنی یا کے بغیر کہے تو بھی اس کا وہی اثر ہوگا۔ جو شخص پیر کو آدھی رات کے وقت دو رکعت نماز پڑھے اور سجدہ میں ستر (۷۰) مرتبہ یَاوَهَّابُ کہے تو دولت مند ہوگا۔

وسعت رزق کیلئے

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

علماء کرام نے لکھا ہے کہ جو شخص روزانہ ایک ہزار مرتبہ اس آیت کریمہ کا ورد کرے گا اللہ تعالیٰ اس شخص کے رزق میں برکت عطا فرمائے گا۔ اس ورد پاک کی برکت سے انسان برے خیالات سے بچا رہے گا اور اللہ تعالیٰ سے جو دعا بھی مانگے گا خداوند کریم اس کی دعا قبول فرمائے گا۔

ہر طرح کی بندش کے خاتمہ کیلئے

ایک سو مرتبہ آیت الکرسی، ایک سو دفعہ سورہ فاتحہ، ایک سو دفعہ سورہ فلق، ایک سو دفعہ سورۃ الناس، پڑھ کر پانی پر دم کرلیں۔ سات دنوں تک گھر میں یا کاروباری جگہ پر چھڑکیں، تھوڑا سا پانی گھر کے افراد بھی پی لیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کی بندش ورکاوٹ دور ہوگی۔

خیر و برکت کیلئے

اگر کسی کی کھیتی یا باغ میں پھل نہ آتا ہو، یا پھل کم آتا ہو تو اس صورت میں ہر روز صبح کی نماز کے بعد ایک گلاس پانی لے کر ایک سو ایک مرتبہ اسم الٰہی ''یَارَحْمٰنُ'' کو پڑھ کر دم

کریں اور پانی درختوں کی جڑوں میں ڈال دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس اسم پاک کی برکت سے مطلوبہ مقصد حاصل ہوگا۔

کثرت رزق کیلئے

جن لوگوں کا گزارہ مشکل سے ہورہا ہو، ان کے لیے یہ عمل اکسیر ہے۔ رات کو سوتے وقت ایک سو چونتیس (۱۳۴) بار اس عمل کو پڑھیں اور عمل ختم کر کے اپنے موجودہ ذریعہ معاش کا تصور کر کے اپنے سینے پر پھونک ماریں۔ یَاقَوِیُّ یَاقَادِرُ روزی حاضر کرو۔

ملازمت اور روزگار کیلئے

جس شخص کو ملازمت نہ ملتی ہو اور اس کا کاروبار نہ چلتا ہو تو اُسے چاہیے کہ وہ سورہ مزمل کی یہ آیت:

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآاِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا۔

پانچ تسبیح صبح وشام اکتالیس دنوں تک پڑھے۔ روزگار مل جائے اور کاروبار میں ترقی اور بہتری کے آثار پیدا ہوں گے۔ یہ انتہائی مجرب عمل ہے اور اس سے بے شمار لوگوں نے عملی طور پر استفادہ کیا ہے۔

وسعت رزق کیلئے

وسعت رزق کے لیے سات (۷) بار روزانہ باوضو سورہ مزمل پڑھے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد سورہ مزمل ایک بار پڑھے۔ اور فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۃ مزمل دو (۲) بار صبح کے فرض کے بعد ایک بار پڑھے۔ اس طرح دن میں سات (۷) بار ہوگی۔ اگر سنت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکے تو فجر کی نماز کے

فرض کے بعد تین (۳) مرتبہ پڑھ لے۔

سارا سامان غیب سے مہیا ہو

اگر کوئی شخص مسافرت میں ہو اور کوئی سامان کھانے پینے، رہنے کا اس کے پاس نہ ہو ،رات کے وقت کھڑے ہو کر تین مرتبہ اس آیت کا پڑھنا ازبس مفید اور مجرب ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہی شب میں ایک ہی مرتبہ پڑھنے میں سارے سامان غیب سے مہیا ہوں گے۔ لیکن جب تک وہاں رہے گا روز ختم پڑھتا رہے۔ آیت شریف یہ ہے۔

وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ قَلِيلًا مَّا تَشْكُرُونَ۔

روزگار کی تلاش، گھر میں مالی پریشانی

مندرجہ ذیل عمل کریں۔ سورہ قریش ۳۱۳ بار روزانہ اول و آخر درود شریف ۱۱ بار پڑھیں۔ ۹۰ دن تک بے شمار لوگ غنی بن گئے ہیں۔

قرض سے نجات کیلئے

فضیل بن فضالہؒ نے بیان کیا کہ ایک بار قرض دار ہو گیا اور میں گریہ زاری کے ساتھ پڑھا کرتا تھا۔

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ بِحُرْمَةِ وَجْهِكَ الْكَرِيمِ اقْضِ عَنِّيْ دَيْنِيْ

کسی کہنے والے نے مجھے خواب میں کہا اللہ تعالیٰ کے وجہ کریم کے طفیل سے تو کب تک گریہ زاری کرتا رہے گا فلاں مقام پر جا اور وہاں سے اپنے قرض کے موافق لے لے۔

اسم الٰہی یَا بَاسِطُ کا ایک اور عمل

یہ عمل کشائش رزق کے لیے مخصوص ہے۔ کسی نماز کے بعد ستر (۷۰) دن تک بحالت خلوت اور حضور قلب سے ہر روز ستر مرتبہ یَا بَاسِطُ پڑھا کریں۔ لیکن عمل شروع کرنے سے پہلے غسل کریں اور ایک سو مرتبہ صلوٰۃ پڑھیں اور نیز ہر روز پڑھنے کا ایک وقت معین کریں۔

روزی میں فراخی کے واسطے

جس شخص کی روزی تنگ ہو اور گھر میں کھانے اور خرچ کی پریشانی رہتی ہو اور اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ روزانہ ان کلمات کو ایک سو (۱۰۰) بار پڑھ لیا کرے ان شاء اللہ تعالیٰ روزی میں فراخی پیدا ہوگی اور رزق زیادہ تعداد میں ملے گا وہ کلمات یہ ہیں۔

یَادَآئِمُ الْعِزِّ وَالْمُلْكِ وَالْبَقَاءِ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْجُوْدِ وَالْفَضْلِ وَالْعَطَاءِ يَاوَدُوْدُ ذَالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَافَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ۔

کشائش رزق کے لیے

یَابَاسِطُ یہ عمل وسعت رزق کے لیے مخصوص ہے کسی رات کے آخری تہائی حصے میں اٹھے اور ہاتھ بلند کر کے حضور قلب سے تین رات تک، ایک رات کا وقفہ دے کر ایک ہزار چار سو بیس مرتبہ یَابَاسِطُ پڑھیں۔

دولت گھر کی خادمہ ہو

جو شخص نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیان ہر روز ایک ہزار اور ساٹھ مرتبہ یا غنیٌّ پڑھا کرے دولت و ثروت اس کے گھر کی خادمہ ہو جائے گی۔ خوش کرداری اور سخاوت کیشی شرط ہے۔ اور حقیقی منعم کی شان نوازش کو دیکھ لے۔

روزگار میں ترقی کے لیے

اگر کوئی شخص اپنے روزگار سے موقوف ہو یا مالدار تھا مفلس ہوا یا صاحب عزت تھا ذلیل ہوا، تو اسے چاہیے کہ ایک سو ایک مرتبہ بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے اس آیت کو پڑھے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اکیس دن کے عمل میں غیب سے مراد پوری ہوگی۔

رزق میں وسعت پیدا ہو

ترقی رزق کے لیے رات کے بارہ بجے اٹھ کر غسل کرنے کے بعد ہر مہینہ مین تین مرتبہ سورہ جمعہ کی اس مبارک آیت کو پڑھیں

وَ اِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ا نْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَ تَرَكُوْكَ قَآىِٕمًا ؕ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَ مِنَ التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ۔

کو تین ہزار مرتبہ پڑھنا نہایت مجرب عمل ہے۔

عمل فراخی رزق

اس مقصد کے لیے بوقت چاشت چار رکعت نماز نفل اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ حشر تین مرتبہ پڑھیں اور پھر بعد از سلام سجدہ میں جا کر یَا وَھَّابُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ ہر مہینے میں سات دن یہ عمل کرنے سے ان شاء اللہ ساری عمر رزق میں تنگی و ترشی نہ رہے گی اور وہ فراخی رزق سے زندگی بسر کرے گا۔

برائے فتوحات غیبی

سب سے پہلے عامل کو چاہیے کہ اس کی زکوٰۃ ادا کریں۔ پھر اس کا ورد جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک ہی چلہ کے اندر ایک معقول رقم روزانہ ملنا شروع ہو جائے گی۔ یعنی بعد نماز عشاء اکتالیس مرتبہ سورہ یٰسٓ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف چالیس روز تک پڑھا کریں۔ اس کے بعد ہمیشہ پانچ مرتبہ ہر روز پڑھ لیا کریں۔

کاروبار میں فائدہ ہو

اگر بسم اللہ الرحمن الرحیم کو کسی کاغذ پر پینتیس (۳۵) بار لکھ کر گھر میں لٹکا دیا جائے تو شیاطین اس گھر میں داخل نہ ہو سکیں گے اور بے حد برکت حاصل ہو گی۔ اور اگر دکان میں لٹکا دیا جائے تو بہت نفع ہو گا۔ اور لوگوں کی رغبت بڑھے گی۔

غیب سے رزق ملے

اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَافَتَّاحُ يَاوَهَّابُ يَاوَدُوْدُ تین تسبیح صبح یا سوتے وقت پڑھیں۔ اگر کسی پوشیدہ چیز کی بابت دریافت کرنا ہو تو معلوم ہو جاتا ہے۔ (آزمودہ اور مجرب ہے)

رزق میں برکت پیدا ہو

رزق کی فراخی کے لیے سات دفعہ روز رات کو عشاء کی نماز کے بعد اس آیت کا ہمیشہ پڑھنا نہایت مجرب ہے۔ آیت یہ ہے۔

لِلّٰهِ مَافِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ

فقیر سے غنی ہو جانا

آیت الکرسی (خالدون) تک ہر نماز کے بعد پڑھ لیا کریں یہاں تک کثرت سے پڑھیں کہ اس کا علم ہونے لگے کہ یہ فائدہ پہنچ رہا ہے۔ جی چاہے پھر ایک تسبیح روزانہ مقرر کر لیں۔ عجیب چیز ہے۔

برائے مال سوداگری

اگر کسی کا مال فروخت نہ ہوتا ہو تو سورہ یٰس سات مرتبہ پڑھ کر اس مال پر دم کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فروخت ہوگا۔

رزق میں خیر و برکت ہو

جس شخص کو رزق کی تنگی ہو، وہ روزانہ چالیس دن تک سات ہزار مرتبہ اس آیت کو پڑھے۔

اَلَّذِیْ خَلَقَنِیْ فَھُوَ یَھْدِیْنِ وَالَّذِیْ ھُوَ یُطْعِمُنِیْ وَیَسْقِیْنِ

اول و آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ جو درود شریف یاد ہو پڑھ لے مگر خلوص کے ساتھ عمل کرنے سے بہت زیادہ اثر ہوگا۔

برائے فتوحات غیبی

علماء کرام کا کہنا ہے کہ رزق کی وسعت اور برکت کے لیے اگر روزانہ تین سو پچاس (۳۵۰) مرتبہ اس آیت مجدہ کا ورد کیا جائے تو رزق چاروں اطراف سے سمٹ کر انسان کے ہاتھ میں آتا ہے۔ بہت ہی موثر عمل ہے۔

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

وسعت رزق

روزانہ بعد نماز عشاء تین سو تیرہ مرتبہ، اول و آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھا کریں۔ روزی میں وسعت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ یَااَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ

مال میں برکت کے لیے

مال و دولت میں برکت اور زیادتی کے خواہش مند اگر اس درود پاک کو ہر نماز کے بعد پڑھیں تو ان شاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت پیدا ہو جائے گی۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ

برائے خلاصی قرض

روزانہ سورہ مزمل دو مرتبہ پڑھیں اور اکتالیس (۴۱) روز تک پڑھتے رہیں بحکم خدا قرض سے نجات ملے گی۔

عمل ادائے قرض

ادائیگی قرض کے لیے خواہ قرض پہاڑ کی مانند ہو یہ عمل بے حد اکسیر ہے۔ اس مقصد کے لیے وہ ہر روز بعد از نماز عصر اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورہ حشر تین مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے۔

ترقی و افزائش رزق

حضرت خواجہ غریب نوازؒ نے فرمایا کہ جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص اور تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک مرتبہ یہ آیت پڑھے گا۔ اس کے رزق میں برکت ہوگی۔

وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّ یَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ

لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔

رزق میں خیر و برکت ہو

ہر شب جمعہ ۱۰۰ دفعہ یہ پڑھیں۔ رزق کی تنگی دور ہوگی اور قرض ادا ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحْمٰنُ یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ یَا نُوْرُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

حصول ملازمت اور روزی کی فراوانی

اپنی روزی میں وسعت کے لیے روزانہ ۳۶۰ مرتبہ یَا اَللّٰہُ یَا وَاسِعُ پڑھا کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف بھی پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ دیکھیں گے کہ آپ کی کمائی میں اضافہ بھی ہوگا اور برکت بھی ہوگی۔ یہ عمل ملازمت کے حصول کے لیے بھی بے حد مجرب ہے۔

سورہ مزمل کا عمل

یہ عمل تمام عملیات کا سردار ہے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھا کریں۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ یہ عمل صرف تین دن تک کرے۔ مرادات دنیا و آخرت حاصل ہوگی۔

رزق کے لیے آزمودہ وظیفہ

فجر کے بعد کسی سے بات نہ کریں۔ایک تسبیح یَارَحْمٰنُ ،ایک تسبیح یَامُغْنِی اور سورہ مزمل ایک دفعہ چالیس دن مسلسل پڑھیں یہ روزگار کے لیے نہایت آزمودہ ہے۔

کشائش رزق

سورہ مزمل کو روز گیارہ سو مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ سورہ مزمل سے پہلے اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ہر مرتبہ پڑھیں۔اور گیارہ بار پڑھنے کے بعد اپنی کامیابی اور کشائش رزق کے لیے دعا مانگیں۔ان شاءاللہ تعالیٰ پریشانیاں دور ہوں گی۔

رزق میں اضافہ کیلئے

روزانہ نماز صبح فرض وسنت کے درمیان اگر نہ ہوسکے تو بعد نماز صبح کے گیارہ سو مرتبہ یَامُغْنِی اور گیارہ مرتبہ سورہ مزمل پڑھیں اور باقی نمازوں کے بعد دو دو مرتبہ سورہ مزمل کا ورد کریں۔ان شاءاللہ بہت فائدہ ہوگا۔

دولت سے مالا مال ہو جائے

کوئی شخص روزی سے اس قدر پریشان ہو کہ روٹی بھی میسر نہ آتی ہو تو مغرب یا عشا کی نماز کے بعد مع بسم اللہ شریف الحمد شریف ایک مرتبہ اور سورہ الم نشرح تین مرتبہ اور سورہ انا انزلناہ (۴۱) اکتالیس مرتبہ اور سورہ واقعہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔خداوند کریم اس کے لئے غیب سے روزی عطا فرمائے گا جس کسی نے چالیس دن پڑھ لیا مالا مال ہو گیا ہے۔

فراخدلی اور سخاوت پیدا کرنا

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ وہ فراخدل اور سخی بن جائے تو وہ یَا بَاسِطُ ۲۷ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں فراخدلی پیدا ہو جائے گی۔ اور اللہ کی راہ میں دل کھول کر روپیہ پیسہ خرچ کرنے والا بن جائے گا اور اسی حساب سے اللہ تعالیٰ اسے عطا بھی کرے گا۔

مال ورزق کی برکت کیلئے

رزق میں ترقی کے لے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد (۱۱۹) مرتبہ یَا لَطِیْفُ پڑھ کر پھر (۱۱۹) مرتبہ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنِ پڑھیں اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ ان شاء اللہ غیب سے اللہ تعالیٰ روزی کا سبب پیدا فرمائے گا۔

دولت، مرتبہ کی بلندی کیلئے

جو شخص روزانہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ایک ہزار بار اور یَا وَهَّابُ ایک ہزار بار ہمیشہ پڑھا کرے اس کا مرتبہ بلند ہوگا اور مال میں بے شمار اضافہ ہوگا۔

امداد غیبی اور تسخیر کیلئے

اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور ۳۳۳ مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ کا ورد کریں۔ اکتالیس روز تک ایک جگہ پر بیٹھ کر نماز عشاء کے بعد پڑھا کریں۔ اس سے رزق اور عزت میں بہت اضافہ ہوگا۔ تجربہ شدہ ہے۔

کشائش رزق

نماز فجر کے بعد دس دفعہ پڑھا کریں۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ وَاَسْئَلُہٗ مِنْ فَضْلِہٖ

اس عمل کے اول اور آخر پر پندرہ پندرہ مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

غنی کر دینے والا ایک عمل

اگر کوئی شخص صبح کی نماز سے پہلے اپنے مکان کے چاروں کونوں میں کھڑے ہو کر ہر ایک کونے میں دس مرتبہ درود پاک پڑھے تو غنی ہو جائے گا۔

رزق میں برکت کے لیے مجرب عمل

جو شخص صبح کو ستر مرتبہ پابندی سے یہ آیت پڑھا کرے وہ رزق کی تنگی سے محفوظ رہے گا اور فرمایا کہ بہت مجرب ہے آیت مندرجہ ذیل ہے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

وسعت رزق کیلئے

ہمیشہ بعد نماز عشاء تین مرتبہ سورہ یٰسین پڑھا کریں۔ اس کی برکت سے بہت جلد مال دار ہو جائیں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ یہ وظیفہ دائمی ہے ناغہ نہ ہو۔

طلب رزق

اگر طلب رزق کی ضرورت ہو تو روزانہ سورۃ واقعہ پڑھ کر ایک بار ننانوے اسمائے باری تعالیٰ اور تین بار چہل کاف پڑھے اور دعا مانگے تو چند دنوں میں حالت بدل جائے گی۔چہل کاف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ كَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيْكَ وَاكِفَةً كِفْكَافُهَا كَكَمِيْنٍ كَانَ مِنْ كَلَكَا تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِيْ كَبِدٍ۔ تَحْكِيْ مُشَكْشِكَةً كَلُكْلُكٍ لَّكَا كَفَاكَ مَابِيْ كَفَاكَ الْكَافُ كُرْبَتَهٗ يَا كَوْكَبًا كُنْتَ تَحْكِيْ كَوْكَبَ الْفَلَكَا۔

رزق کا دروازہ کھلنا

جس کا رزق بند ہو اور ہزار کوششوں کے باوجود بھی اسے روزگار نہ ملتا ہو تو اس کے لیے ہر روز بعد نماز فجر سورہ کہف مکمل پڑھے۔ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے رزق کا دروازہ کھل جائے گا۔

ملازمت میں ترقی کیلئے

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اپنے شعبے میں ملازمت کے دوران اونچے سے اونچے منصب پر فائز ہو جائے اور اس کی ترقی میں کوئی رکاوٹ نہ بنے بلکہ وہ تیزی سے ترقی کی منزلیں طے کرتا جائے۔تو اس کے لیے بعد نماز فجر کسی سے بات نہ کرے اور نماز اشراق تک اپنی جگہ بیٹھ کر اسم الٰہی یَارَزَّاقُ پڑھے اور سورج نکلنے تک باقاعدہ پڑھتا رہے۔ درمیان

میں اپنی جگہ سے نہ اٹھے اور نہ کسی سے بات کرے۔اس اسم الٰہی کے ذکر میں مشغول رہے اور یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اس کے اثرات قدم قدم پر اس کی زندگی میں ظاہر ہوتے رہیں گے۔اور وہ بآسانی ترقی کرتے کرتے اعلیٰ منصب پر پہنچ جائے گا۔

رزق کی بندش کھولنا

اگر کسی کا رزق باندھ دیا گیا ہو اور جتنا کماتا ہو اس سے زیادہ خرچ ہوتا ہے گھر میں کھانے کو کچھ نہیں بچتا تو اس کے لیے باوضو سورہ واقعہ ایک نشست (بیٹھک) میں اس طرح بیٹھ کر درمیان میں نہ اٹھے اکتالیس (۴۱) بار پڑھے تو ان شاء اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھل جائیں گے۔

بدبختی کے سبب مالی پریشانی آجائے

اگر کسی سخت گناہ یا بڑی عظیم برائی کے سبب یا کسی بے گناہ مظلوم پر ظلم کے سبب یا کسی کا دل دکھا کر اس کی بددعا کے باعث کسی آدمی پر بدبختی چھا جائے اور اسے طرح طرح کے مصائب مشکلات اور گھریلو و معاشی پریشانیاں گھیر لیں تو اس بدبختی اور ہر قسم کی مصیبت سے بچنے کے لیے یہ استغفار کرے اور اللہ تعالیٰ سے رحم کی بھیک مانگے اور عشاء کی نماز کے بعد ایک سو بار یہ کلمات باوضو پڑھے اور اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے اپنے دونوں ہاتھوں اپنے چہرے اور بدن پر پھیرے۔ یہ عمل اکتالیس دن کرے اس دوران اگر حالت درست ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ ایک چلہ اور کرے اس میں بھی حالات ٹھیک نہ ہوں تو ایک چلہ اور کرے۔

توبہ استغفار کا طریقہ یہ ہے کہ دو رکعت نفل نماز توبہ ظہر مغرب یا عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر یہ کلمات سو مرتبہ پڑھے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ

پھر رو رو کر اپنے گناہوں کی معافی اللہ تعالیٰ سے مانگے کہ وہ غفور الرحیم ہے بدبختی سے نجات کے لیے یہ کلمات بعد نماز عشاء ایک سو بار پڑھنے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَاوَدُوْدُ یَاوَدُوْدُ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ۔ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ

عمل برائے بندش روزگار دور کرنا

حدیث مبارکہ ہے جب بندہ ماں باپ کے لئے دعا ترک کر دیتا ہے تو اس کا رزق قطع ہو جاتا ہے۔

یہ بہت ہی عام ہو رہا ہے کہ آج کے اس مشکل دور میں ۸۰ فیصد ہر ایماندار شخص پریشان ہے۔ رزق کی فراخی اور تنگی اللہ نے اپنے قبضہ قدرت میں رکھی ہے۔ مگر دنیا والے جادو، ٹونے کے زور پر کسی کا رزق باندھ دیتے ہیں یا کم کر دیتے ہیں یا ختم کر دیتے ہیں یا چھین لینے کی کالک منہ پر مل لیتے ہیں۔ حالانکہ یہ بھی ممکن ہے کہ جب یہ بدبخت کسی کا رزق باندھنے کا قبیح عمل کر رہے ہوں وہ واقعی متاثرہ شخص کے لیے تنگی کا دور شروع ہونے کا ہو۔

بہرحال اگر واقعی کسی کا کاروبار باندھ دیا گیا ہو تو درج ذیل عمل اس کو توڑنے کے لیے اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

عمل: روزانہ بعد نماز فجر اول و آخر درود شریف ایک سو ایک بار (۱۰۱) پڑھیں اور درمیان میں سورہ مزمل اٹھارہ (۱۸) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور دعا کریں۔ پانی خود پئیں، گھر والوں کو پلائیں۔ گھر، دوکان، دفتر (مقامِ روزگار) میں اس کے چھینٹے

ماریں دھیان رہے کہ پانی زمین پر نہ گرے اور یہ عمل بلاناغہ اکتالیس (۴۱) دن کریں۔ حالات میں تبدیلی صرف چند دنوں کے اندر اندر شروع ہو جاتی ہے۔ تاہم اگر اس عمل کو ہمیشہ اپنالیا جائے تو چند دنوں میں ہی بہترین رزلٹ ملنا شروع ہو جائے گا۔ اور ان شاء اللہ تعالیٰ زندگی بھر کسی اور عمل کی ضرورت باقی نہیں رہتی۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ کسی بھی مسلمان کو بندش رزق سے ہمکنار یا اس کا شکار نہ کرے اور اللہ تعالیٰ سب کو اپنے خزانہ رزق سے وسیع اور کشادہ رزق عطا فرمائے۔ آمین

عمل برائے روزگار

اسم اعظم يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ رات کو عشاء کی نماز کے بعد اول و آخر درود شریف کے ساتھ (۳۱۲۵) تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھیں۔ اگر کسی دن کسی مجبوری کے تحت ناغہ ہو جائے تو دوسرے دن وہی (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھنا ہے ڈبل نہیں پڑھنا اسی طرح چالیس دنوں میں ٹوٹل ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھیں اور ساتھ روزانہ دعا اپنے مقصد کے لیے مانگتے رہیں۔

افلاس و تنگدستی سے نجات کیلئے

ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بہت غریب ہو گیا ہوں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا صبح طلوع فجر کے وقت اس دعا کو پڑھو۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه

دُنیا ذلیل و پست ہو کر تیرے پاس آئے گی۔ کچھ عرصہ بعد دوبارہ حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس دولت اتنی زیادہ ہو گئی ہے کہ مجھے سمجھ نہیں آتا کہ

کہاں رکھوں۔

غنی ہونے کے لیے

جو شخص یہ چاہتا ہو کہ وہ غنی اور مال دار ہو جائے۔ تو اس کے لیے سورہ واقعہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے مرد اپنے دائیں بازو پر باندھے اور عورت اپنے بائیں بازو پر باندھ لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی کسی کا محتاج نہ ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے کہ اس نقش میں ۱۰۲۹۸۹ اعداد ہیں۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳
۲۵۷۴۶	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۴۷۳۵	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

رزق میں برکت

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی کا شکار ہو یا محنت و کوشش کے باوجود رزق میں اضافہ نہیں ہوتا اور روز بروز تنگدستی بڑھتی جاتی ہے۔ گھریلو اخراجات زیادہ اور آمدنی کم ہو تو گھر کا نظام چلانا مشکل ہو جاتا ہے قرض لینا اچھا لگتا ہے لیکن اس کا ادا کرنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں جمعرات کے دن کسی نیک نمازی صوفی کا پاک کرتہ لے کر

اس کے دامن کو پھاڑ کر یہ آیت باوضو اس پر عرق گلاب میں زعفران گھول کر اس سے لکھے اور اپنی دوکان یا مکان یا جہاں کاروبار کرتا ہے اس آفس یا دفتر میں فریم کرا کر لٹکا دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت ہوگی۔ اور کاروبار خوب چلے گا اور آمدنی میں اضافہ ہوگا وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

بیٹی کی شادی اور اسباب مہیا ہونا

اگر کوئی شخص بہت غریب ہو جس کے سبب بیٹی کی شادی نہ کرنے پر مجبور ہو تو اسے چاہیے کہ باوضو بعد نماز عشاء يَا وَهَّابُ يَا رَزَّاقُ تین ہزار ایک سو پچیس (۳۱۲۵) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ اس کے بعد سجدے میں جا کر اپنے ظاہری، باطنی چھوٹے بڑے گناہوں کی معافی مانگے اور اپنی بیٹی کی شادی کے لئے اسباب اور رقم مہیا ہونے کی دعا کرے۔ اس عمل کو مسلسل بلا ناغہ چالیس دن کرے۔ چالیس دن میں سوا لاکھ (ایک لاکھ پچیس ہزار) تعداد پوری کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چالیس (۴۰) دن سے پہلے ہی رقم کا بندوبست ہو جائے گا لیکن عمل چالیس دن ہی کرنا ہوگا اور سوا لاکھ تعداد پوری کرنی ہوگی۔

کاروبار میں برکت کیلئے

یہ درود شریف خیر و برکت کے لیے بہت اکسیر ہے لہٰذا جو شخص چاہے کہ اس کے گھر بار، کاروبار اور مال و دولت میں خیر و برکت ہو اور اولاد پر اللہ کی رحمت ہو تو اسے چاہیے کہ

بعد نماز فجر روزانہ اس درود پاک کو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ جو شخص سوتے وقت سو(۱۰۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اللہ تعالیٰ اس کے مال وجان کو ہمیشہ حفاظت میں رکھے گا اور جو ادائے قرض کی نیت سے گیارہ دن تک روزانہ بعد نماز عشا ۳۱۳ مرتبہ پڑھے بہت جلد قرضے سے ان شاء اللہ نجات پائے گا۔ اگر کوئی شخص کسی ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو تو اسے چاہیے کہ سات دن تک بعد نماز عشا اسے ۱۱۱ مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ ذہنی پریشانی فوراً ختم ہو جائے گی۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِكَ وَبَرَكَاتِكَ وَرَحْمَتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامَ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتَمَ النَّبِيِّيْنَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامَ الْخَيْرِ وَقَائِدَ الْخَيْرِ وَرَسُوْلَ الرَّحْمَةِ

مال دار بننے کیلئے

جو شخص یہ چاہے کہ اسے غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو اور مال دولت میں کھیلنے لگے۔ تو اس کے لیے سورہ واقعہ جمعہ کے دن سے (فجر کی نماز سے شروع کرے) سات روز تک بلاناغہ ہر نماز کے بعد پچیس (۲۵) بار پڑھے۔ پھر جب شب جمعہ (جمعرات کا دن گزرنے کے بعد والی رات) آئے تو اس سورۃ واقعہ کو بعد نماز مغرب پچیس مرتبہ پڑھے پھر نماز عشاء کے بعد پچیس مرتبہ صرف درود شریف پڑھے۔ بعد ازاں ہر روز صبح کو نماز فجر کے بعد ایک بار اور شام کو بعد نماز مغرب ایک بار پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مال دار ہو جائے گا۔ اس عمل کو اگر کسی مقصد کے لیے کرے تو اس میں بھی کامیاب ہو جائے گا۔

مالی پریشانیوں کا حل

بعض مرتبہ اخراجات زیادہ اور آمدنی کم ہونے کے سبب آدمی ہر وقت پریشان رہتا ہے اور قرض کا بوجھ بھی چڑھتا رہتا ہے۔ اس کے لیے یہ عمل بہت کارآمد ہے۔ ہمیشہ باوضو رہنے کی کوشش کرے اور نماز پابندی سے جماعت سے پڑھنے کی کوشش کرے۔ ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھے اور بعد نماز عشاء اول گیارہ بار درود شریف اس کے بعد دو سو تینتیس (۲۳۳) بار یَا سَلَامُ یَا بَاسِطُ پڑھے۔ آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھ کر مالی مشکلات سے نجات کی دعا کرے اور اپنے گناہوں کی معافی چاہے۔ ان شاء اللہ تمام مالی مشکلات سے نجات حاصل ہوگی اور رزق میں برکت ہوگی۔

وسعت رزق کیلئے

جو شخص رزق کی تنگی میں مبتلا ہو وہ کثرت سے فرض نمازوں اور نوافل کے بعد ان آیتوں کا اٹھتے بیٹھتے کثرت سے ورد کرے اللہ تعالیٰ اس کی روزی اور اس کے مال میں ترقی اور تنگدستی دور فرمائیں گے۔

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَ تُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ تُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ تُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَ تُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَ تَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ○

یَا بَاسِطُ کا عمل

یَا بَاسِطُ کا وِرد اضافہ رزق کے لیے بہت مجرب ہے۔ یہ بند کاروبار یا دوکان کو دوبارہ چلانے کے لیے یا کاروبار میں ترقی کیلئے اس کے علاوہ ہر قسم کے کاروبار میں جس میں اضافہ کرنا درکار ہو پڑھ سکتے ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حسب منشاء اللہ تعالیٰ رزق میں اضافہ کرے گا۔ اس کا عمل یہ ہے۔ کہ پہلے اس اسم کو چالیس (۴۰) دن میں ۵ لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ یعنی کوئی وقت مقرر کر کے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اور چاروں قل پڑھ کر روزانہ (۱۲۵ ۱۲) مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ تعالیٰ چلے میں کامیابی ہوگی۔ اس کے بعد مذکورہ فوائد کے لئے جس کو چاہیں تلقین کریں۔

فراخی رزق کے لیے مجرب

بے حساب اور بابرکت رزق عطا ہوگا۔ آپ کے گمان سے بھی زیادہ ملے گا۔ گھر میں کبھی بھی دولت کی تنگی نہ ہوگی ہر اتوار سورج طلوع ہونے پر باوضو ہو کر قبلہ رخ ہو کر بیٹھیں اور ۱۳۴ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اول و آخر ۵۱، ۵۱ بار درود شریف پڑھیں پھر اللہ سے دعا مانگیں۔

فراخی رزق

۱۔ ہر نماز کے بعد سورہ واقعہ پانچ مرتبہ پڑھا کریں اول و آخر تین بار درود ابراہیمی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مداومت کرنے والے کا رزق فراخ ہوجائے گا اگر نماز کے بعد وہیں بیٹھ کر پڑھنا ممکن نہ ہو تو چلتے پھرتے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

۲۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم

ہر روز نماز عشاء کے بعد پانچ سو مرتبہ اول و آخر درود شریف بلا ناغہ پڑھا کریں مجرب ہے۔

ملازمت میں ترقی

کسی شخص کو ملازمت نہ ملتی ہو یا نوکری سے برخاست ہو گیا ہو یا ترقی کی بجائے عہدہ یا منصب سے گرادیا گیا ہو اور ہر طرح کی کوشش کرنے کے باوجود کامیابی نہ ہوتی ہو۔ تو ایسی صورت میں آدھی رات گزرنے کے بعد باوضو ہو کر دو نفل ادا کرنے کے بعد ننگے سر قبلہ رُخ کھڑے ہو کر تین سو مرتبہ یا عَزِیزُ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ مقصد پورا ہونے کی دعا کی جائے۔ ان شاء اللہ عمل کرنے والا شخص دوبارہ اگر نوکری سے برخاست ہو گا تو بحال ہو جائے گا اور ترقی پائے گا اور اگر روزگار نہیں تو بہت جلد اچھا روزگار مل جائے گا۔

دوکان میں برکت و چوری سے حفاظت

جو شخص کاروبار سے پریشان ہو اور کبھی کبھی دوکان میں چوری بھی ہو جاتی ہو تو اسے چاہیے کہ دوکان کھولنے سے پہلے تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھے اور دوکان بند کرتے وقت بھی تین مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی برکت سے دوکان کی بندش ختم ہو جائے گی اور دوکان میں چوری بھی نہیں ہو گی۔ نیز نماز کی پابندی کرے اور ہر فرض نماز کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی، تین مرتبہ سورۃ الم نشرح، ایک مرتبہ سورۃ فاتحہ اس کے بعد تین مرتبہ سورہ قدر پڑھتا رہے۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ تعالیٰ کاروبار میں خوب ترقی ہو گی اور آمدنی میں بے حد اضافہ ہو گا اور کاروبار چمک جائے گا۔

برائے حصول روزگار

اگر کسی شخص کو کسی جگہ ملازمت نہ ملتی ہو اور وہ روزگار کے لیے پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اس آیت کو تین ہزار تین سو تینتیس (۳۳۳۳) بار ساتھ درود شریف اول و آخر گیارہ بار چھ روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ فوراً ملازمت کا بندوبست ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ۔

اضافہ رزق کا مجرب عمل

مندرجہ ذیل وظیفہ بھی دراصل یَابَاسِطُ کی جامع شکل ہے۔ اور اضافہ رزق کے لئے بہت مفید ہے۔ اس سے بہت جلد مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔ اضافہ رزق کے لیے اس وظیفہ کو رمضان کے دوران دن یا رات کے کسی حصے میں گیارہ سو مرتبہ پڑھنا بہتر ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اگر اللہ راضی ہو گیا تو غیب سے دولت کے خزانے کھول دے گا اور کسی چیز کی کمی نہ رہے گی۔ وظیفہ یہ ہے۔

قرض کی ادائیگی اور رزق میں اضافہ

اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا قرض ادا ہو جائے اور اس کو جلد از جلد اس بوجھ سے نجات مل جائے اور اسکی آمدنی اور رزق میں بھی اضافہ ہو جائے۔ تو اس کو چاہیے کہ اسم

الٰہی یَااَللّٰہُ روزانہ بعد نماز فجر ایک سو ایک مرتبہ باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر پڑھے اول و آخر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل برابر کرتا رہے۔ ناغہ نہ کرے بلکہ عمل کی پابندی کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل کو ہمیشہ پابندی کے ساتھ کرنے کی برکت سے کبھی جیب خالی نہ رہے گی۔ اور سارا قرض جلد ہی ادا ہو جائے گی۔

کسی سے حق وصول کرنا

کسی سے اپنا حق طلب کرتے وقت صاحب معاملہ کے سامنے جب جائیں تو یہ پڑھ کر جائیں۔

یَاسُبُّوْحُ یَاقُدُّوْسُ یَاغَفُوْرُ یَاوَدُوْدُ

یہی اسماء الحسنیٰ صاحب کے سامنے بھی آہستہ آہستہ پڑھتے رہیں۔ کرایہ لینے جائیں یا جس سے کام ہو اس کے سامنے پڑھنے سے اس کا دل نرم ہو جائے گا۔

آج کل عموماً لوگ پیسے لے کر واپس نہیں کرتے۔ جب کہ ان کے پاس ہوتے بھی ہیں ایسے لوگوں سے پیسے واپس لینے کے لیے یہ وظیفہ اکسیر ہے۔ جتنی بار ممکن ہو پڑھ کر سامنے جائیں۔

وسعت رزق کیلئے

اگر کوئی شخص رزق کی تنگی سے پریشان ہو اور باوجود کوشش بسیار کے رزق میں اضافہ نہیں ہوتا۔ تو اس کے لیے مندرجہ ذیل کلمات کسی بھی نماز کے بعد بیس مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ محتاجگی اور بے برکتی ختم ہو جائے گی اور رزق میں اضافہ اور خوب برکت ہوگی وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَامَنَّانُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُبْرِءُ

اَحَدٌ مِنَ الْبَرِيَّاتِ اِلَّا مِنْ مَنِّهٖ وَاِحْسَانِهٖ

دوکان کی آمدنی میں اضافہ

اگر کسی کی دوکان نہ چلتی ہو، اس کی بکری میں بہت فرق پیدا ہو گیا ہو اور آمدنی بہت کم ہو گئی ہو تو اس کے لیے روزانہ خود یا کسی بھی حافظ قرآن سے سورہ مزمل پڑھوالیا کرے یا خود پڑھ لیں۔ لیکن پڑھنے والا بلند آواز سے پڑھے اور خود ایک بوتل میں پانی بھر کر اس میں دم کرالے اور وہ پانی دوکان کے باہر صبح و شام چھڑکے اور دو وقت دوکاندار وہ پانی صبح و شام پئے اور صبح کو جب دوکان کھولے تو اول تین مرتبہ درود شریف پڑھے اس کے بعد اکتالیس مرتبہ اَللّٰهُ الصَّمَدُ آخر میں تین بار درود شریف پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ دوکان بہت چلے گی اور خوب آمدنی ہو گی۔

روزگار کیلئے

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو اور اسے اس کی مرضی کا کام نہ ملتا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کے لیے روزانہ نماز فجر سورج طلوع ہونے سے پہلے پہلے اسم الٰہی یَا وَاسِعُ ستر مرتبہ باوضو پڑھے۔ اور سورج نکلنے کے بعد اشراق کی نماز پڑھ کر روزگار کی تلاش میں نکل جائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن عمل کرنے کی برکت سے جلد ہی اچھے روزگار کا انتظام ہو جائے گا اور اگر نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو نوکری پر بحال ہو جائے گا۔

کشائش رزق اور تسخیر خلائق

رزق کی فراوانی اور لوگوں کو اپنا مطیع بنانے کے لیے یہ درود شریف اکسیر اعظم ہے۔
اسے بعد نماز عشاء ایک معین مقدار پر ہر روز پڑھنا چاہیے۔ ورد مکرم یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ هُوَ اَبْهٰی مِنَ الْقَمَرِ التَّامِّ وَاَکْرَمِ مِنَ السَّحَابِ الْمُرْسَلَةِ وَالْبَحْرِ الْعَظِیْمِ

رزق کی برکت کا وظیفہ

ہر نماز کے بعد سات دفعہ سورہ قریش یقین کے ساتھ پڑھ لیا کریں۔ شروع و آخر میں تین تین دفعہ درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ رزق میں ضرور برکت ہوگی۔ اگر کسی کو شک ہو تو تجربہ کر کے دیکھ لے۔

روزی میں اضافہ کیلئے

اگر کسی کی روزی تنگ ہو اور وہ تنگ دستی کا شکار ہو، گھر کا خرچہ پورا نہ ہوتا ہو تو اس کے لیے سورۃ واقعہ بعد نماز عشاء باوضو ایک مرتبہ پڑھے اس کے بعد ایک سو بار سورۃ اخلاص پڑھے یہ عمل روزانہ کرے ناغہ نہ کرے اور نہ بددل ہو کر اس عمل کو چھوڑے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دن میں آمدنی میں اضافہ شروع ہو جائے گا اور آمدنی کے نئے نئے دروازے کھلیں گے۔

روزگار میں ترقی کیلئے

اگر کوئی شخص اس درود پاک کو روزانہ گیارہ مرتبہ ورد کے طور پر پڑھا کرے تو اس کے روزگار میں دن بدن ترقی ہوگی۔ حاسدوں اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ درود پاک یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْهِ تَسْلِیْمًا وَّهَبْ لَنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَیْهِ

اَجْرًا عَظِیْمًا۔

تنگدستی دور کرنے کا عمل

جو شخص یَاوَاسِعُ کی کثرت سے تلاوت کرے گا دین و دنیا کی دولت سے مالا مال رہے گا کبھی تنگدست اور محتاج نہ ہوگا۔ رزق کی کشائش کے لیے اس مبارک نام کو پانچ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مجرب ہے۔

تنگدستی اور قرض سے ہمیشہ کیلئے نجات

بعد نماز عشاء بیٹھ کر یَاوَهَّابُ ۱۴ ۱۴ ابار پڑھ کر یہ دعا سو مرتبہ پڑھا کریں۔

یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَهَّابُ

اول و آخر تین مرتبہ درود شریف یہ عمل ہمیشہ جاری رکھیں۔

رزق میں کشادگی و کاروبار کی ترقی

لِلّٰهِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ

رزق میں کشادگی کے لئے کاروبار کی ترقی کیلئے یا نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس (۱۴۱) دفعہ پڑھیں۔

رزق کی تنگی دور کرنا

جو شخص تنگدست ہو، غریب اور محتاج ہونے کے سبب اکثر مقروض رہتا ہو اور زندگی پریشانی میں گزر رہی ہو تو اس کے لیے بعد نماز فجر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اسم الٰہی یَا عَزِیْزُ کو ایک

سوا ایک بار پڑھے اول وآخر ۱۱، ۱۱ بار درود شریف پڑھے۔ یہ عمل ہمیشہ کرتا رہے توان شاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رزق میں برکت اور ترقی ہوگی۔ اور اگر قرضہ ہے تو وہ بھی دور ہو جائے گا۔

رزق میں زیادتی کے لیے

اگر کسی کی آمدنی کم ہو اور اخراجات زیادہ ہوں تو اس کے لئے سورۃ والسماء ذات البروج بعد نماز عشاء سونے سے پہلے پندرہ بار پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی فراخ ہوگی اور رزق زیادہ ملے گا۔

تسخیر خلائق کا مجرب عمل

یہ اسم مرجع خلائق ہے یَا مُسْتَطِیْعُ اول وآخر درود شریف ۳۵،۳۵ بار پھر بعد نماز فجر تیرہ تسبیح روزانہ پڑھے۔ مخلوق کا رجحان کثیر ہو۔ اچھی خاصی تسخیر ہو۔

رزق حلال میں ترقی

رزق کی ترقی، مال حلال کی افراط اولاد کے زیادہ ہونے کے لیے سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر ۲۰) کا ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا اور پھر چالیس روز تک ہر سال اس عمل کا ذکر کرنا نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا۔

Qureshi R.W

بیماری، مصیبت، تجارتی قرض، دشمنوں سے حفاظت

ہر قسم کی بیماری، مصیبت، تجارتی قرض، دشمنوں سے بچاؤ اور حفاظت میں اللہ تعالیٰ کے چاہنے سے یہ آیات صبح پڑھی جائیں تو کبھی کبھی تو شام تک نتیجہ سامنے آجاتا ہے اور کبھی اللہ تعالیٰ کے چاہنے سے تھوڑا انتظار کرنا پڑسکتا ہے لیکن دُعا الحمد للہ اپنے وقت پر اثر دکھا کر رہتی ہے۔ دُعا کے وقت صرف عربی متن ہی پڑھیں ترجمہ اس لیے لکھا گیا ہے کہ پڑھنے والا یہ سمجھ سکے کہ کیا پڑھ رہا ہے۔

آیاتِ توحید:

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰـهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

(سورۃ البقرہ: ۱۶۳)

"اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔"

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَيُّوْمُ ج لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ج وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ (سورۃ البقرۃ)

"اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے سب کا تھامنے والا نہ اس کی اونگھ دبا سکتی ہے نہ نیند آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے سب اسی کا ہے ایسا کون ہے جو

اس کی اجازت کے سوا اس کے ہاں سفارش کر سکے مخلوقات کے تمام حاضر اور غائب حالات کو جانتا ہے اور وہ سب اس کی معلومات میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جتنا کہ وہ چاہے اس کی کرسی نے سب آسمانوں اور زمین کو اپنے اندر لے رکھا ہے اور اللہ کو ان دونوں کی حفاظت کچھ گراں نہیں گزرتی اور وہی سب سے برتر عظمت والا ہے۔"

الٓمّٓ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلاَّ هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰةَ وَالْاِنْجِیْلَ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُوانْتِقَامٍ

(سورۃ آل عمران)

"الٓمّٓ ۔ اللہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ ہے نظام کائنات کا سنبھالنے والا ہے اس نے تجھ پر یہ سچی کتاب نازل فرمائی جو پہلی کتابوں کی تصدیق کرتی ہے اور اسی نے اس کتاب سے پہلے تورات اور انجیل نازل فرمائی وہ کتابیں لوگوں کے لیے راہ نما ہیں اور اسی نے فیصلہ کن چیزیں نازل فرمائیں بے شک وہ لوگ اللہ کی آیتوں سے منکر ہوئے ان کے لیے سخت عذاب ہے اور اللہ تعالیٰ زبردست بدلہ دینے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا یَخْفٰی عَلَیْهِ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ هُوَ الَّذِیْ یُصَوِّرُكُمْ فِی الْاَرْحَامِ كَیْفَ یَشَآءُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ (سورۃ آل عمران)

"اللہ پر زمین اور آسمان میں کوئی چیز چھپی ہوئی نہیں وہی جس طرح چاہے ماں

کے پیٹ میں تمہارا نقشہ بناتا ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں زبردست حکمت والا ہے۔"

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّـهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًاۢ بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ (سورۃ آل عمران)

"اللہ نے اور فرشتوں نے اور علم والوں نے گواہی دی کہ اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں وہی انصاف کا حاکم ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں زبردست حکمت والا ہے بیشک دین اللہ کے ہاں فرمانبرداری ہی ہے۔"

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا

(سورۃ النساء)

"اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی بندگی نہیں بے شک قیامت کے دن تم سب کو جمع کرے گا اس میں کوئی شک نہیں اور اللہ سے بڑھ کر کس کی بات سچی ہو سکتی ہے۔"

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ

(سورۃ الأنعام)

"یہی اللہ تمہارا رب ہے اس کے سوائے اور کوئی معبود نہیں ہر چیز کا پیدا کرنے والا ہے پس اسی کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز کا کارساز ہے۔"

اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ (سورۃ الأنعام)

"تو اس کی تابعداری کر جو تیرے رب کی طرف سے وحی کی گئی ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اور مشرکوں سے منہ پھیرے۔

قُلْ يَآ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا ۨ الَّذِيْ لَـهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ

(سورۃ اعراف)

"کہہ دو اے لوگو! تم سب کی طرف اللہ کا رسول ہوں جس کی حکومت آسمانوں اور زمین میں ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے پس اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول نبی امی پر جو کہ اللہ پر اور اس کے سب کلاموں پر یقین رکھتا ہے اور اس کی پیروی کرو تا کہ تم راہ پاؤ۔"

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (سورۃ التوبۃ)

"انہیں حکم یہی ہوا تھا کہ ایک اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ان لوگوں کے شریک مقرر کرنے سے پاک ہے۔"

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ صلے لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

(سورۃ التوبۃ)

"پھر اگر یہ لوگ پھر جائیں تو کہہ دو مجھے اللہ ہی کافی ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اسی پر میں بھروسہ کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔"

حَتّٰٓى اِذَآ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْٓ

اٰمَنَتْ بِهٖ بَنُوْٓا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

(سورۃ یونس)

''یہاں تک کہ جب ڈوبنے لگا (فرعون) کہا میں ایمان لایا کہ کوئی معبود نہیں مگر جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے ہیں اور میں فرمانبردار میں سے ہوں۔''

فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (سورہ ھود)

''پھر اگر تمہارا کہنا پورا نہ کریں تو جان لو کہ قرآن اللہ کے علم سے نازل کیا گیا ہے اور یہ بھی کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس کیا تم فرمانبرداری کرنے والے ہو۔

وَهُمْ يَكْفُرُوْنَ بِالرَّحْمٰنِ ط قُلْ هُوَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ مَتَابِ (سورہ الرعد)

''اور وہ تو رحمن کے منکر ہیں کہہ دو وہی میرا رب ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی پر میں نے بھروسہ کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے۔''

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنَا فَاتَّقُوْنِ (سورۃ النحل)

''وہ اپنے بندوں سے جس کے پاس چاہتا ہے فرشتوں کو وحی دے کر بھیج دیتا ہے یہ کہ خبردار کر دو کہ میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں پس مجھ سے ڈرتے رہو۔''

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ۔ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (سورۃ طه)

''اور اگر تو پکار کر بات کہے تو وہ پوشیدہ اور اس سے بھی زیادہ پوشیدہ کو جانتا

ہے۔ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے سب نام اچھے ہیں۔"

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۔ اِنَّنِیْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِیْ لا وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِیْ (سورة طه)

"اور میں نے تجھے پسند کیا ہے جو کچھ وحی کی جارہی ہے اسے سن لو بے شک میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں پس میری ہی بندگی کرو اور میری ہی یاد کے لیے نماز پڑھا کرو۔"

اِنَّمَآ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَط وَسِعَ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا (سورة طه)

"تمہارا معبود ہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اس کے علم میں سب چیز سما گئی ہے۔"

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِیْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ (سورة الأنبياء)

"اور ہم نے تم سے پہلے ایسا کوئی رسول نہیں بھیجا جس کی طرف یہ وحی نہ کی ہو کہ میرے سوا اور کوئی معبود نہیں سو میری ہی عبادت کرو۔"

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِی الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ق اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (سورة الأنبياء)

"اور مچھلی والے جو جب غصہ ہو کر چلا گیا پھر خیال کیا کہ ہم اسے نہیں پکڑیں گے اندھیروں میں پکارا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے تو بے عیب ہے بیشک میں بے انصافوں میں سے تھا۔"

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ (سورۃ المومنون)

''سو اللہ بہت ہی عالیشان ہے جو حقیقی بادشاہ ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں عرش عظیم کا مالک ہے۔''

وَيَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ۔اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ سجدۃ (سورۃ النمل)

''اور جو تم چھپاتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو سب کو جانتا ہے۔ اللہ ہی ایسا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور وہ عرش عظیم کا مالک ہے۔''

وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ فِي الْاُوْلٰى وَالْاٰخِرَةِ ز وَلَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (سورۃ القصص)

''اور وہی اللہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں دنیا اور آخرت میں اسی کی تعریف ہے اور اسی کی حکومت ہے اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔''

وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ قف كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ (سورۃ القصص)

''اور اللہ کے ساتھ اور کسی معبود کو نہ پکارو اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں اس کی ذات کے سوا ہر چیز فنا ہونے والی ہے اسی کا حکم ہے اور اسی کی طرف تم لوٹ کر جاؤ گے۔''

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ز فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (سورۃ فاطر)

''اے لوگو! اللہ کے اس احسان کو یاد کرو جو تم پر ہے بھلا اللہ کے سوا کوئی اور بھی

خالق ہے جو تمہیں آسمان اور زمین سے روزی دیتا ہو اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں پھر کہاں الٹے جا رہے ہو۔''

اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ

(سورۃ الصافات)

''بے شک وہ ایسے تھے کہ جب ان سے کہا جاتا تھا کہ سوائے اللہ کے اور کوئی معبود نہیں تو وہ تکبر کیا کرتے تھے۔''

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ (سورۃ الزمر)

''یہی اللہ تمہارا رب ہے اسی کی بادشاہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم کہاں پھرے جا رہے ہو؟''

حٰمٓ ۔تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ، غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ لا ذِى الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ (سورۃ غافر)

''حٰمٓ۔ یہ کتاب اللہ کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو غالب ہر چیز کا جاننے والا ہے۔ گناہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا قدرت والا ہے۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔''

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَیْءٍ م لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ (سورۃ غافر)

''یہی اللہ تمہارا رب ہے ہر چیز کا پیدا کرنے والا اس کے سوا کوئی معبود نہیں پھر کہاں الٹے جا رہے ہو؟''

هُوَ الْحَیُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ ط اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ (سورۃ غافر)

''وہی ہمیشہ زندہ ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس اسی کو پکارو خاص اسی کی بندگی کرتے ہوئے سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہان کا پالنے والا ہے۔''

رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا م اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِیْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ ط رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِیْنَ ط (سورۃ الدخان)

''آسمانوں اور زمین کا رب ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے اگر تم یقین کرنے والے ہو اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا بھی۔''

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ ط وَاللّٰهُ یَعْلَمُ مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ

(سورۃ محمد)

''پس جان لو کہ سوائے اللہ کے کوئی معبود نہیں اور اپنے اور مسلمان مردوں اور مسلمان عورتوں کے گناہوں کی معافی مانگیے اور اللہ ہی تمہارے لوٹنے اور آرام کرنے کی جگہ کو جانتا ہے۔''

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ (سورۃ الحشر)

''وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں سب چھپی اور کھلی باتوں کا جاننے

والا ہے وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔"

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (سورۃ الحشر)

"وہی اللہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ بادشاہ پاک ذات، سلامتی دینے والا امن دینے والا، نگہبان زبردست، خرابی کا درست کرنے والا بڑی عظمت والا ہے۔ اللہ پاک ہے اس سے جو اس کے شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہی اللہ ہے پیدا کرنے والا ٹھیک بنانے والا صورت دینے والا، اس کے اچھے اچھے نام ہیں سب چیزیں اسی کی تسبیح کرتی ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں اور وہی زبردست حکمت والا ہے۔"

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ

(سورۃ التغابن)

"اللہ ہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ ہی پر ایمانداروں کو بھروسہ رکھنا چاہیے۔"

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا

(سورۃ المزمل)

"وہ مشرق اور مغرب کا مالک ہے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں پس اسی کو کارساز بنالو۔"

قرض ادا کرنے کی دُعا

سوتے وقت مندرجہ ذیل دُعاء پڑھنا مسنون ہے، لٰہذا اپنے متعلقین اور متعلقات کو یہ دُعا سکھا دیجئے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی صاحبزادی حضرت فاطمہؓ کو یہ دعا پڑھنے کی تاکید فرمائی تھی:

اَللّٰھُمَّ! رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ مُنْزِلَ التَّوْرٰۃِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْفُرْقَانَ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَا صِیَتِہٖ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنِ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ} (صحیح مسلم ۔ تفسیر مسجد نبوی ۔ صفحہ ۵۳۲)

ترجمہ: ’’اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے اور عرشِ عظیم کے رب! اے ہمارے اور ہر چیز کے رب! اے تورات و انجیل اور قرآن کے اُتارنے والے! اے دانوں اور گٹھلیوں کے اُگانے والے! تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، میں تیری پناہ میں آتا ہوں ہر اُس چیز کی برائی سے کہ اس کی چوٹی تیرے ہاتھ میں ہے، تو اول ہے کہ تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا، تو ہی آخر ہے کہ تیرے بعد کچھ نہیں، تو ظاہر ہے کہ تجھ سے اونچی کوئی چیز نہیں، تو باطن ہے کہ تجھ سے چھپی ہوئی کوئی چیز نہیں، ہمارے قرض ادا کردے اور ہمیں فقیری سے غنا دے۔‘‘

حضرت ابو صالح رحمۃ اللہ علیہ اپنے متعلقین کو یہ دُعا سکھاتے اور فرماتے، سوتے وقت داہنی کروٹ پر لیٹ کر یہ دُعا پڑھ لیا کرو۔ (تفسیر ابن کثیر، جلد ۵، صفحہ ۲۶۸)

فراخی رزق کیلئے مسنون دعا

امام حسن رضی اللہ عنہ کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں عجیب دُعا سکھائی

حضرت امیر معاویہؓ کی طرف سے حضرت حسنؓ کا وظیفہ مقرر تھا، ایک لاکھ درہم۔ ایک ماہ وظیفہ آنے میں دیر ہوگئی اور بڑی تنگی آئی تو خیال آیا کہ خط لکھ کر یاد دلاؤں قلم اور دوات منگوایا پھر یکدم چھوڑ دیا۔ قلم کاغذ سرہانے رکھ کر سو گئے، خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا، حسن! میرے بیٹے ہوکر مخلوق سے مانگتے ہو؟ کہا: تنگی آگئی ہے۔ تو فرمایا: تو میرے اللہ سے کیوں نہیں مانگتا؟ کہا: کیا مانگوں؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں مندرجہ ذیل دُعا سکھائی:

اَللّٰهُمَّ اقْذِفْ فِيْ قَلْبِيْ رَجَآءَ كَ. وَاقْطَعْ رَجَآئِيْ عَمَّنْ سِوَاكَ حَتّٰى لَا اَرْجُوْ اَحَدًا غَيْرَكَ اَللّٰهُمَّ وَمَا ضَعُفَتْ عَنْهُ قُوَّتِيْ وَقَصُرَ عَنْهُ اَمَلِيْ. وَلَمْ تَنْتَهِ اِلَيْهِ رَغْبَتِيْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ مَسْاَلَتِيْ وَلَمْ يَجْرِ عَلٰى لِسَانِيْ مِمَّآ اَعْطَيْتَ اَحَدًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ مِنَ الْيَقِيْنِ فَخَصِّنِيْ بِهٖ يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ۔

کیا زبردست دُعا ہے، بیٹا یہ دُعا مانگ۔ چند دِن کے بعد ایک لاکھ کے بجائے پندرہ لاکھ پہنچ گیا۔ (الارج، ابن ابی الدنیا: ۳......۸۶۔ الدعاء المسنون، صفحہ ۵۲۰)

باب نمبر 8

روزی کا انجام

روزی کا انجام

حضرت عمرو ابن عوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کی قسم میں تمہارے فقر و افلاس سے نہیں ڈرتا ہوں، البتہ مجھے ڈر ہے کہ دنیا تم پر کشادہ کر دی جائے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر کشادہ کی گئی تھی پھر دنیا کی محبت و رغبت میں اُسی طرح گرفتار ہو جاؤ جس طرح تم سے پہلے لوگ گرفتار ہوئے تھے۔ اور یہ دُنیا پھر تم کو ہلاک کر دے جس طرح تم سے پہلے لوگوں کو ہلاک کیا تھا۔ (بخاری و مسلم)

کیونکہ ضرورت سے زائد دنیا ہی غفلت اور گمراہی کے سبب بنتی ہے چونکہ دنیا کی محبت تمام گناہوں کی جڑ ہے البتہ مالداری اس شخص کو مضر نہیں جو اللہ سے ڈرتا ہو۔

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ جب تو دیکھے کہ خداوند تعالیٰ بندہ کو باوجود اس کے گناہ کرنے کے دنیا کی محبوب ترین چیزیں عطا فرماتا ہے تو سمجھ لے کہ یہ استدراج ہے یعنی ڈھیل اور مہلت ہے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔

فَلَمَّا نَسُوْا سے۔۔۔ فَإِذَا هُمْ مُبْلِسُوْنَ تک۔

ترجمہ:

جب کافر اس نصیحت کو بھول گئے جو ان کو کی گئی تھی تو ہم نے ان پر ہر چیز کے دروازے کھول دیئے یہاں تک وہ ان کی دی ہوئی چیزوں پر اترانے لگے پھر اچانک ہم نے ان کو عذاب میں پکڑ لیا اور وہ حیران رہ گئے۔

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی دُنیا کو عزیز و محبوب رکھتا ہے۔ (اس قدر محبوب رکھتا ہے کہ خدا کی محبت پر غالب آ جائے) وہ اپنی آخرت کو نقصان پہنچاتا ہے۔ پس تم اس چیز کو اختیار کرو جو باقی رہنے والی ہے اور اس چیز کو چھوڑ دو جو فنا ہو جانے والی ہے۔

آخری بات:

زندگی کی کشتی کو دنیا کے سمندری میں شریعت کی حفاظت میں چلاتے رہو گے تو آخرت کی منزل تک سلامتی سے پہنچ جاؤ گے اور منزل کی کامیابی نصیب ہوگی اور اگر زندگی کی کشتی کو دنیا کے سمندر میں ڈبودو گے تو فنا ہو کر نامراد ہو جاؤ گے۔ جو آخرت کو اپنا مقصد اور نصب العین بنائے گا اللہ تعالیٰ اس کے دل میں سکون اور اطمینان نصیب کریں گے۔ اور اس کی روزی آسان کر دیں گے۔ اور جو آخرت کو پس پشت ڈال دیتا ہے اور دُنیا کو مقصد اور نصب العین بنالیتا ہے اس کے دل میں پریشانی اور بے چینی رہتی ہے۔ اور روزی اتنی ہی حاصل ہوتی ہے جو تقدیر میں لکھی ہوتی ہے۔ حرص اور لالچ کرنے سے تقدیر سے زیادہ نہیں ملتی ہے خوب سمجھ لو۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، چار باتیں ہیں اگر وہ تجھ میں پائی جائیں تو دنیا کی چیزیں نہ ملنے کا کوئی غم نہیں۔

پہلی	امانت کی حفاظت کرنا
دوسری	سچی بات کہنا
تیسری	اخلاق کا اچھا ہونا
چوتھی	حرام روزی سے بچنا

ترمذی وغیرہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے انسان! تو میری بندگی (تابعداری) میں لگ جا میں تیرے دل کو غنی کردوں گا ورنہ تیرے دل کو مشغول کردوں گا اور تیری محتاجی بند نہیں کروں گا۔

اَلْمَالُ وَالْبُنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَالْبَاقِيَاتُ الصَّالِحَاتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّ خَيْرٌ اَمَلًا۔

مال اور اولاد دُنیا کی زندگی کی زینت ہیں اور باقی رہنے والی نیکیاں تیرے پروردگار کے پاس ثواب کے اعتبار سے بہت بہتر ہیں اور اُمید کے اعتبار سے بھی بہت بہتر ہیں۔ (سورۂ کہف)

ہم یہاں ایسے رہے ویسے رہے
دیکھنا یہ ہے وہاں کیسے رہے

(مولانا سید سلمان ندوی)

ایک مومن کی زندگی کی شان یہ ہے کہ وہ حلال کمائی تلاش کرے حلال کمائی کھائے، پاکیزہ روزی حاصل کرے اور پاکیزہ روزی کھائے، تب ہی دین وڈنیا کی کامیابی ہے ورنہ تو آج حرام راستے سے حاصل کی ہوئی دولت کل قیامت کے دن جان کا وبال ہوگی اور ہلاکت کا سبب بنے گی۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حلال روزی عطا فرمائیں اور حرام سے ہماری حفاظت فرمائے۔ آمین۔

عشق و محبت کے متوالوں کے لیے خاص تحفہ

یہ عشق و محبت کا بہترین اور بے خطا عمل ہے انشاءاللہ انسان تو انسان جانور پر بھی اثر کرتا ہے آزمائش کرو، اس عمل کو بے اثر نہ پاؤ گے۔

عشق و محبت میں فوری اثر کرنے والی خاص عزیمت

اس عزیمت کے عمل کی مدد سے آپ کسی بھی شخص کو عشق و محبت میں بے قرار و بے چین کر کے صرف تین سے سات دن میں اپنے یا کسی کے پاس حاضر کر سکتے ہو۔

اہم نوٹ عزیمت کا عمل حاصل کرنے کے خواہش مند حضرات رابطہ کریں۔

عزیمت کا ہدیہ 8000 ہزار روپے

کشائش رزق و تسخیر خلائق کا مجرب ترین نقش

جن لوگوں کا کاروبار نہ چلتا ہو یا کاروبار میں خسارہ ہو رہا ہو، یا کاروبار میں خیر و برکت نہ رہتی ہو یا دکان پر گاہک اور خریدار نہ آتے ہوں یا شریک کار نقصان پہنچا رہا ہو، طبی شفا خانہ، یا ایلو پیتھی کلینک میں مریض نہ آ رہے ہوں، یا ملازمت نہ مل رہی ہو، یا ملازمت میں ترقی نہ ہوتی ہو، یا افسر بالا ناراض ہوں، یا کسی بھی عامل کے پاس لوگ فیض کے لیے نہ آتے ہوں۔ اس نقش و عمل کی برکت سے کاروبار میں ترقی ہوگی۔ بند شدہ کاروبار اور رزق میں کشادگی ہوگی۔ دشمن دوست ہوں گے، افسر بالا مسخر ہوں گے جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے تو مٹی بھی سونا بن جائے گی۔ قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ ہر جائز خواہش پوری ہوگی تاجر حضرات کو تجارت میں بے پناہ فائدہ ہوگا۔ وہ لوگ جن کا رابطہ زیادہ مخلوق سے ہو مثلاً سیاسی لیڈر، وکلا، ڈاکٹر، حکیم، دکاندار، صحافی، پراپرٹی ڈیلر، ٹھیکیدار، ایجنٹ، الغرض پبلک ریلیشن سے تعلق رکھنے والوں کے پاس عوام کی بھیڑ ہوگی۔ لوگوں کا ہجوم اور جمگھٹا لگا رہا کرے گا۔ گاہکوں، معتقدوں، مریدوں اور سائلوں کا تانتا بندھا رہے گا۔ یہ نقش و عمل عجوبہ روزگار ہے۔ اس نقش و عمل کی موجودگی میں کسی دوسرے عمل تسخیر یا نقش تسخیر کی ہرگز ضرورت نہیں۔ یہ نقش حُب اور فتوحات و رجوعات کا بادشاہ ہے۔ ضرورت مند حضرات اس نقش سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

نقش کا ہدیہ 2000 روپے

روحانی و جسمانی معالج

حکیم حافظ عبد الرؤف

ماہر عملیات و تعویذات

مرکز طبی و روحانی دار الشفاء توحید پارک نزد گول مسجد امامیہ کالونی شاہدرہ لاہور

0300-4347214-0345-4190427

پیغام شفاء
جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج
ہمارے ہاں اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مندرجہ ذیل جسمانی بیماریوں سے صرف ایک ہی بار دم کروانے سے فوراً مکمل شرطیہ نجات حاصل کریں۔
شوگر
کالا یرقان
بلڈ پریشر
ہر قسم کی پتھری
دمہ
بواسیر
انشاء اللہ تعالیٰ صرف پہلے ہی ہفتے میں رزلٹ آپ کے سامنے ہوگا
ہمارے علاج وطریقہ کار کا پہلے تجربہ کریں اور بعد میں دنیا کو بتائیں۔
ہمارے ہاں مندرجہ بالا جسمانی بیماریوں سے نجات حاصل کرنے کے عملیات و تعویذات بھی سکھائے جاتے ہیں، فوری اثر کرنے والے عملیات وتعویذات سیکھنے کے خواہش مند حضرات رابطہ کریں
ہدیہ 4000 ہزار روپے
روحانی و جسمانی معالج
حکیم حافظ عبد الرؤف
ماہر عملیات وتعویذات
مرکز طبی و روحانی دار الشفاء توحید پارک نزد گول مسجد امامیہ کالونی شاہدرہ لاہور
0300-4347214-0345-4190427

اعداد متحابہ کے سری قوانین کے نادر عملیات وتعویذات

ہدیہ کتاب
5000 روپے

اعداد کی قوت، جذب اوران کی طلسماتی قوتیں، محبت جذب، اور حاضری مطلوب کے عملیات وتعویذات

اس کتاب میں علم جفر کے مشہور قانون اعداد متحابہ کا حسابی نظام اور ان کے عملیات و تعویذات درج کئے گئے ہیں۔ جس طرح مقناطیس لوہے کو کھینچتا ہے اسی طرح اعداد متحابہ میں انسانی قلب کو کھینچنے کی قوت ہے۔ یہ جاننا کہ دو اعداد میں قوت کشش کتنی ہے اور کشش ہے بھی یا نہیں۔ کون سے اعداد طالب ہیں اور کون سے اعداد مطلوب ہیں۔ معشوق کے اعداد کو عاشق کیسے کیا جاتا ہے، اور مغلوب اعداد کو غالب کیسے کیا جاتا ہے وہ کون سے اعداد ہیں جو قلب انسانی کو متوجہ کرتے ہیں اوران سے کیسے کام لیا جاتا ہے۔ جب آپ محبت یا حاضری مطلوب کا نقش بنائیں تو یہ معلوم کریں کہ ان کے اعداد میں قوت ہے یا نہیں۔ اگر قوت نہ ہوگی تو آپ کا عمل ضائع ہو جائے گا۔ اس کتاب میں صرف عشق ومحبت اور حاضری مطلوب کے عملیات وتعویذات درج ہیں۔ اگر آپ نے اس قانون کو سمجھ لیا اور حل کر لیا تو جان لیں کہ مطلوب ایک لمحہ میں حاضر ہوگا۔